
حسنت جمیع خصالہ صلوا علیہ وآلہ


الحمد للہ القدیر کہ مدائح البشیر و نذیر من محمد حسین فقیر بمبئی اعتنی



بفرمایش مولوی شیخ عبدالحق صاحب ساکن بنت بہ تصحیح تمام


در مطبع فاروقی دہلی محمد معظم طبع نمود

آئینۂ کعبہ



بسم الله الرحمن الرحیم

بعد حمد وثنای قدوس خلّاق نفوس ونعت وصلوٰة ذو براهین محسوس شفیع یوم قمطریر
وعبوس عرض کثیر العصیان راجی غفران محمد حبیب الرحمن ابن فروه شعاع مهر منیر
عشق البشیر ونذیر مولوی محمد حسین صاحب متخلص فقیر سلمه الله القدیر ابن الشیخ محمد اسمعیل
غفرهما الله الجلیل است که مساکین اهل عشق مدینهٔ منوره را صلاء عشاق جناب سلطان
طیبهٔ طیبه را نوید جان فزا که مسخر دلهای عالم الی مدینة الرسول الاکرم مذکر حب سید ولد آدم
صلی الله علیه وسلم چون معراج لیلا بر در مجنونان عشق رسول کبریا رسید ولیالی دلهای
غبار ور جال بصبح انتباه شد رحال الی الحرمین الشریفین مبدل گردانید یعنی این سفینه
عشق مدینه نتیجه طبع والد محترم این حقیر اعنی مخدومی فقیر از بهر شهره مشتاق
ارض مدینه معالیش رو نمود ودل از دست ربوده بشوق نبی حرمت بود اللهم تقبله منه وصل الی ما تمنیناه انک سمیع قریب



بسم اللہ الرحمن الرحیم

ملا میری قلم کو حسن بسم اللہ کی مد کا
ہوا جب عزم حمد کبریا و لغت احمد کا

نہو حسن چشم دل مین جلوہ گر وہ نور مقصد کا
تو کیون مسکن نہو دل اضطراب ورد تہجد کا

سر دیوان کہنچواونگا نقشہ پاک مرقد کا
بہت مشتاق ہون مشہود ہین جن کے مشہد کا

یہ کسکا نور روشنگر ہی وس قندیل گنبد کا
کہ ہی ہر لمعہ جسکا رہنما نور مجرد کا

زبان بصر بہی جو دیکھتین جلوہ محمد کا
تو ہوتا قطع نا ہو دل کا وہان مجہود ہو کا

جو تعلیم و تعلم مین نہو مفتاح حمد و لغت
تو بنجائی دہن پر نقطہ ابجد قفل ابجد کا

یہ کسکی چشم آسو گر گئی ہجرت مدینی کو
کہ جسکا منتظر اتنک ہی دیدہ سنگ اسود کا

جہان ہی سطح عالم مین دل ہی اسطرف مایل
ملا قلب مدور کو وہ مرکز کاف گنبد کا

بجہایا اک نظر مین التہاب آتش دل کو
وہ برج سبز نی چہینٹا دیا آب مرود کا

نظر کیونکر رسا ہو وہان شعاع مہر کی صورت
درازی تھنا کسقدر ھی سبکو احمد کی
جو سنگستان طیبہ شکل نیک و بد دکھاتے ھین
رسول اللہ کی الوف ہان ارواح آتین ھین
کمر بستہ ھین وہ تخفیف امت کے لئی ہر دم
امان ھی حصن سنت جسقدر یاجوج شیطان سے
عجب کیا ھی اگر تفعیل ابواب جنان مین ہو
ظہور اسم احمد فعل التفضیل ھی جس مین
جو مولا کی غلام آزاد ھین غمسی وہ زائر ھین
عناصر عشق یکتا کی جہاں سی ہونگی ناجی
دیار مصطفی پر نور مثل قلب مومن ھے
اشارا ھی بقیع پاک مین سب غرق رحمت ھین
قرین مصطفی جسنی نہ دیکھا ہو بلال ایدل
حضیض نار مین ہوئیگا مثل کعب بو رافع
غنی مخلوق سی کیونکر نہ وہ سلطان عالم ہو
احد مین اور احمد مین جو عینیت کے قائل ھین
زبان حال سی میم دہن سے یہی گویا آج
حدیث احمدی میم جو مشہور کرتے ھین
جو کہتی ھین عرب کے عین کا ہو تمیز یت اونکو

ہجوم نور حاجب ھی رخ محفوظ مرقد کا
مزار مختفی پر ھی ہجوم عشاق ممتد کا
کہان رتبہ کسی قصر قواریر ممرد کا
تعارف ھی وہ ھین حضرت سے ہر جند مجند کا
محمد مین اشارا ھی یہی میم مشدد کا
نہین پایہ حفاظت مین ذو القرنین کے سد کا
ہوا ھی اشتقاق اس باب سی اسم محمد کا
سراپا فضل ھی یہ اوس ثلاثی مجرد کا
یہان آزاد ہونا شرط ھی عبد مقید کا
ہوا اون اس مرکب مین مزاج و حسن مفرد کا
دیار ہند پر ظلمت گویا دل ھی مرتد کا
نہین حکمت سے خالی سبز ہونا اوسمین غرقد کا
جدار کعبہ مین دیکھی قرینہ سنگ اسود کا
عدو کی مصطفے ساکن ہو گو برج مشید کا
توکل ھی خدا پر خاص تکیہ جسکے مسند کا
شعار بد ھی یہ شیوہ ھی ہر بد دین کا بد کا
انھین ملعون و مرتد کہہ رہا ھی میم احمد کا
ٹھکانا وہ بھی لیتی ہر کذاب معتد کا
معاذ اللہ بہتان ھی نہین یہ قول احمد کا

وہ تشدید اونکو آرہ بنکی یارب جیر ڈالی آج
عرب بھی کچھ نہ سمجھی فرق جو رب مشدد کا

معاذ اللہ توبہ ھی معاذ اللہ توبہ ھے
عقیدہ کافرون کا سا ھی ایسی واجب الحد کا

مرا اردو سخن مشہور ھی مکے مدینے مین
عرب بھی قدر دان ہے کیا مری تیغ مہند کا

ہزارون ہو ہینگے منسوخ دیوان اہل باطل کے
زمین شعر مین اوترا یہ قرآن نعت احمد کا

عجب کیا بحر شعر نعت ہر یک بحر رحمت ھے
گران میزان مین ہو وزن اپنی اشعار مجود کا

تجلیگاہ مدح مصطفی ھی طور دل جب سے
طبیعت ہے مری آمد کو ھی شیوہ خوشامد کا

جناب مصطفی کا ذکر بھی معجز نما گر ہو
تو ہووی پوتھیون قدسی وحی دیوان مجلد کا

کھین ہے انقباض دل کھین ہے انبساط دل
اثر ھی یہ مری بحر سخن کی جزر کا مد کا

فقیر اشعار مین تیری بھی ہی کچھ تو سکون دل
یہ ماناہان شہیدی کا قصیدہ ھی مد و شد کا

جو دل ھی عاشق جان جہان یعنی محمد کا
تو مژدہ اسکو ھی ہان زندگانی مخلد کا

ھوئی مکتفی اک داستان حسن احمد کا
قلم یہ دو زبان ہے آج اگر بن جائی دو صد کا

نماز مسجد احمد ملی تھی سر کو گھس گھس کر
غضب ہے چھوٹنا ایسی عبادت ایسی معبد کا

فرشتے ھین بشر مین جن ہین اور ارواح حاضر ھین
نھین کس کس کو جوش اشتیاق اوس پاک مشہد کا

دیار رحمۃ للعالمین ھی راحت ارواح
مدینہ نام ھی اللہ کی رحمت کی مورد کا

زمانہ مین اب و جد افتخار نسل ہوتی ہین
رسول اللہ ہی افتخار اونکی اب و جد کا

عجب کیا وہ قلم بنجائی خود شمشاد جنت مین
کہ جس سے وصف لکھا جائی اوس موزون قد کا

قرین ہے رحمت خاص اسطرح ذات محمد سی
کہ صلی اللہ ھی جیسی انیس اسم محمد کا

علو معنوی مین اوسکا رتبہ اس سے اعلی ھی
وہ برج سبز کو ہمرنگ ہی لوح زبرجد کا

یہی ہین نگاہِ شوق ہو اور گوہرِ دیوار ۔ حرم مین کاش لب ہون اور بوسہ سنگِ اسود کا

خیالِ برج سبز او دلِ پرخون ہم یون ہین ۔ کہ گویا قصرِ یاقوتی ہی اور قبہ زمرد کا

زیارت گاہ مین گویا کہ میدانِ شفاعت ہی ۔ کھڑا ہی منتظر ہر کوئی اونکی آمد آمد کا

اگر وہان بھی نکیرین آکے صورت دکھاینگے ۔ تو ہمکو خوف کیا ہی گوشۂ تاریکِ مرقد کا

دلِ عالم ہی مثلِ سایہ افتادہ تعشق مین ۔ حدوثِ حسنِ احمد ظل ہی گویا حسنِ سرمد کا

مقامِ قابِ قوسین اونکو جیسا کچھ ملا حق سے ۔ رسا کس سے ہوا ایسی ہدف تک تیر مقصد کا

سگِ اصحابِ کہف آسا فقیر اوس خاکمین مل تو
کہ ہو جائیگا چھٹکارا شمولِ پاک مین بد کا

الہی کاش کلکِ نور و صفحہ حورِ خد کا ۔ کہ یہ دیوان لکھتا ہون مین توصیفِ محمد کا

الہی وہ محبت دے کہ جسمین ہو رضا تیری ۔ الہی لطف تیرا ہو انھیں احوالِ مرقد کا

محبت مین رسولِ حق کے دی وہ قوت ایمان ۔ کہ آسان ہو ای استحکام ہمیر شرع کی حد کا

نصیب اپنے الہی اتباعِ سنت ایسا ہو ۔ کہ روح و دل کو آجائی مزا دینِ محمد کا

الہی نعت و مدحِ مصطفے یہان مجھسی وہ ہوئے ۔ کہ جسمین شرک ہان باعث ہو نارِ مخلد کا

ق
بہت مداح اترائی ہین یہان اطرا جنت مین ۔ اور اس اطرا مین وان رد ہو چکا فرمانِ احمد کا

کہ میری مدح مین اطرا انھو مثلِ نصاری کچھ ۔ کہ اونکا شان عیسی مین ہے شیوہ مدحت کا

کوئی شاعر کمالِ فن مین گو ہو موردِ تحسین ۔ اگر غالی ہی مدحت مین تو قابل ہو وہی رد کا

طوافِ روضۂ احمد کی جسکی دلمین حسرت ہے ۔ تو شرک ہے جو طائف ہے نبی کے پاک مرقد کا

سعادتمند کب غش مین رسول اللہ شرک کے ۔ عبادت ہے طواف او خاصہ ہی خاص معبد کا

خدا منہ چومتی ہے پاک ہی ورکھتی ہین شاعر ۔ خدا منہ چوم لیتا ہی جو نام آتا ہی احمد کا

جناب

جناب حق مین کهنا گستاخی هی توبه هی
جو یون کهتا نهو تا دخل یهان شیطان کو ضد کا

که سیر الطق کے منه کو هر دم چوم لیتا هے
جب آسیر نام آتا هی محبت سی محمد کا

بهت یاد آ گئی قید حدید یار مین سوخے
نهین جس شوخ کو بهائی بیان مدح مقید کا

تکلم نعت مین بدعت مین هوئی لطف سے خالی
نهو بهتان جو یون کیا فتنهای تجدید کا

کلام اهل طغیان هی قبول عام ایسا کچهه
که گلدسته هی گویا محفل رسوم مولد کا

بجنسه جو یهان هر شاعر مداح کو دیکهو
که اکثر کو نهین کچهه پاس شرع و دین حد کا

سخن سے اونکے کیونکر شرک و بدعت کو نهو رونق
که جنکے ساته رهتا هی هجوم اهل خوشامد کا

مضل الاحتمال گو اپنے تئین سمجهے هدایت فن
خدا خود جانتا هے حال هر گمراه و مهتد کا

کوئی اسیر نهو سرکش که مین کچهه چیز هون بد
جو سیر کے گرد هی هردم هجوم اعناق ممتد کا

لگا کر خون اهل سنت کے کب هی قصید و تحسین
نهو وه سعد اگرچه نام هوئی سعد اک بد کا

بهت شاخ زینت وسی هین اشراک و بدعت کی
لطا هر نام کے عشق نبی کا نعت احمد کا

خدا کی حمد هو نعت نبی هو امر دین جو هو
قبول حق هی وه محدود هے جو دین کے حد کا

الهی تنگ هو میدان اهل شرک و بدعت پر
مری قرطاس و خامه کو بنا دی وه پهر گرد کا

الهی نعت مین وه ید طولی که پهر جسمین
نه هتک شرع هو اور هوئی باعث خیر سرمد کا

هزاروں اهل دیوان کهین دیوانی هو نگی
که اب تیا هی شهره سیر کے دیوان مجدد کا

فقیر اب شاعران بدعتی گویا هوئی مقتول
بجا هی سیف سنت نام سیر کے خامه وید کا

غزل در منقبت خلفای رسول کریم علیه و علیهم الصلوة و التسلیم

عجب رتبہ کیا اللہ نے صدیق اکبر کا
بنایا غار مین بھی اونکو یار اپنی پیمبر کا

مقرب ھین وہ برزخ مین قیامت مین بھی ہونگی
محمد سی نتھا کچھہ قرب اونکو زندگی بھر کا

قرابت ایسی وسن بنت عائشہ کو ھی محمد سی
کیا حق نے رسول اللہ کو زوج اوسکی دختر کا

وہ بعد از انبیا اور مرسلین کے سب سے افضل ہین
بیان کیا کیا ہو مجھسی وصف اوس محبوب سرور کا

جناب ابن خطاب ایسی عالی قدر اور خطیب ایسی
کہ اونکی ذات عالی فخر ھی محراب و منبر کا

ہزارون لشکر کفار سی دریا می خون پیکر
وھین لب خشک تھا اونکی سنان تیر و خنجر کا

یہ ایسی راز دار مصطفے ھین والد حفصہ
نھین چال ایسی کچھہ مخفی رسول اللہ کے گھر کا

رہا جو بھاگتا شیطان ہمیشہ انکی سایہ سی
وہ سایہ معنی لاحول تھا کیا اس مظفر کا

وہ کان صبر و حلم و جود و ایمان و حیا عثمان
ہوا تھا ازدواج اونسی رسول حق کے دختر کا

نکاح ثانیہ بھی بعد اولی ہو گیا اونسی
یہ ذی النورین نام اسواسطے ہے اوس مطہر کا

عجب ترتیب قرآن جامع قرآن نے کی گویا
دکھایا ہمکو نقشہ لوح محفوظ و منور کا

شھید حق نے بلوی ہین و یاسر اور نمار ادم
کہ تا مجھسی نہو مفتوح باب اس فتنہ و شر کا

علی مرتضی زوج بتول معدن عصمت
کہ شہر علم احمد سی وہ تھین رتبہ ملادر کا

رسول اللہ عالی شان کو تھی ایسی یہ الفت
کہ جیسی پیار ہوتا ہی برادر سی برادر کا

سخاوت مین شجاعت مین عبادت مین تہا دشمن
کمال انکا سبب ہے رونق دین پیمبر کا

ہمیشہ انپہ رضوان خدا نازل رہی جبتک
طلوع مہر ہو دنیا مین اور ہوا دن محشر کا

فقیر اپنی شفاعت کا وسیلہ ہے قیامت مین
محمد کا ابوبکر و عمر عثمان و حیدر کا

نکیون ہو دل سی زبان پر ہزار شکر خدا
دکھایا شہر نے لاکھہ بار شکر خدا

مزار

ہزار شافعِ روزِ شمار دکھلایا — کروںمین کیون نہ ادا بی شمار شکرِ خدا

یہہ قربِ رحمتِ حق تہا اور اوسکی قدرت تہے — ادا ہوا جو قریبِ مزار شکرِ خدا

دکھائی مجکو مدینی کی رات دن وسنی — تو مجھپہ فرض ہی لیل و نہار شکرِ خدا

مزا مدینی کی پانی کا یاد آتا ہی — تو آہ سرد ہی اور بار بار شکرِ خدا

علاوہ نعمتِ حق ایک ایک یہ مجھی — نکر سکا دلِ بی اختیار شکرِ خدا

فزون ہو شکر سی نعمت تو قربِ احمد ہو — کر کر رہا ہی یہ امیدوار شکرِ خدا

دکھایا شہرِ محمد کا کاروبار مجھے — تو کیون ہنوئی مرا کاروبار شکرِ خدا

فقیر ایک یارت ہی لاکہہ نعمت ہی
ہزار شکرِ خدا صد ہزار شکرِ خدا

ذاتِ نبی پہ لاکہہ بار دم مین ہو جودِ کبریا — اونپہ درودِ کبریا اونپہ درودِ کبریا

کیون ہنو اُنکی لیی سجدو ہی شما اجی — آپ ہی ختم تک ہے یہ نظمِ حدودِ کبریا

جنکو ہی حبِ احمدی بس وہی ہین خدا کی دوست — جو ہین حسودِ مصطفے ہین وہ حسودِ کبریا

اب شفاعتِ نبی کا سن وہان ملی ہمین — کیونکہ بہت ہی گرم ہی آتشِ حسودِ کبریا

ہوئی مدینہ رسول کیونکی نہ کافرو نپہ قہر — جسمین ہمیشہ رحمتین ہو ئین جنودِ کبریا

مسجدِ مصطفے مین ہی سجدہ ہوا مجھی نصیب — چاہیی شکر مین مدام سر بسجودِ کبریا

گنگ ہے خوب جو زبان چاہیین پھر ایسی کان
جن سے ہنوئی ای فقیر گفت و شنودِ کبریا

کسینی نفس کو پھر سفر مارا تو کیا مارا — قدم راہِ مدینہ چھوڑ کر مارا تو کیا مارا

یہ سر سٹ جائے گھسکر مسجدِ احمد مین اگر کاش — یہان کی مسجدو نمین ہند کی سر مارا تو کیا مارا

جو خوشبوئی مدینہ لای تو ہو جابی رشک حور — گلستان کا دم آپے باد سحر مارا تو کیا مارا

کہان تو اک ہوا ن ولکا کہان وہ گنبد خضر — جو نعرہ تو نی آہ بی اثر مارا تو کیا مارا

غلام اپنے جنو نکا خار صحرائی مدینہ ہے — کسے فصاد نی یہان نشتر مارا تو کیا مارا

نہ آیا صید عشق مصطفے گر تشنگی جان مین — یہان اس جال سی ہر صید گر مارا تو کیا مارا

مقابل یک نگاہ روزن در کے وہان دلبر — کسی معشوق نی تیر نظر مارا تو کیا مارا

بہار رخصت کے دن وران پھر وہان بیقرار ہین — خدا جانی در محبوب پر مارا تو کیا مارا

تہا ظاہر تعجال ون جالیونکی ہا میں حیران ہن — الٰہی مرغ دل پر پھینک کر مارا تو کیا مارا

بجہایا آتش دل کو اگر آب مدینہ نے — نہین یہ زہرہ نار سقر مارا تو کیا مارا

غنی دم ہو ینگی ہے حجر کعبہ یک فرخمین — غنا کا دم اگر یہان عمر بہر مارا تو کیا مارا

مہوس خاک طیبہ ہو تو ابہی کیمیا بنجائے — یہان سیماب بہر سیم و زر مارا تو کیا مارا

مدینے مین نہ آئی موت یہجان فقیر افسوس
قضا نی ہند مین تجکو اگر مارا تو کیا مارا

جب مدینے سے ادہر عیر نے منہ پہیر لیا — چشم مقدار سے تنویر نے منہ پہیر لیا

طفل اشک اپنی ہین بی آب مدینہ بیتاب — کہ ان اطفال سی دوس شیر نے منہ پہیر لیا

جسم میرا نہوا خاک مدینہ افسوس — اس مس عیب سے اکسیر نے منہ پہیر لیا

ہم مسافر ہوئی جب گنبد خضر سے قریب — کیا ہی ہر شکل سے تغیر نے منہ پہیر لیا

پہرتے کیا جالیونسی دیدہ محو دیدار — کہین دیکہا ہے کہ تصویر نے منہ پہیر لیا

ہوئی تکمیل صلوۃ ایسی نبی ہین مہیب — مجہسے ذکر مری تقصیر نے منہ پہیر لیا

حب دنیا ہی جسی طیبہ اطہر مین ہے — نجس العین سے تطہیر نے منہ پہیر لیا

برجا

جسکے تقدیر مین دیدار شفاعت ہے نہین … سچ ہے اوس شخص کے تقدیر نے مُنہ پہیر لیا

چلتے کیا پانو مدینی سی ادہر کو جو اودہر … ومبدم عاشق دلگیر نے مُنہ پہیر لیا

دیکہی وصل مدینہ کبہی پہر ہو کہ نہو … یہان مری آہ سی تاثیر نے مُنہ پہیر لیا

اہل غفلت کو مدینی کا سفر کیون ہو نصیب … اونکی بدخواب سی تعبیر نے مُنہ پہیر لیا

کاش تحریر رقابت اس سے ہو گر جانب بخت … ہر طرفسی مری تحریر نے مُنہ پہیر لیا

توہی مداح رسول عربی آج فقیر
کس زبان سے تری تقریر نے مُنہ پہیر لیا

وصل مین حیرت دیدار نے سونی ندیا … ہجر طیبہ مین دل زار نے سونی ندیا

شادی مژدہ رحمت سے ہے گویا بخواب … جسکو دردِ سر ابرار نے سونی ندیا

ایسی باہم رہے وہان محو صلوۃ و تسلیم … چشم زوار کو زوار نے سونی ندیا

خفتہ بخت آہ مدینی سی ہم آئے اوٹہکر … کیون وہین پانو نکو رفتار نی سونی ندیا

بے مدینہ ہے وہی نالہ دل یہان افسوس … فتنۂ دل کو غم یار نی سونی ندیا

بخت بیدار مدینی مین رہے یون اپنے … گویا بیدار کو بیدار نے سوئی ندیا

تہک کے سوتی ہین جو ہے قبر مین دیکہو تو ہی … جنکو یہان کار نے اور بار نے سونی ندیا

سوئینگی نار مین محروم زیارت جنکو … یہان غم درہم و دینار نے سونی ندیا

چشم دل کیون نہو بیدار مدینی مین کہ وہان … رویت رحمت غفار نے سونے ندیا

جا لیونگی جو کہلی رہ گئین آنکہین اہل دل … اونکو کس جلوۂ دیدار نی سونی ندیا

اوڑگئی نیند یہان اونکی جن آنکہو نکو وہان … حیرت گوہر و دیوار نے سونے ندیا

کیا ہی آرام کا مرقد تہا بقیع الغرقد … پہ وہان بخت نکو نسار نے سونی ندیا

اونکو فردوس مین آرام مبارک ہو فقیر
جنکو یہان ہیبتِ جبارنی سونی ندیا

گرمیٔ ہجر سی چین مجہی افسوس ہے دم بہر کیون نہوا
سایۂ نخلِ مدینہ کبہی مجکو بہی میسر کیون نہوا

رہتی دور ہمیشہ خدایا دامن ولسی نجاستِ ہند
عاشق احمد کا ہی وطن وہ طیبۂ اطہر کیون نہوا

ایسا نہوا ایجانِ حزین آجائی پیامِ اجل تجکو
پہر یہ الم ہوا ایک سفر ہی سوی پیمبر کیون نہوا

بستر خواب ہند ہوا ہی بسترِ خار اسی غم مین
خاک مدینہ پر میرا ہی حیف ہی بستر کیون نہوا

رشک ہے چرخ اخضر سی یہ ہر دم دیکہہ رہا ہی پ
سامنی ان آنکہونکی یہی یون وہ گنبد اخضر کیون نہوا

دیکہکی اوسکو زندہ ہی پہر کریون نہ کہین چہپائی دل
طائرِ جان کا دام وہان وہ شبکۂ جالے انور کیون نہوا

ہوتا ہی سب تقدیر خدا سی سن تو فقیر خستہ جگر
لحظہ بلحظہ کہدیتا ہی تو یہہ کیونکر کیون نہوا

یہ مجسی پوچہی کیا ہو مدینہ کیسا مکان تہا	کہ اوسکو دیکہکی سینی مین میرے دل ہی کہان تہا
بہارِ وصل مدینہ کا اب ہی ہی دم ہی ارمان	ہوا تہا غنچۂ دل خندہ زن کہ وقتِ خزان تہا
نگاہِ دیدۂ حسرت تہی ہر طرف دمِ رخصت	مدینہ سی تو نکلنا بشکلِ نزع روان تہا

بقیعِ طیبہ مین لیجان کیون نہ گئی تو ہی	مسافرونکی لیی وہ مقامِ راحتِ جان تہا
پیامِ بوسۂ حورِ جنان تہا اپنی لیی وہ	لگا صراحیِ طیبہ سی جب اپنا دہان تہا
وہ ہتی ترشحِ رحمت مین سوزِ دل سی سلامت	جو اشک ہر پتی وہان اور سلام وردِ زبان تہا

وہانسی آگیا پہر یہان فقیر وہ ہی تو دن تہی
کہ تو ہی کرکے سفر ایکدن یہانسی روان تہا

دواءِ تپ دیرینہ بذکرِ آبِ مدینہ

ہوا وہ زندہ دل جسنی پیا پانی مدینی کا	کہ ہی صد غیرتِ آبِ بقا پانی مدینی کا
مری دلسی یہ آہِ سرد یون اکثر نکلتی ہے	کہ یاد آتا ہی مجکو برف سا پانی مدینی کا
جو ہوتا آبِ سکندر ڈہونڈتا کیون آبِ حیوان کو	چکہا دیتا اگر اپنا مزا پانی مدینی کا
ہوئی سب پانی پانی شربتِ قندو نبات اسسے	بیان کیا ہو کہ ہی جس لطف کا پانی مدینی کا
مدینہ جنۃ الفردوس ہے روئی زمین پر آج	تو مثلِ سلسبیل ایدل ہوا پانی مدینی کا
صراحی جو وہان ساقی لیی مسجد مین پہرتے ہین	الہی ولنسی پہر مجکو پلا پانی مدینی کا
مدینی کی صراحی کی صورت ہے یہ کسکا دل	صراحی نکلی پیتا ہی رہا پانی مدینی کا
ہوا پاکیزہ دامانِ دل اوسکا داغِ عصیان سے	کہ جسکو ایک چلو مل گیا پانی مدینی کا
یہ دل مشتاق ہی جسکا ہمیشہ مثلِ مستسقے	پلا یارب ہی ماءِ الشفا پانی مدینی کا
یہی جی چاہتا ہی پہانکئے خاک ہی وہانکی	ٹپہاتا ہی کچہہ ایسی اشتہا پانی مدینی کا
مری ہونٹون کو ہر دم چاٹتی ہین جان و دل میری	پیا ہونٹون نے جب سے خوش مزا پانی مدینی کا
وہین اک باغِ ایمان سبز و خندان ہے ثمر دہی	زمینِ دلمین جسکی بہہ گیا پانی مدینی کا

چلا آتا ہو مؤمنین انہار رحمت سے یہ کہتا ہے زبانِ حال سی خود ماجرا پانی مدینی کا
یہ ذوقی امر ہے اسکا بیان کیونکر زبان سی ہو کہ میٹہا ہے تو کیسا ہے بہلا پانی مدینی کا
مٹہاس اسکا زبان کیونکی جابر ہو کہ مثل قند بیان کچہ پہل کو دیتا ہے بہاپانی مدینی کا
یعنے وصف سیّد نبی برائے آل
نہو ماء الحیات اپنی لیئے کسطور وہ پانی کہ پیتی تہی جنابِ مصطفی پانی مدینی کا

فقیر اپنا نصیب اب تو سکندر سے بہی بہتر ہے
رہا محروم وہ ہمکو ملا پانی مدینی کا

ملا ہم دردمندون کی دوا پانی مدینی کا ہوا اس روحِ مضطر کے غذا پانی مدینی کا
صراحی بی زبان سے کہہ سکی کیونکر کہ رکہتا ہے نہان سترِ نہانی کا مزا پانی مدینی کا
جو اوسکو پی چکی بیخود ہین وہ لذاتِ رحمت سے وہ اکیا کہہ سکین کیا چیز تہا پانی مدینی کا
بڑہاتا ہے جو پینا اوسکا ہردم رقتِ دلکو بڑہائی کیون نہ تاثیرِ دعا پانی مدینی کا
نہوئی عاصیونکو پیاس پہر محشر مین ساری دن جو ہو جائے کچہہ اوس دن ناشتا پانی مدینی کا
عجب بے مصفی ہے کہ اپنے شکل دم بہر مین بنا دیتا ہے دلکو باصفا پانی مدینی کا
عجب کیا عین دلکو نورِ ایمان کی ترقی ہین بنائی چشمۂ شمس الضحے پانی مدینی کا
تمنا ہے کہ ملجاؤن کہین خاکِ مدینہ مین مری مرقد پی ہو چہڑکا ہوا پانی مدینی کا
نظر آنے لگے گویا ہماری صورتِ اصلی جب آیا سامنی آئینہ سا پانی مدینی کا
زبان حسرت مین مشتعل ہے پی اب بہتیا ہے کہ اس منہ سی نہو اکدم جدا پانی مدینی کا
ہمین اب مبدم رونا آئی کسطرح دل سے رقیق اپنا سا دلکو کر چکا پانی مدینی کا
لگائی جامِ کوثر کے سوا کیا اپنے منہ سی وہ ہمیشہ جسکی منہ سی یہان لگا پانی مدینی کا
عجب کیا بان اوسکا بچی نارِ جہنم سے پسینا جس بدن کا بن گیا پانی مدینی کا

مزا آب زندگی کا ہو کہ میری ہر رگ و پی مین	بشکل جان شیرین ہو رسا پانی مدینے کا
تمنا ہے جو مرتے دم ہو مجھپر تشنگی غالب	تو میری حلق مین زمزم ہو یا پانی مدینے کا
زبان تشنہ کام شوق بیتاب س و ہن مین تھے	شبوئی بی زبان سی جب طلب پانی مدینے کا
گناہون کی ندامت سے مرا دل پانی پانی ہے	کیا غفار نے جب سے عطا پانی مدینے کا
مشرف قرب احمد سی ہی یہ بہی کیا تعجب ہے	کہ ہو کوثر تک اپنا رہنما پانی مدینے کا
عجب کیا دوزخ او نکے گرد سی سب سرد ہو جائے	یہاں سی پی گیا جو قافلا پانی مدینے کا
یہ آب برف اونکی حقمین آب گرم دوزخ ہے	غنی جو جانتی ہین ہیزا پانی مدینے کا

فقیر آب و ہوائی ہند پہر کیونکر موافق ہو
جو یاد آئی مدینے کی ہوا پانی مدینے کا

صدر حسرت روح حزینہ در ذکر ہوائی مدینہ

کاش اکدن پہر چلی ائی مدینے کی ہوا	اور اوڑا کر مجکو لیجائے مدینے کی ہوا
گرمی حرص ہوائی نفس سب جاتی رہے	جو مسلمان اک ذری کہائی مدینے کی ہوا
رات دن سے جسکا گلزار محمد مین گذر	ہر ہوا پر کیون نہ اترائی مدینے کی ہوا
جان ہوا ہو جائی کفر و شرک کی جو ہند مین	ایکدم تکلیف فرمائی مدینے کی ہوا
ہند مین کیونکر جیے عاشق اگر دم کیطرح	اپنی سینے مین نہ بہر لائی مدینے کی ہوا
جان ہوا ہو جائی جبدن یا خدا اس جسم سے	یہ وہان جائی جہان پائی مدینے کی ہوا
برگ افتادہ کی صورت مسجد احمد مین کاش	دل مرا لیجا کی ٹہیرائی مدینے کی ہوا
جا رہی جو خاک عاشق بہی مدینے کی قریب	کیون مدینے مین نہ پہنچائی مدینے کی ہوا

ہر تعلق سی ہمارا دامنِ دل کھینچکر — کاش وہان کا نمونہ ہمین دکھائی مدینے کی ہوا
کون دی پنکھا مدینی کا تبرک ہمکو آج — تب زدون کو کون بھجوائی مدینے کی ہوا
کسطرح جائی مدینی سی کہین عاشق کے روح — کیا مدینہ ہی سی گھبرائی مدینی کی ہوا
جو ہوائی نفس کے بندی غنی ہین پر طمع — حیف اونکا دل نہ للچائی مدینی کی ہوا

تب شفا ہوای فقیر اپنی دلِ بیمار کو
اک ذرا دم اسپہ کر جائی مدینی کی ہوا

بی مدینہ کہان ہو جی کا مزا — موت مین جسکے زندگی کا مزا
جنکی عاشق ہزارون ہین اونکو — ہی محمدؐ کی عاشقی کا مزا
دل لگاکر مدینی سی عشاق — بہول جاتی ہین دل لگی کا مزا
بی مدینہ ہو کسطرح دل خوش — ہر خوشی مین ہی یہان غمی کا مزا
ذوق دین کی وہان ہر روز بہی — وہان تمر مین ہی اس ہی کا مزا
بوسہ حور کا نمونہ ہے — اوس صراحیؐ صندلی کا مزا
ہم تو اوس دن کو بہی روتی ہین — وہانکی رونی مین تہا ہنسی کا مزا
مثل جنت سکون دل ہی وہان — کیا کہون مسکن نبی کا مزا

دشمنِ ہند ہو فقیر جو کچھہ
ہی مدینی کی دوستی کا مزا

مینی جب دور سی وہ گنبد اخضر دیکہا — چشمِ مشتاق کو بس وقت ہی اکثر دیکہا
کیون خوشی سی نہوئی جان تن سی باہر — مینی جب آپ کو خود طیبی کی اندر دیکہا
آپ ہر عاشق و معشوق سبھی عاشق ہین — وہان ان مردو کو بیتاب برابر دیکہا

کون

کون ہے روضۂ انور مین وہ معشوق نہان — معشوقون کو بھی وہان عاشق مضطر دیکھا

ایسی گوہر پہ کرون نقد دل و جان نثار — رہنمائی رخ محبوب جو گوہر دیکھا

چوم لون اوس در شہوار کی آنکھین جسنے — جلوۂ خاص کو دیوار سے مل کر دیکھا

ہیدماغ چمنستان جہان ہی جسنے — طیبہ کو طیب محمدؐ سے معطر دیکھا

اب تو امید ہی جنت کو بھی ہم دیکھینگے — روضۂ جنتی و حجرہ و منبر دیکھا

دلمین یا آنکھون مین اپنی اوسی کیونکر رکھہ لون — مرقد پاک وہ مرغوب سراسر دیکھا

مجمع روز شفاعت کا نمونہ تہا وہ — اسقدر وہان دل عالم کو مسخر دیکھا

سیر دنیا کی تمنا رہی بس دل کو — کیا نہ دیکھا جو وہان قرب پیمبر دیکھا

شادئ وصل سے بیتاب تہا اور یہ بہہ — مینے سب لکو جو وہان ہات لگا کر دیکھا

ایک ہفتہ مین تو غمہای نہفتہ گئی — شکر صد شکر کہ تہا جو کہ مقدر دیکھا

چہوڑ کر بہاگ گئی دلکو مری صبر و توان — ہجر کے دن غم احمد کا جو لشکر دیکھا

کیونکی دل سیر ہو حضرت کی زیارت سے فقیر — عمر بہر دیکھا تو گویا اونہین دم بہر دیکھا

سچ تو یون ہے جو وہان روضۂ انور دیکھا — آفتاب دل تاریک منور دیکھا — ق

دل سی کہتا ہون جو مین روضۂ انور کی حضور — رخ مقصود یہان اے دل مضطر دیکھا

تو جواب اسکا یہ دیتا ہی کہ کچھہ مجھسی نہ پوچھہ — کیا کہون مین کہ جی ہے تو کیونکر دیکھا

کوئی جائی تو کہان جائے مدینی کی سوا — کسنی عالم مین کوئی آپ سے بہتر دیکھا

سخت حیران ہوا مین اپنی نصیبون سے وہان — کیا مری آنکھون نے بھی مرقد اطہر دیکھا

اللہ اللہ ری نسیم سحری کی قسمت — کہ مدینی مین ہمیشہ وہ گل تر دیکھا

بجھہ گئی آگ مری لگی بہت رونی سے — چشم پر آب کو وہان چشمۂ کوثر دیکھا — ق

دیکھکر گوہر دیوارِ مقدس مینی — دیدۂ شوق کو غیرت سی بہت تر دیکھا
آستان پر نگرا کیون وہین بنکر دُرِ ٹہنک — دل ندیکھا تجھے ایدل کوئی تیہر دیکھا
کاسۂ سرِ شان ہین فی شان جہانمین کہ وہان — کفش بردار ہر اک صاحبِ افسر دیکھا

ق

حال ہانکا کوئی کیا پوچھتا ہی مجھسے فقیر
شش جہت کے تئین اوس روضہ پہ ششدر دیکھا

کچھہ نپوچھو وصلِ محبوبِ خدا کیونکر ہوا — مین ہی ولسی پوچھتا ہون کیا ہوا کیونکر ہوا
دستِ کوتہ جالیون تک غیر رسا کیونکر ہوا — مین گنہگار اسطرح کا پارسا کیونکر ہوا
رہتی ہی ہردم وہین جنکی نگاہِ چشمِ دل — اولسی پوشیدہ مزارِ مصطفےٰ کیونکر ہوا
زائرِ خیر البشر ہین رشکِ اہلِ سلطنت — ہم فقیرون کو بھی یہ رتبہ عطا کیونکر ہوا
کہتی تہی ہم مردہ دل حیرت سے وہان بعدِ وصال — مسکن اپنا آج یہہ دار البقا کیونکر ہوا
خاکِ نعلینِ طبیبِ روح گر اوسمین نہین — پہر یہ نام اوس خاک کا خاکِ شفا کیونکر ہوا
رو دیا بی ختیار اور دلسی نکلی آہِ سرد — جسنے پوچھا ہجر کے دن ہا جدا کیونکر ہوا
دلسی کیا پوچھون کہ یہ ہی بیزبان کیا کہہ سکی — کیا ہوا حاصل زیارت کا مزا کیونکر ہوا
وہان ہین اُس حیرتمین مرجاتا تو کچھہ حیرت ہی تہی — یک بیک مجھپر یہ لطفِ کبریا کیونکر ہوا
گہستی گہستی مسجدِ احمد مین بس مٹ جائے سر — ورنہ کیا جانو نمین وہان سجدہ ادا کیونکر ہوا
وہ ترقی مدارج مین ہین بی مثل و سہیم — آپ پر دیکھو نزولِ والضحی کیونکر ہوا
سایۂ حسنِ قدم ہی حسنِ حادث ورنہ یہہ — سب فرشتون کو بھی عشق انسان کا کیونکر ہوا

جب تو کہتا تہا اگر جاؤن تو مرجاؤن ہی مین
پہر فقیر اب تو مدینی سی جدا کیونکر ہوا

غزل در ذکر خوبیہای مسجد قبا کہ قریب مدینہ منورہ است علی ساکنہا التحیۃ والثنا

ہے معبد رسول خدا مسجد قبا
یا ربنا فضل علی مسجد قبا

وہان کیون نہ دل لگے کہ وہ جای سرور ہے
بہرا امام ہر دو سرا مسجد قبا

ہر حسن سے قریب قباحت سے دور ہین
وہ ساکنین دور قبا مسجد قبا

وہ اوس حبیب داعی جنت کا ہی اثر
پہر کیون نہو مقام دعا مسجد قبا

دیکھی اگر وہ قبۂ جنت تو کیا عجب
جو ایک بار دیکھہ چکا مسجد قبا

اونپر قبای رحمت حق کیون نہ آی ٹہیک
ہو پہر دید جنکو عطا مسجد قبا

جی چاہتا ہے پہر وہین سجدہ ادا کرون
اللہ مجکو پہر بہی دکہا مسجد قبا

ہر دم مدینہ وہان نظر آتا ہی سامنی
ایکاش اگر وطن ہو مرا مسجد قبا

مین بہی اگر وہین کہین جاروب کش ہون
ہو باعث حصول صفا مسجد قبا

آثار مصطفی کی زیارات ہین بہت
اوس راہ مین مدینہ سی تا مسجد قبا

افزون ہی شان رفعت حستی سی معنوی
ہی غیرت قباب سما مسجد قبا

عاشق مدام ہے کیون نہ لگائین وہانکی خاک
کہلوائی کیون نہ بند قبا مسجد قبا

یارب فقیر کو بطفیل مدینہ پہر
دکہلائی کون تیری سوا مسجد قبا

ای روح دین شناس مدینی سی دل لگا
رہ مصطفے کی پاس مدینی سی دل لگا

جنت مین بہی سنا ہی کہین تو نی رنج و غم
رہتا ہی کیون اوداس مدینی سی دل لگا

دنیا سی دل لگا کے پریشان نکر تو دل
رکہہ دل کو اپنی پاس مدینی سی دل لگا

امید ہی کہ جائی وہ جنت کو بی خطر
یہان جسکا بی ہراس مدینی سی دل لگا

وہان دل لگی ہمیشہ سی روح الامین کہی ہتی
ای روح کر قیاس مدینی سی دل لگا

خاک شفا وہ خاک ہی آب بقا ہی ب
اوس قوت حواس مدینی سی دل لگا

یارب کبھی نہو مری دنیا سی دل لگی
بس ہی یہ التماس مدینی سی دل لگا

امید ہے بر آئیگی امید ایکدن
جسکا بغیر یاس مدینی سی دل لگا

کعبی سی دل لگا ہی تو اللہ کے لیے
ہی بہر خیر ناس مدینی سی دل لگا

گر تجکو آرزو ہی کہ جنت مین گہر ہی
ای نفس ناسپاس (خیر الناس صلعم) مدینی سی دل لگا

چل ای فقیر چہوڑدی ای رام ہند کو
کمل کا رکہہ لباس مدینی سی دل لگا

دیکھہ آئی ہم مدینی کا مزا
ہند مین اب کیا ہی جینی کا مزا

روضۂ انور مین پایا ہی وہ چین
کیا رہا اب دل کو سینی کا مزا

ٹھنڈی ٹھنڈی ہر صراحی کیا کہون
اور وہان پانی کی پینی کا مزا

کسوت احمد پہ قربان ہوی خلد
جسنی چکھا اوس سینی کا مزا

ماہ ذی قعدہ کو خالی کہتی ہین
کیا کہون مین اوس مہینی کا مزا

یا خدا میرا ہی مدفن ہو بقیع
مین ہی دیکھون اوس دفینی کا مزا

بحر غم سی تہا فقیر اپنا عبور
کیونکی ہو لوٹنین سفینی کا مزا

اس سفر مین نرما دل ہی پہ قابو میرا
کہ جو تہمتا نہین دم بہر کبھی آنسو میرا

اب تو مکہ ہی ہی نزدیک مدینہ ہی قریب
چہوڑ دامن کہین بیتابی دل تو میرا

میری سر آنکھون پہ جو خاک پڑی ہی یا رب
ہوئی ہر ذرہ وہان سنگ ترازو میرا

کیا عنایت ہے کہ ہون راہ مدینہ مین ابہی
لگگئی آگے دل وس شہر کی خوشبو میرا

سامری خاک مدینہ کو جو دیکھے تو کہے
اثر اس خاک مین کرتا نہین جادو میرا

جست و جواس دل جویا کی کہان جاتی ہی
نظر آتا نہین جب تک وہ دلجو میرا

شکر ہی ایک طرف دل ہی یہان تو ہر دم
تہا پریشان دل ہند مین ہر سو میرا

دستگیری توکل ہوئی کافی مجھکو
کون تہا ورنہ کہین قوت بازو میرا

ہین عرب مین مری اشعار طفیل عربی
گرچہ ہندی ہو نہین وہی سخن اُردو میرا

لگ رہی ہی اسی خاک رہ محبوب خدا
بچکے چل باد صبا تو نہ بدن چھو میرا

تب ہی اس راہ مین ونی سی ہوئی دستگیر
آنکھ بن جائی اگر آج ہر اک مو میرا

یا خدا راحت عقبی ہو سفر کے تکلیف
کہ ہو نفس ہمہ ما مور فذو قو میرا

اس سفر مین کہین ہو نفس کی اصلاح فقیر
یار ہوئی کہین یہ دشمن پہلو میرا

جب تو تہا ہجر محمد کے غمی کا رونا
آج آتا ہی بہت مجکو خوشی کا رونا

حال یہ ہی کبہی ہنستا ہون کبہی روتا ہون
گویا ہمراہ ہی تہا میری ہنسی کا رونا

چہوڑا ہی عاشق دنیا یہ ہنسی ہر ساعت
کہ نتیجہ ہی یہان خندہ زنی کا رونا

ہنکی انسو ابہی بہ جاوین جی چاہتا ہی
یاد آتا ہے مجھے جبکہ نبی کا رونا

یعنی ثابت ہی حدیث نبوی سی ہمکو
غم امت مین رسول عربی صلعم کا رونا

جو کہ بیدرد ہین ہنستی ہین وہ کیا جانتی ہین
کس قدر ہی کا ہی مراد دردلی کا رونا

آخرت کے لیے روتی ہین تو مردان سعید
غم دنیا مین ہی نامرد شقی کا رونا

ایسا ہو جاؤن خدایا کہ مجھی تیری سوا
نہ خوشی ہوئی کسیکی نہ کسیکا رونا

خندۂ باغِ جنان اونکو مبارک ہوئی
جنکو حاصل ہے یہان عشقِ نبی کا رونا

رونی سی رحمتِ حق جوش مین آجاتی ہی
باعثِ رحمتِ مادر ہے صبی کا رونا

ابہی دیدار درِ یار نہین ہے لیکن
آرہا ہی مری آنکہون مین کبھی کا رونا

دیکھی رہتی ہین آنکہین ہے زیارت کے لیی
دمبدم جوش مین ہے مضطربی کا رونا

کاش جلدی وہ بیابانِ مدینہ آجای
مین ہون وہان اور مرا نالہ کشی کا رونا

زخم دل پر نمکِ حبِ محمد ہو تو خوب
کہ بغیر اوسکی جو رونا ہی تو پھیکا رونا

پانی دیتی ہین یہان نشک نہال جان کو
گویا آرام بنا ہے مری جی کا رونا

ضبط کرتی تہی ہم اوس ضد پہ یون اے دل
کہ نہو جائی کہین بی ادبی کا رونا

غزل	روتی ہین خاکِ مدینہ کی لئی ہم تو فقیر ہوئیگا مال کے الفت مین غنی کا رونا	مستزاد

جب مدینہ وطنِ سیدِ ابرار ہوا — دل کا معیار ہوا
معدنِ خیر ہوا مخزنِ اسرار ہوا — کانِ انوار ہوا
جاتی ہی آیا مدینی مین خوشی کا رونا — کہ وہ تہا غم کہونا
نالہ زن دل ہوا اور دیدہ گہربار ہوا — وصلِ دلدار ہوا
خوش ہوا رہ کی مدینی مین نہایت یہ دل — ہوئی رحمت نازل
حضرتِ رحمتِ دارین کا مین جار ہوا — رحمِ غفار ہوا
وہی اچھی ہین جو رہتی ہین مدینی کی قریب — اونکی اچھی ہین نصیب
ہای کیون میرا وطن ہند پہ آزار ہوا — دل ہی بیمار ہوا

ہو گئی رخصت جو مدینے سی چلی سب یکبار ــ نہ رہا صبر و قرار

زار زار آہ بہت دیدۂ زوّار ہوا (زائرین ہا) ــ اور دل افگار ہوا

آستین آنکہون پہ رکہی ہوئی سب روتی ہے ــ آستانی (روضۂ منورہ) کی لیے

آخری جب در محبوب کا دیدار ہوا ــ چلنا دشوار ہوا

اس ضعیفی مین جوان بخت زیارت مین ہون ــ فخر کیونکر نکرون

بخت خوابیدہ **فقیر** اپنا بہی بیدار ہوا ؛؛ ــ حق مددگار ہوا

رسول حق کا ثنا خوان سب زمانہ ہوا ــ زمانہ کیون نہو خود خالق یگانہ ہوا (یعنی ثنا خوان ہوا)

وہ ہین مصدق خیر الامور اوسطہا ــ اسی لیے قد موزون بہی درمیانہ ہوا

گیا بہشت کو گویا کہ جیتی جی وہ بشر ــ کہ جو مدینہ کو ایمان سی روانہ ہوا

وہ کب نشیمن طوبی سی خوش ہو طائر دل ــ کہ جسکا نخل مدینہ پر آشیانہ ہوا

نہ آستین سے ہی دس چشم تر پہ کیون ہر دم ــ نصیب جسکو نہ دیدار آستانہ (روضۂ منورہ) ہوا

مری بہی خاک الٰہی غبار ہو کی چلی ــ سنون مدینہ کو جب قافلا روانہ ہوا

نظر مین اوسکی ہی مانند خس یہ خرمن دہر ــ نصیب جسکو مدینے کا ایک دانہ ہوا

ثواب ہوئینگی لاکہون نماز کی جن سی ــ مدینہ مین بہی ادا فرض پنجگانہ ہوا

وہ رشک سدرۂ (سدرۃ المنتہی) و طوبی نکیون ہو شاخ درخت ــ کہ جس سی ٹیکی سر مصطفےٰ مین شانہ ہوا

نکالا ہی جسمین خدانی یہہ قرآن ــ وہ سینہ کیا ہوا اک نور کا خزانہ ہوا

رہا نشان بہی نہ اوس کافر لعین کا کہین ــ جہان مین تیر محمد کا جو نشانہ ہوا

قطعہ

بنا وہ جای زیارت ابو لبابہ سے ــ قبول توبہ کا باعث جو استوانہ ہوا

مجہی بہی باندہ دی لیجا اوس ستون سے (نام صحابی) کوئی ــ علاج مجہی یہان کچہہ بہی نفس کا نہ ہوا

صبا یہ عرض ہو اوس بادشاہ دین کے حضور
کہ اک فقیر بھی دیوانہ غائبانہ ہوا

پہنچ گئے ہیں مدینے تلک مری اشعار
تو میری جان سی بہتر مرا فسانہ ہوا

سفر ہوا نہ اودہر کا کبھی اگرچہ مدام
یہاں قیام وطن بھی مسافرانہ ہوا

رسول حق پہ کیے جسنے جان و مال نثار
ملی حیات ابد موت کا بہانہ ہوا

نبی کی ساتھ ہیں برزخ میں عتیق و عمر
ادا یہ دونوں سی کیا حق دوستانہ ہوا

یہ سچ بتا تری لمین بہی ای فقیری عشق
ادا زبان سی تو مضمون عاشقانہ ہوا

فردوس کا چمن ہے مدینہ رسول کا
کیونکر نہو وطن ہے مدینہ رسول کا

جا پہنچے میری خاک ہی اڑ کر وہاں کہیں
مقصود خستہ تن ہی مدینہ رسول کا

کیا زندگی ہے میری مدینے کی ہجر میں
اس جان کا بدن ہے مدینہ رسول کا

شیطان کے کچھ وہاں کبھی پیر نچل سکی
رکھتا عجب چلن ہی مدینہ رسول کا

بدکار رہنے پاتی نہیں واہ کسقدر
بی اہل مکر و فن ہے مدینہ رسول کا

اک ہم ہی بی نصیب ہیں لو رایک وہ بھی ہیں
جنکے لیے وطن ہے مدینہ رسول کا

وہاں طوطیاں ہے صل علی بولنی کو ہیں
بی زاغ و بی زغن ہی مدینہ رسول کا

اس نام کے مری سی ہیں لب بند کیا کہون
جو لذت دہن ہے مدینہ رسول کا

ہر رہگذر میں آپکے رہتی ہی بوے مشک
صد غیرت ختن ہی مدینہ رسول کا

خوشبوئی مصطفے لیے پہرتی ہی وہان نسیم
اک باغ نسترن ہے مدینہ رسول کا

کیا دل میں آ پڑی ہیں وہاں اک جہان کے دل
پہر شہر دل فگن ہے مدینہ رسول کا

گویا نبی کے نور تبسم کا ہی ظہور
چون صبح خندہ زن ہے مدینہ رسول کا

پہنچا ہے دور نام منت کا بہی ای فقیر
کیا رونق مدن ہی مدینہ رسول کا

جلدی خدا دکھائے مدینہ رسول کا
لبریز شوق ہے مرا سینہ رسول کا

امت کی مغفرت کے دعائیں تھیں رات دن
عادت یہ تھی یہی تھا قرینہ رسول کا

اللہ ری اونکی رتبۂ عالی کو دیکھنا
جب ساری آسمان ہوئے زینا رسول کا

مشک و گلاب عطر مین خوشبو جو بس گئے
کیا انمین مل گیا ہے پسینا رسول کا

دریای غم سے دونون جہانکی نجات ہو
دی جسکو کچھ بھی جائی سفینہ رسول کا

عشق نبی مین دیگئی جان حضرت بلال
بوجہل جیسی لیگئے کینہ رسول کا

ای کاش دفن ہون شہدای احد کے پاس
ماموں ہی جہان وہ دفینہ رسول کا

جو گم ہین سطر فسے وہ پائی ہین اسکو ہیر
اسرار آخرت ہین خزینہ رسول کا

ہی الفت شہر ہندسی بہتر جو عشقباز ہو
دیکھین مدینہ ایک مہینا رسول کا

کیا جائی اوس علو کو ید فکر خاکسار
کیا وصف لکھہ سکون مین کمینہ رسول کا

وہان رہ کی خوش ہین جن و ملک و ہر بشر
ہی شہر پر سرور و سکینہ رسول کا

بینائی اوسکی دیکھیی پہر کیا ہو جو کبھی
دیکھی مزار دیدۂ بینا رسول کا

قرآن کے نقش وہان ہین تو اسرار ہین عیان
اشرف ہی لوح پاک سی سینہ رسول کا

امید ہی کہ خضر نچھوڑی جو ہو سکے
آب طہور مانگ کے پینا رسول کا

ای مردہ دل فقیر کہین ہند سی نکل
چل تو مزار دیکھ کے جینا رسول کا

کیا ہی وصف مصطفی مین نامہ رنگین ہو گیا
اور قلم گویا کہ رشک دست گلچین ہو گیا

بادشاہِ جنت الفردوس وہ کیونکر نہو / سب تصدق کرکی جو احمد پہ مسکین ہوگیا
کیا نظر آئی اوسی سُنت کی خوبی دوستو / جو سراپا عیب ہوکر آپ خوددین ہوگیا [جیسے حضرت صدیق اکبر رضی]
ہوتی ہوسی ہی تو ہتی تابع احمد ضرور / کسقدر مقبول سب مومنون سی یہ دین ہوگیا
جا رہیگا ایکدن وہ روضۂ احمد تلک / جسکی قسمت مین رقم روزِ نخستین ہوگیا [ازل کا]
کیا اثر ہی اوس لعابِ پاک مین جسکی سبب / شیر خورہ سیر آبِ شورِ شیرین ہوگیا [یہ معجزہ حضرت کا مشہور ہے]
کیا ہی معمورہ مدینہ طیّبہ ہی واہ واہ / دیکہتی ہی جسکو دل معمورِ تسکین ہوگیا
کیون مُعذّب ہوئینگی زائر جو اذن اللہ سے / آبِ طَیْبہ وہان علاجِ نار و غسلین ہوگیا [درد و رنج و بیماری کا]
ہان جو خرمائی مدینہ کا مزا تو چکہہ چکی / اَب تو ہیچ ایجان تیرا نامِ شیرین ہوگیا [نام مدینہ کا]
کاش سنگستانِ طیبہ مین ہون دل نرم ہو / نرم بستر سی یہان تو دل ہی سنگین ہوگیا
بامِ سلطانِ مدینہ پہ ہوا مین ہی مدام / اب تو میرا مرغِ دل گویا کہ شاہین ہوگیا [شہباز کا]
کیون نہ درد سر ہوا اونکو زیر سر بالینِ عیش / جنکا وہان سنگِ درِ محبوب بالین ہوگیا [تکیہ کا]
روضۂ محبوب کے سایہ مین ہین اہلِ بقیع / اونکو مزا غیرتِ صد خواب نوشین ہوگیا
جب مدینہ دیکہکر دل خوش ہوا تہا جسقدر / اب مدینہ چہوڑکر اوتنا ہی غمگین ہوگیا

جب سے حسنِ احسن الکونین کا مداح ہون
ای فقیر اپنا سخن شایانِ تحسین ہوگیا

ہردم ہی اوسپہ فضل خدای عظیم کا / عاشق ہی جو رسولِ رؤف و رحیم کا
جو دل ہے دردمند رسولِ کریم کا / وہ درد ہے حجاب عذابِ الیم کا
اسلام مین جو دل مین سلامت جہانکی / یہ پرتوہ ہی آپ کی قلبِ سلیم کا
رحمتی کو اوس شفیعِ خلائق کے دیکہنا / محشر مین جب ظہور ہوا امید و بیم کا

رہتا ہے آستانِ محمد پہ جو کوئی
گویا وہ ہی مقیم ریاضِ نعیم کا

میراث جنتون کی عطا جسکو ہو گئے
رتبہ ہے یہ نبی کی سوا کس یتیم کا

خوشبو مین کب یہ نافۂ تاتار کی مجال
ہمسر ہو تارِ گیسوی عنبر شمیم کا

اللہ نی مصطفی کے سکہائی کو جبرئیل
بہیجا ہی یہ ہی رمز الف لام میم کا

ساری جہان کی قاقم و سنجاب مین نہین
جو لطف ہی مدینہ مین رہ کر گلیم کا

امّی کو اتنا علم عطا ہوئی دیکہنا
یہ ہی نمونہ قدرتِ ربِ علیم کا

یارو وہ خاکِ راہِ نبی جلد لاکی دو
منظور ہے علاج اگر اس سقیم کا

بستر پی وہ رسولِ خدا کو ملا شرف
جو کچھ تہا کوہِ طور پہ رتبہ کلیم کا

ملجای جسکو ہوئی محمد تو کیون نہو
ہر دم خرامِ ناز مین رہنا نسیم کا

جا پہنچے آپ سرِ شفاعت تو کیا عجب
مانندِ یخ مزاج ہو نارِ جحیم کا

کب دیکہیی فقیر یہ میسر زبان ہو اور
روضی پہ عرض ہوئی سلام اس اثیم کا

جس دلمین ہی محبتِ پیغمبرِ خدا
پہر وہ ہی اور شفاعتِ پیغمبرِ خدا

ایمان ہی نعت و مدحتِ پیغمبرِ خدا
اور کفر ہے اہانتِ پیغمبرِ خدا

گر مار ڈالے فرقتِ پیغمبرِ خدا
پہر ہے ضرور وصلتِ پیغمبرِ خدا

ہی خالِ روی شب یہ قمر اوسکی سامنے
جو حسن مین ہی شہرتِ پیغمبرِ خدا

تسکینِ دل کی اب کوئی صورت نہین ہے او
یارب دکہادی صورتِ پیغمبرِ خدا

جنت ہے کیا جگہ ہی کہ دیدارِ حق ہی وہان
اور اوسمین ہی زیارتِ پیغمبرِ خدا

زیبا ہی گر خزانۂ عرش اوسکا نام ہو
اب ہی جہان سکونتِ پیغمبرِ خدا

تہا مسکرانا آپ کا مانند صبح عید
اللہ ری وہ فرحت پیغمبر خدا

کیا خوش مدینہ والی ہوئی ہونگی جسگہڑی
مکے سے آئے حضرت پیغمبر خدا

مکی مین اہل دین کو ہوا ہوگا کیا ہی غم
وہاں سی ہوئی جو ہجرت پیغمبر خدا

قرآن کو دیکہتا رہی دن رات وہ یہان
جسکو نہین ہے رویت پیغمبر خدا

کیونکر کہ یہ وہی ہی جو سنتی ہین انکو
بنتا تہا پہر حکایت پیغمبر خدا

ہوجائین کیون نہ بندوہ لب ہیا لشی اج
ملجائی جنکو لذت پیغمبر خدا

کیا پوچہتی ہو آپکے اخلاق کی صفت
قرآن ہی سب یہ عادت پیغمبر خدا

لیجائین میرا کاش فرشتے وہان سلام
جائین اگر بخلوت پیغمبر خدا

کہتا ہے کبریا کہ تری جان کی قسم
کتنی بڑی ہی عزت پیغمبر خدا

یعنی لعمرک ۱۲

احمد پہ ہو سلام فقیر اور اونپہ بہی
جنکو رہی ہی صحبت پیغمبر خدا

مشکل ہوا جوار محمدؐ کو دیکہنا
کب ہوئیگا دیار محمدؐ کو دیکہنا

عالم مین اشتہار محمدؐ کو دیکہنا
اور حشر مین وقار محمدؐ کو دیکہنا

ملجائین خاک مین مری انکہین وہان کہین
ہو کاش رہگذار محمدؐ کو دیکہنا

ہر کار وہ ہی جس سے ہو بار عذاب دور
اللہ ری کاروبار محمدؐ کو دیکہنا

دیکہو نصیب امت عاصی کی حشر مین
اعدا مین بہی افتخار محمدؐ کو دیکہنا

ای برج سبز برق ہین حسرت مین ہم تو ہای
کیا آپ ہے مزار محمدؐ کو دیکہنا

یعنی اپنے ایامی بکجم ۱۲

زیر لوای حمد بہی ہونگے وہان
اللہ ری اقتدار محمدؐ کو دیکہنا

ہے لیلۃ البرات وہ شب جسکی خواب مین
ہو زلف تابدار محمدؐ کو دیکہنا

کیا

کیا مارِ کفر و شرک بجہاتی ہی واہ واہ
شمشیرِ آبدارِ محمد کو دیکھنا

یہ گلشنِ جہان ہی خزانکی لیی تو وہ
ہی بی خزان بہارِ محمد کو دیکھنا

ای مومنو بروزِ شمار اپنی آنکھہ سی
احسانِ بی شمارِ محمد کو دیکھنا

اونکی طفیل دیکھنا حور و قصور کو
یہان تک کہ کردگارِ محمد کو دیکھنا

یارب دکھا مزارِ محمد کو پھر نصیب
ہو مجکو یارِ غارِ محمد کو دیکھنا

(یعنے ثانی اثنین اذ ہما فی الغار ۱۲)

جب ہو چکی زیارتِ صدیق پھر ہو سہل
فاروق جیسی یارِ محمد کو دیکھنا

اب تک پڑا ہون ہند مین افسوس اے فقیر
مجھہ جیسی جان نثارِ محمد کو دیکھنا

یون تو دنیا مین ہای کیا نہوا
پر مین اور شہرِ مصطفی نہوا

جو مدینی تلک رسا نہوا
نارسا ہی وہ نارسا نہوا

ہم نمازِ حرم مین مر گئے
ہمسی سجدہ ہی کچھہ ادا نہوا

مرا مرنا مدینہ مین افسوس
نہوا مرضیٔ خدا نہوا

کیا ہو ستبرقِ جنان سے سرور
(یعنے فرشِ جنت ۱۲)
جو مدینی کا بوریا نہوا

وہ زیارت قبول ہی جسمین
بیریائی ہوئی ریا نہوا

خطوۂ راہ طیبہ سی کسدن
تیرِ خطا کار بی خطا نہوا

(یکقدم ۱۲)
ہای حسرت جو مرتی دم ہی نصیب
وہ مدینہ رسول کا نہوا

خیرِ ارضِ مدینہ سی محروم
ہی وہان جو برہنہ پا نہوا

کون نخلِ مدینہ دیکھکے آج
باغِ دنیا سی بیزا نہوا

کب ہے وہ فنِ عشق مین کامل
جو مدینی مین خود فنا نہوا

مین یہان ہون مراسخن وہان ہے
میری غیرت مرافانہ ہوا

مدح سلطان دو سرامین فقیر
دوسرا یون غزل سرا ہوا

عاشق دنیا ہی کعبی کی طرف جائینگی کیا
بی حیا ایسی یہان مولی سی نترمائینگی کیا

انضیائی مرہ دل گویا ہوئی مدفون ہند
سوئی مکہ اوٹھکی مُردی بہی چلی جائینگی کیا

دلسی جائینگی جو اہل دل مدینی مین تو وہ
پہر ادہر آجائینگی تو دل بہی لی آئینگی کیا

وہان بہی خرمائی مدینہ گر نہونگی نُزل
گویا اہل عشق جنت مین بہی کہائینگی کیا

جلوہ حُسن قدم ہی گر نصیبون مین نہ ہم
چشم دل کو روضۂ فردوس دکہلائینگی کیا

خوش تو ہین ملبوس جنت سی پر اندیشہ ہی تَج
ہم مدینی کا گلیم اوسمین نہین پائینگی کیا

آگیا جسکی سمجہہ مین شہر احمد کا سکون
منع ہجرت مین دسی احباب سمجہائینگی کیا

کچہہ بہی فرمان محمد کی ہوئی فرمان بری
ہمسی نافرمانون کو وہان آپ فرمائینگی کیا

نام روشن آپکا وہان ہی فرشتونکا سوال
بس تو ہم تاریکئی مرقد مین گہبرائینگی کیا

پیچہی رہجاتی مین خوش ہوکر جو حجر کعبہ سے
پیچہی رہ کر دہ بہشتون سی نہ پچہتائینگی کیا

روضۂ نور مین ہو یہ ای صبا عرض فقیر
آپ دس بی دست پا کو پہر بہی بلوائینگی کیا

دل بی مدینہ نالۂ و افغان مین رہگیا
ہر لحظہ اشک دیدۂ حیران مین رہگیا

وہان زیر خاک تپ زدہ عشق جو کہ ہو
گویا کہ ظل رحمت رحمان مین رہگیا

معمورہ جہانسی ہی وحشت زدہ وہی
جو عشقباز وہانکی بیابان مین رہ گیا

جو رہگیا مدینۂ دار السلام مین
ایمان کی شکل قلب مسلمان مین رہگیا

جانِ جہان عشقِ محمد ہے اسلیے
ہم رنگِ جان قالبِ انسان مین رہگیا

اوسکی نجات رویتِ چاہِ مدینہ ہے
جو دل غریق چاہِ زنخدان مین رہگیا

ہی دودِ شمعِ روضۂ احمد علاجِ دل
یہان جو بتون کی زلف پریشان مین رہگیا

کوئی زنانِ مصر کو لائی مدینہ مین
دل جنکا محوِ شاہدِ کنعان مین رہگیا

کیونکر غبارِ روضۂ احمد نصیب ہو
جو مثلِ کحل دیدۂ دربان مین رہگیا

دل اور سر بلا ہوئی بی دو برجِ سبز
گردابِ غم مین یہ تو وہ دوران مین رہگیا

ساکت ہون ہجر گوہرِ دیوار مین پراج
آنسو تو میری جنبشِ مژگان مین رہگیا

ہی شور و غل عذاب کا بالین ہی اوسکی دوس
چپکا سا وہان جو شہرِ خموشان مین رہگیا

مفلس ہے آخرت مین غنی اس سفر بغیر
مشغول یہان جو عیش کے سامان مین رہگیا

قسطاس اجر مین حرمین اسقدر وسیع
ہر کوہ جنکا سنگ سا میزان مین رہگیا

دیوانِ لطف دیکھہ لیا ہمنی ای فقیر
ہمکو تو کچھہ مزا تری دیوان مین رہگیا

ردِ شرکیاتِ بریلوی در مدحِ حضرت غوثِ اعظم رحمہ اللہ الولی

خدایا دی زبان کو شوق اپنی اسمِ اعظم کا
کہ ہو کشافِ جنت حفظ ہو نارِ جہنم کا

یہ نجمِ بخت اوس کمبخت کا عالم مین کب چمکا
خدا کو چھوڑ کر بندہ بنا جو غوثِ اعظم کا

جو کہتا ہی قیامت سے نہ مجکو واعظا دمکا
خبر ہی اوسکو ہی وہان تنگ قافیہ ہر کرم کا

غلامی مین احد کی کفش برداری مین احمد کے
یہ محی الدین پایا لقب یہان قطبِ عالم کا

فتوح الغیب اونہین کی دیکھہ تو ای بیخبر کیا کچھہ
رہا ہی اتباعِ شرع شیوہ اوس معظم کا

ذرا غنیہ بھی دیکھا کر کتاب اونکی جو مخبر ہے | کہ کیا ہی تابع اونکو تھا حکم رب اکرم کا
تصانیف اونکی ہین مشہور عالم مہر انور سان | اگر ہے چشم ہو رتبہ کہان بدعت کے شبنم کا
غضب ہے دین اونسی کچھہ نسیکھا اہل بدعت نے | اگر سیکھا تو شرک اور ارتکاب امر محرم کا
کبھی کہتی ہین ہر مشکل اوسکی ہو گئی آسان | کیا ہے حسبنی دلسی ورد اونکی اسم افخم کا
معاذ اللہ غلامان خدا کا نام ہوئی ورد | وظیفے کی لیے ہی خاص نام اوس رب ارحم کا
کبھی کہتی ہین دولتمند ہم اونکی بدولت ہین | نہین ہے معتقد محتاج کوئی دام و درہم کا
یہ بسط و قلت رزق جہان ہے دست قدرت مین | کہان بندونکی یہ طاقت کہ ہو رزاق عالم کا
علاوہ اسپہ ہر بندے مال ونکا معتقد کب ہے | کہ جو دینار کا بندہ ہی وہ بندہ ہی درہم کا
سفر مال و دولت مین تماشے کا سا ہوتا ہی | یہ اکثر شیوہ ہی بندے مال ہو کر ابن آدم کا
کہ می خوار اونکی صورت تکتی ہین جو جیمین آتی ہے | غضب ہے دین خدا اور نام ہوئی غوث اعظم کا
جو بیمار ہین بیمار وہ ہین معتقد اونکی | کہان ہی اغنیا کو شوق اوس فقر مجسم کا
کبھی کہتی ہین ہر مردہ دل کو زندہ کر یا غوث | خبر لی ہی مسیحا دم کہ مہمان ہین کئی دم کا
کبھی کہتی ہین ہمکو موت کا تب لطف حاصل ہو | کہ مرتی دم زبان سے نام نکلے غوث اعظم کا
معاذ اللہ توبہ ہی الٰہی اس عقیدے سی | کہ دل ہو زندہ ایمان تو ہمین ہے اثر سم کا
اسیکو شرک کہتی ہین اسیکا نام بدعت ہے | کہ پیش غیر جنکی پشت مین عیب ہے سم کا
عبث ہے نیش عقرب کیا ہی اوس اقرب سے ہو کر دور | کہ نام پاک حق درمان ہے ہر درد و ہر غم کا ٭
نہونگی غوث اعظم ہرگز اسنی خوش قیامت مین | کہ اوس مجھو دسی انکو عقیدہ ہی مذمم کا ٭
جو تعظیم خدا ہے اوس سے وہ اپنی لیے خوش ہو | بہلا یہ کام ملحد کے سوا ہے کس معظم کا
خدا مجکو جناب غوث اعظم کے سی دے ہمت | تو نام شرک و بدعت کیون نہو منسوخ عالم کا

ردبدعت مین

پریشان ہوئیگا ہر مجمع بدعت بعون اللہ
فقیر اس قد بدعت مین فراتیغ قلم چمکا

ردیف بائی موحدہ

مدینی کی وہ صورت جب نظر سی ہوگئی غایب　بصر گویا ہماری چشم تر سی ہوگئی غایب
نظر اب ہند مین کیا آئی گو آنکھین کھلین ہین پر　نگاہ دل اودہر حاضر ادہر سی ہوگئی غایب
گئی شکل مدینہ دیکھتی ہی دل کی تاریکی　سیاہی رات کی نور سحر سی ہوگئی غایب
دل بیدرد عشق مصطفے کس کام کا دل ہی　ثمر کیا ہی وہ لذت جس ثمر سی ہوگئی غایب
مغازی مین نبی پر ہم بھی مر کر زندہ بن جاتے　رگ جان کیون شفا کی نیشتر سی ہوگئی غایب
مدینی کی سفر مین ہر مصیبت کیون نہو راحت　حق عاشق مین تکلیف اوس سفر سی ہوگئے غایب
نگاہ شوق اب تک ڈہونڈتی ہی جو خضر کو　گر شکل سرو جنت وہ کدہر سی ہوگئے غایب
حضور جان جانان مین جسکہ حاضر جا ہوئے عشاق　یہ حیرت ہی کہ جان اپنی خبر سی ہوگئی غایب
وفات مصطفے کی بعد تاریکی ہی عالم مین　وہ کیا شئی دیدہ جن و بشر سی ہوگئی غایب
مدینی مین جو دل کا حال تہا اب وہ یہان کب ہی　وہ تاثیر اسکی آہ کی اثر سی ہوگئی غایب
نگاہ چشم دل ہر لحظہ اونکی محو حیرت ہی　یہ گو آنکہہ اپنی دیوار و گہر سی ہوگئی غایب
بہار دایمی ہی روضہ فردوس کی صورت　خزان اوس روضہ خیر البشر سی ہوگئی غایب

فقیر اب مرگہین کس سب کمال نخل سنت مین
سیاہی دیکھہ تیری موی سر سے ہوگئی غایب

مدینہ مین جو ہمین ہے بسر ہو حشت نصیب　تو کیا عجب ہے کہ ہو افسر بہشت نصیب

جو خوش نصیب ہے ہوتی تو ہوتی ہم مدینے — ہزار حیف کہ سندے ہین ہم فرشت نصیب
ملا ہی ہمکو مدینہ مصطفے سی وہ قرآن — کسیکو ہوئیگی ایسی کہاں نوشت نصیب
نظر ہی آیا تہا رو رو کی برج سبز مجہی — کہ ہوئی پائی نہ کچہہ وہ بہار گشت نصیب

یعنی بہار گشت زیارت ۱۲

فقیر قبر بنی کی تری مدینی مین
جو ہوچکی ہے اوسی خاک سی سرشت نصیب

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینی کی قریب — جا ہوئیں مثلِ خیالِ دل مدینی کی قریب
اے صبا گر خاک کو میرے غبارِ قافلہ — اور لگا لیجل اوسی شامل مدینی کی قریب
جاتی ہین جو رحمۃ للعالمین کی شوق مین — رحمتِ حق کا ہی ابرِ ظل مدینی کی قریب
کیا عجب آئین فرشتی بہی زیارت کی لیے — ہو جہان زوار کے محفل مدینی کی قریب
کب وہ ساعت آئیگی یا رب کہین گی ہمسفر — آج جا کہولین گی ہم محمل مدینی کی قریب
سنتی ہین ایسی دُرِ اشک اپنے کرتی ہین نثار — آنکھین ہو جاتی ہین دریا دل مدینی کے قریب
کیا ہی جا ہی پاک ہی نامِ خدا جسکے سبب — دور ہو جاتا ہی دلسی غل مدینی کی قریب
یہان ہی گویا عاشقونکو سایۂ طوبیٰ ملا — ہو کی نخلستان مین داخل مدینی کی قریب
روضۂ انور نظر آئی تو پہر ممکن نہین — غیر سی بہی آنکہہ جائی ہل مدینی کی قریب
پا شکستہ ہون مری مشکل خدا آسان کری — ورنہ جانا کام ہے مشکل مدینی کی قریب

بادشاہی ہی فقیری بہی یہان کی ای فقیر
چہوڑ سبکو چل تو ای غافل مدینی کی قریب

گر مدینہ جائی رحمت ہی تو احمد کی سبب — خاک مین اوسکی جو صحت ہی تو احمد کے سبب
اہلِ سنت سی محبت ہی تو احمد کی سبب — اہلِ بدعت سے عداوت ہے تو احمد کی سبب

دیوان

درمیانِ حجرہ و منبر یہہ تم جانو یقین
روضۂ بُستانِ جنت ہی تو احمد کی سبب

پہرتی ہی خوشبو سی اتراتی مدینی کی ہوا
اوسمین جو کچہہ نار و نکہت ہی تو احمد کی سبب

دیکہنی والون کی احمد کی مثالِ آفتاب
ساری عالم مین جو شہرت ہے تو احمد کے سبب

عالمونکو حافظون کو اولیا کو اونکے بعد
حشر مین اذنِ شفاعت ہے تو احمد کی سبب

ہین بقیعِ پاک کی مدفون مغفورِ خدا
مغفرت وہان بی نہایت ہے تو احمد کے سبب

کردیا ہی شوق نی نزدیک ہے وہ گرچہ دور
دل کو طیبی سی جو رغبت ہے تو احمد کے سبب

اس سفر کے تشنگی مین بہی ہے اک تسکینِ دل
مثلِ راحت رنج و محنت ہی تو احمد کے سبب

دلکو احمد کی لیی ہی مسجدِ احمد کا شوق
اور مدینی سی جو الفت ہے تو احمد کی سبب

اپنی اپنی جان کا ہے فکر سبکو حشر مین
گر کہلا بابِ شفاعت ہی تو احمد کی سبب

وہانکی صحرا کا مساجد کا جبل کا نخل کا
دل جو مشتاقِ زیارت ہے تو احمد کی سبب

درخت خرما

اور کچہہ باعث نظر آتا نہین اسکا فقیر
ہند سی مجکو جو نفرت ہے تو احمد کے سبب

ردیف تای مثناۃ

مدینہ مین کسقدر ہتی نازل ہماری دل پر خدا کی رحمت
کہ ہر دم اپنی یہ دیدۂ تر ہتی مثلِ کوثر خدا کے رحمت

جہان مین ذاتِ نبیِ رحمت ہدیۂ کبریا ہی ہمکو
ہماری پاس آئی ہی محمد کے شکل بنکر خدا کی رحمت

گناہ کیونکر نہ عفو ہو جائین گو وہ لاکہون ہی ہو مین مسی

اودہر خدا مہربان ہمارا ادہر پیمبر خدا کے رحمت

اتشکلِ دوزخ ہی کفر سی خود یہ ہند قہر وغضب خدا کا

مدینہ دیکھو تو مثل جنت ہی بس سراسر خدا کے رحمت

نہ فوج یاجوج کا گذر وہان نہ کفرِ دجال کا اثر وہان

کہ ہی قیامت تلک مدینی کی گردِ شکرِ خدا کی رحمت

سکونِ ظلِ جدار احمد مین سوزِ دل کی دوا ہی واللہ

مدینہ باسکینہ ہی بہرِ قلبِ مضطر خدا کی رحمت

نگاہِ دل وسکی دیکھنی سی گئی جو نزدیک نورِ انوار

تو چشمِ عشاق کے لیے ہے وہ برجِ اخضر خدا کے رحمت

خدا کی رحمت کا مینہ برستا ہی اہل ایمان پے اپنے منہ ہی

ملا ہی بر زبان کو وہ یہ درود سرورِ خدا کی رحمت

رسولِ رحمان کا مدح خوان ہے نبی رحمت پے جانفشان ہے
فقیر تجہپر خدا کی رحمت فقیر تجہپر خدا کی رحمت

اللہ کی رحمت ہے مدینی کی زیارت		جنت کی زیارت ہے مدینی کی زیارت
تریاق شقاوت ہے مدینی کی زیارت		اکسیرِ سعادت ہی مدینی کی زیارت
اک ہفتہ مین غمہای نہفتہ گئے لاکھون		اتنی ہی غنیمت ہے مدینی کی زیارت
وہان زندگیِ نوح سی سیری نہین ممکن		وہ روح کی لذت ہے مدینی کی زیارت
کس شان کا ہے فرضِ خدا حج حرم اور	ق	کس شان کے سنت ہے مدینی کی زیارت
افسوس جو غافل ہین نہین ہو سکتا ہے یہ حج		اور سخت مصیبت ہے مدینی کی زیارت

وہان یاد رہا رنج سفینہ نہ غم راہ — کیا دافع کلفت ہے مدینے کی زیارت
وہان دلکو مزا آتا ہے اسلام کا واللہ — ایمان کی حلاوت ہے مدینے کی زیارت
دیکھا جو وہان دیدۂ دلسے کوئی پوچھے — کیا نور بصیرت ہے مدینے کی زیارت
اللہ کی محبوب سے کر دیتی ہے نزدیک — خالق کی عبادت ہے مدینے کی زیارت
کیا جان گھٹی جاتی ہے جب چھٹنے لگے یار — اب تھوڑی سی مدت ہے (اور باقی رہتی ہے) مدینے کی زیارت
کیا روئین ہین آنکھیں جو سنو رنی (قریب رخصت) کہا وہان — کرتی تمہین رخصت ہے مدینے کی زیارت
ہنگامۂ زوار ہے محشر کا نمونہ — گویا کہ شفاعت ہے مدینے کی زیارت
کھل جاتا ہے وہان قفل دل زیغی و گمراہ — مفتاح ہدایت ہے مدینے کی زیارت

حیران تھا فقیر اپنی نصیبون سے کہ واللہ
کس شاہ کی قربت ہے مدینے کی زیارت

نور ابتہاج ذکر شب معراج

واہ کیا رات تھی جو رات تھی معراج کی رات — شہرۂ ارض و سماوات تھی معراج کی رات
نیر نور ہدایات تھی معراج کی رات — جلوۂ خیر و سعادات تھی معراج کی رات
مومنون کیلیے صلوۃ تھی معراج کی رات — کافرون کیلیے آفات تھی معراج کی رات
وہان ملا پانچ نمازونمین (پچاس) ثواب پنجاہ — کیا ہی مہمان کی مدارات تھی معراج کی رات
نور مصباح رسل جس سے گیا عرش تلک — قدرت حق سے وہ مشکات (طاق) تھی معراج کی رات
کون ہے ہمسر محبوب (یعنے رسول اللہ صلعم) خدا جسکو نصیب — حقتعالی سے ملاقات تھی معراج کی رات
وہان جو اللہ نے فرمایا سو فرمایا اوہنین — کان اسرار خفیات تھی معراج کی رات

اوسکی کیا بات ہی تہین لو سمین خدا سی باتین … پوچھی گر کوئی کہ کیا بات تہی معراج کی رات

پہر تو خورشیدِ نبوت کو ترقی ہی رہے … سحرِ فضل و کرامات تہی معراج کی رات

اوسپہ قربان ہون جسمی بہرِ نجاتِ اُمّت … حضرتِ حق مین مناجات تہی معراج کی رات

اہلِ ایمان کو ملی راحتِ دارین اوس مین … روزِ محشر کی مکافات تہی معراج کی رات

ندیا ذاتِ محمد کو وہان کیا کیا کچہہ … شانِ پُر لطف و عنایات تہی معراج کی رات

منزلین مہرِ درخشان کے فدا ہین اوسپر … ایسی کچہہ اہلِ مقامات تہی معراج کی رات

ہوا ظاہر شرف خیرِ رُسل خیرِ اُمم … کسقدر مجمعِ خیرات تہی معراج کی رات

اے فقیر اسپہ ہے ایمان کہ سپہرِ دین پر … پہر ایمانِ برّیات تہی معراج کی رات

وہان جو پہر بہی پہنچ جائین خستہ حال کے ہات … تو کب نکالو نہین اون جا لیو نمین جال کے ہات

لگالون اپنی بدن مین اگر مدینی سی … کچہہ آئی خاک بہلی عشقِ وصال کے ہات

جہان حکومتِ قال الرسول جاتی ہے … تو باندہ لیتی ہی کیا سب کے قیل و قال کے ہات

نبی کے پاس ہتی وہ مثلِ کعبہ و اسود … ملین تو چوم لون مین حضرتِ بلال کے ہات

بقیع پاک مین مین بہی دراز ہو جائون … حضورِ حق مین دراز اپنی ہین سوال کے ہات

اگر یہ خاکِ مدینہ سی رنگ گئی خالے … تو چہوڑ دینا کفن سی مرے نکال کے ہات

وہ ہات دہو چکی آلودگی عصیان سے … کہ آئی نہرِ مدینہ مین جو کہنگال کے ہات

نظر کے ہات ہتی وہان ایسی محوِ دامنِ دید … کہ جسطرح کبہی ہلتی نہین مثال کے ہات

حضورِ روضہ کہان ایسی ہوش پر قابو … تا ئی جو نگہہ دیدۂ غزال کے ہات

وہ کسکا دامنِ حسن آگیا تہا اُنکی قریب … جو آنکہین بنگئین مژگان ہے یہان نکال کے ہات

کہان ہے

کہان ہی چلنی کی طاقت یضِ عشق کو آج ۔۔۔ وصولِ شہرِ محمد ہی ذوالجلال کی ہات
بہت جوانون کے چلنے سی پانو توڑ دیی ۔۔۔ کٹین محبتِ دنیا ہی پیرزال کے ہات

ستونِ توبہ سی اک اش کوئی باندہ دی بس
فقیرِ مجرم و پامالِ انفعال کے ہات

مدح ولادت گاہِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲ کہ در مکہ معظمہ واقعست از ان نو طرز رسالت

نہو مشرق کبہی ہمسر آستانِ مولدِ حضرت ۔۔۔ کہ یہ اک مطلعِ خورہے وہ شانِ مولدِ حضرت
مجہی ملہم ہوا ہی وہ بیانِ مولدِ حضرت ۔۔۔ نہوئی جسمین بدعت ہم عنانِ مولدِ حضرت
جو اپنی زعم مین ہین دوستانِ مولدِ حضرت ۔۔۔ وہ اکثر بدعتی ہین دشمنانِ مولدِ حضرت
الٰہی شکر ہے تو نی طفیلِ خانۂ کعبہ ۔۔۔ دکہایا مجکو مکہ مین مکانِ مولدِ حضرت
ہوا آنکہون مین پیدا نور دلمین قوتِ ایمان ۔۔۔ وہان جسدم گئی ہم زائرانِ مولدِ حضرت
مگر افسوس ہے جا کر وہان ہے بدعتی کتنی ۔۔۔ رہی سنت سی غایب جا حضرانِ مولدِ حضرت
نجانی دون کبہی اک بدعتی کو وہان جگہ ملتی مین ۔۔۔ خدا مجکو بنادی پاسبانِ مولدِ حضرت
کبہی سجدہ نکرنی دون کسی مشرک کو مین واللہ ۔۔۔ اگر ملجائی مجکو آستانِ مولدِ حضرت
جو سنت کے ادب سے جائین ہین خادم سو ان انکا ۔۔۔ کہ عالی قدر ہین وہ قدردانِ مولدِ حضرت
مدینہ پر ہمیشہ رشک ہتا پہر تو مکے کو ۔۔۔ نہوتی وہان نشانی گر نشانِ مولدِ حضرت
وہان جا کر ہماری جان مین کیونکر نہ آئی جان ۔۔۔ کہ جسمِ مکہ مین داخل ہے جانِ مولدِ حضرت
خوشی سی دل نہتا پہلو مین گویا آسمان مین تہا ۔۔۔ زیارت کو گئی ہم جب میانِ مولدِ حضرت
ہزارون طفلِ اشک آنکہون سی نکلی جب وہان دیکہا ۔۔۔ کہ وہ شش ماہ در رحمت ہے شانِ مولدِ حضرت

وہان خدام کا ایمان گویا جسم نامی ہے
ملی ہی جنکی ایمان کو امان مولدِ حضرت

طبیعت کے ضعیفی مین قوی مضمون ہوئے پیدا
فقیر ایسا ہوا تو مدح خوان مولدِ حضرت

مدینے کی شبِ تیرہ مین ہے مہتاب کے لذت
وہانکی دہوپ مین ہے شبنمِ شاداب کے لذت

مدینے کی صراحے مین نہان کیا آبِ کوثر تہا
کہ جاتی ہی نہین دلسی کبھی جس آب کے لذت

او ٹہانیکو نہین جی چاہتا تہا رکھکی سجدہ مین
عجب اس سر کو ہتی اوس سجدۂ محراب کے لذت

یہان غم کیون نہ پیجائی کہ خرمای مدینہ سے
ہوئی میری لہو مین شربتِ عناب کے لذت

اگر خشتِ مدینہ زیرِ سر اونکو میسر ہو
تو مہوشن ہول جائین بالشِ کمخواب کے لذت

لگی جس عاشقونکی آنکہہ اوس جالیکی آنکہونسی
وہ بہولی تا طراوتِ اطرافِ راتراب کے لذت

جمالِ رشکِ یوسف خواب مین جو دیکھتی ہین ہم
کہان چشمِ زلیخا کو نصیب اس خواب کے لذت

کیا تا جمالِ روضۂ احمدی جو بیتاب
بیان کیا ہو دلِ بیتاب سے اوس تاب کے لذت

وہان تارِ نظر مین جنبشِ مژگان سی ہر لحظہ
ملی صد رشکِ تارِ نغمہ و مضراب کے لذت

وہ ساقی مسجدِ احمد مین جو پانی پلاتی تہی
یدِ غلمان سے گویا مل گئی اکواب کے لذت

فقیر اپنا سخن ہے مدحِ خالص کیون نہو پر ذوق
کہ افزون ہوتی ہی ہر میوۂ کمیاب کے لذت

ردیف ثای مثلثہ

ہوئی جب ارضِ مکہ مین رسولِ کبریا مبعوث
تو دینِ مردہ ہی ساری جہانکا ہوگیا مبعوث

محبت مین رسول اللہ کی اے نفس مرجانا	کہ تو مرجائیگا جسمین اُسی مین ہوئیگا مبعوث
رہی قسمت مسلمانون کی جنت مین ہو مبعوث	رسول اللہ کو اللہ نی داعی کیا مبعوث
یہ بعثت حشر پر ایمان کسدن لائینگی کفار	کہ اب تو ہو چکی عالم مین ختم الانبیا مبعوث
رسول اللہ کی سنت ہے پیش نظر ہر دم	تو ہو پیشانی خندان سے تو پیش خدا مبعوث
مسلمانو دل و جان سے اُسے رکھو آنکھون پر	یہ انعام خدا (اے انسان) شکل محمد مین ہوا مبعوث
تمنا ہی کہ جی اوٹھون کہین خاکِ مدینہ سی	وہ ہو مین مرقد عالی سی جب خیر الوری مبعوث
جو امداد خدا اور فضل و رحمت ہے محمد پر	ہوا ہی اور نہ ہوگا کوئی ایسا دوسرا مبعوث
جنود رحمت حق جابجا اُنکی معاون تھی	جنود مصطفی اعدا کی تھی جب جابجا مبعوث
قصاص اپنا نتھا مقصود تھی اللہ کی مرضی	وہ حسن خلق کی اتمام کو تھی مصطفے مبعوث

الٰہی یہ تمنا ہی فقیر خستہ خاطر کی
بقیع پاک کی قبرون مین ہو روز جزا مبعوث

ہی پناہ نور ایمان زیر دامان حدیث	شان ایمان شمع ہی فانوس سے شان حدیث
چشم گریان ہوئی اور سیر گلستان حدیث	زخم دل خندان ہوں اور گلہای خندان حدیث
دمبدم افزون ہی سر پر بار احسان حدیث	سر اوٹھا سکتے ہین کب ہم پیش فرمان حدیث
دلمین کہہ لون بس یہی جی چاہتا ہی سکو مین	جان ہی سر جسم ہوا اور اسمین ہو جان حدیث
واہ وا کس منہ کی ہین واہ وا کیا باتین ہین	جان ہو قربان محمد دل ہو قربان حدیث
اسمین اگر قلزم اک چھوٹا سا نقطہ ہو تو ہو	گر بنالی اسکو نقطہ نون عمان حدیث
کفر و شرک و معصیت کے ملک ویران ہو گئی	جب گذر فرما ہوا عالم مین سلطان حدیث
جو سخن ہیں اور وہ مین سب اسیکے کاسہ لیس	کسقدر نا شکر ہین وہ اہل کفران حدیث

سینہائی اہل بدعت مین سنان تہہ ہے — اک ذری ہی جبکہ ہل جاتی ہی مژگان حدیث
نار وحشت کیون بہڑکتی ہی مسلمانونمین ہائے — آج آتا ہی گر جنبش مین دامان حدیث
چارہ گر ہو شربت توحید و سنت سی ضرور — کفر افلاطون کا اک طفل دبستان حدیث
کوچۂ حرص و ہوا والی بہلا کیا جانین گے — کیسے ہوتی ہین جو ہین مردان میدان حدیث
جو کہ روباہ و شغال نفس امّارہ ہوی — موت ہے اونکے لیئے شیر نیستان حدیث
ہین وہی سرار حق مین صاحب طل گران — جو قوی بازو ہوئی حمّال میزان حدیث
یا الٰہی تیری رحمت ہوئی اونپر جو کہ آپ — قصر تدوینات مین لاکر ہتی دربان حدیث
وصلان حق ہین وہ اور دوستان مصطفیٰ — اور محبوب دو عالم ہین یعنی محبان حدیث

ای فقیر اب تاج شاہی بہر پند و وعظ خلق
سر پہ رکھہ فرمان قرآن اور فرمان حدیث

لب و دندان محمدی سی ہین دربائی حدیث — کیون ہون دیدۂ دل محو تماشائی حدیث
مظہر نور قدم ہی رخ زیبائی حدیث — کاش ملجائی ہمین نعمت عظمائی حدیث
یا خدا آنکہین جو ہوین تو شناسائی حدیث — اور جو دل ہوی تو لبریز تمنائی حدیث
بعد قرآن کی لازم ہی تلاوت اسکے — کیونکہ ہی صاحب قرآن سے املائی حدیث
یہ کلام اونکا ہی جو کرتی نہین آپ کلام — ہی فقط حکم الٰہی سی سب انشائی حدیث
شعور عرفان قدم عالم بالا تک ہے — جب سی حادث ہی جہانمین قد بالائی حدیث
اس مزے مین کہ یہہ حسن و تقع دلسی نکلا — دیکہتا رہتا ہونمین چہرۂ زیبائی حدیث
جیسی یکتائی جہان آپ رسول حق ہین — سخن غیر ہی ہرگز نہین ہمتائی حدیث
کیا فصاحت ہے احادیث مین سبحان اللہ — ہین فصیحان جہان والہ و شیدائی حدیث

ہالم

ہم غریبونکا ٹھکانا کوئی کیا پوچھتا ہے
ہہی ملجای غریبان ہی کہ ملجای حدیث

سر جھکانا ہی ہمین چاہیی سر جائی تو جاے
دیکھہ پائین جو ذری جنبش لبہای حدیث

لب خندان کا سخن ہون یہہ کہی دیتا ہے
خندۂ زیر لب لعل شکرخای حدیث

زندہ ہوجاینگی لاکھون دل مُردہ اب تو
قاتل اعور بدعت (دجال ۱۲) ہی مسیحائی حدیث

مرغ دل (ہمارا ۱۲) قدرت حق سی گیا وانتک ورنہ
یہ کہان اور کہان قصر معلائی حدیث

ای فقیر آج ترا بحر سخن جوش مین ہے
مل گیا اسمین کوئی قطرۂ دریای حدیث ؛

اُولو الابصار ہین وہ جو کہ ہین بینائی حدیث
وہی ہشیار ہین جو ہوچکی شیدائی حدیث

بہری ہوجائین وہ کان اس سی جو بی بہرہ ہین
پہوٹین آنکھین جو نہون محو تجلای حدیث

ٹوٹین وہ پانو جو کرتی نہین سنّت کا سفر
سر وہ کٹجائی کہ جسمین نہو سودای حدیث

ہات شل ہوئین جو لکھتی نہین ملفوظ رسول
وہ زبان گنگ ہے جس سے نہو غنای حدیث

جسم بیجان ہے وہ جسمین نہین یہ روح نفیس
دل وہ پتھر ہے نہین جسمین تمنائی حدیث

زندگی موت سے بدتر ہی جو یہہ شوق نہین
موت ہی جینی سی بہتر بتولّائی حدیث

کیا بخاری (امام بخاری ۱۲) نی کیا سرد بخار احداث
جائین فردوس (دو صفے ۱۲) مین ایسی چمن آرای حدیث

رہین مسلم (امام مسلم ۱۲) بہی قیامت مین سلامت یا رب
ہین یہہ دربان در خیمۂ سلمای حدیث

مثل مجنون ہہی یہ سب (محدثین ۱۲) دیدہ پیاکیا کچھہ
کاش ملجای (یہ دو لولو ۱۲) ہہین ناقۂ لیلای حدیث

کونسی نخل مبارک کی ثمر ہین یا رب ؛
ساری عالم مین تبرک ہوئی خرمای حدیث

کور ہی دیدۂ فرعون معاند ہر جاے
جلوہ افروز ہی جب سے ید بیضای حدیث

کیا نصیب اونکی بری مین جو تعصب والے
تشنہ لب رہتی ہین اور ہین لب دریای حدیث

بدگمان لوگ جو روٹھی ہوئے ہیں ہمسی وہ سب | آج منجا ہیں اگر دیکھیں فقہ منجائی حدیث
یہ بیان سلبی روشن ہے کہ ہی دشمن سی | کان انوار رسالت ہے جو منشائی حدیث

بادشاہی ہے فقیری ہین فقیر اپنی لیے
مل گئے مجکو جو یہہ نعمت عظمائے حدیث

کاش مجنون ہوں ہین بادیہ پیمائی حدیث | دل ہو میرا جرس ناقہ لیلائی حدیث
ہم سی مسکینونکے گھر ہین بہی قدم رنجہ کیا | یہی جی چاہتا ہی چوم لوں مین پائے حدیث
چاہیی شکر کہ جنت کا نمونہ آیا | آج گھر گھر مین گیا سایۂ طوبائی حدیث
ناشناسا رہوں مخلوق سی مین یا اللہ | مین رہوں ہر قرآن شناسائی حدیث
اس مین فرمان الٰہی ہی کہ ما اتاکم | دیکھہ قرآن ہے کیا کچھہ شرف افزائی حدیث
واہ کیا متن حدیث نبوی ہی قرآن | کیا ہی قرآن کی تفسیر ہے انشائی حدیث
رحمت حق کی قنادیل ہانک روشن ہین | ذکر احمد ہی جہان انجمن آرائی حدیث
دل سی پہر پوچہنا اسرار کی باتین جو درے | خلوت دل مین در گوش سی جائی حدیث
دیدہ دل کے نظر اور کہین جاتی ہے | دیکھتین ہین جو یہ انکہین رخ زیبائی حدیث
کاش اس لذت دیدار مین بیہوش ہون | طور دل پر رہی ہر لحظہ تجلائی حدیث
انظروا یا اولی الابصار لے روضۂ | کیسے خوشبو کی ہین کس رنگ ہین گلہائی حدیث
قصہ کوتہ ہی ابہی سنئی یہ ہو طول امل | کر ملی علم و عمل مین ید طولائی حدیث
چاہیین کان او دو نر انکہین او وہر ہر لحظ | کسطرف کو ہو ہماری لیے ایمائی حدیث
گرچہ مسکین ہین پہ ہین وہ سلطان جہان | ملگئی جنکو یہان دولت کبرائی حدیث

ای فقیر اپنا یہی زاد سفر ہے واللہ

جمع کرتا ہوں کہ مرتی ہوئی کام آئی حدیث

رد کلمات بریلوی فی الغیاث مضمون شرک و احداث

اہل دین کو بس ہے درگاہ خدا مین الغیاث
مشرکوں کو غیر سی ہی ہر بلا مین الغیاث

ہی خدا سے محض قلب بے ریا مین الغیاث
غیر سی ہوتی ہی قلب اشقیا مین الغیاث

خود رسول اللہ کے نزدیک مشرک ہیں وہ لوگ
جو کہ کرتی ہین جناب مصطفی مین الغیاث

عاشق صادق نہین کذاب ہین دشمن ہین وہ
جنکو ہی حضرت سے اوقات (غائبانہ ۱۲) دعا مین الغیاث

یہ دعا مغز عبادت ہے بارشاد رسول ؐ
چاہیی درگاہ بیچون و چرا مین الغیاث

کیونکہ وہ معبود ہے اور اوسکی عابد ہین (بموجب حدیث ۱۲) رسول
اونکو خود ہی حق سی ہے کرنا دعا مین الغیاث

جو ہوا عابد رسول اللہ کا مشرک ہوا
اونہی جیسکو ہی دعا مین یا ندا مین الغیاث

اپنے عابد سی رسول اللہ کب خوش ہونگے
چاہیی خالص جناب کبریا مین الغیاث

حب رسول اللہ کے نسبت ہے ایسا کچھ تو بس
کب روا ہوگی حضور اولیا مین الغیاث

کیونکہ یہ سب کفش بردار رسول اللہ ہین
محو رہتی ہی وہ ہین حمد و ثنا مین الغیاث

بعض کو دعوی تو یہ حب رسول اللہ کا
پھر بھی وسکو شان محبوب خدا (خدا کی ۱۲) مین الغیاث

یہ کثافت (بے ادبی ہے ۱۲) ہے عداوت ہے رسول اللہ کی
منع ہی یوں حضرت خیر الوری سے مین الغیاث

حاضر و غائب کب ایسا ہے کوئی دارین میں یا
غیر حق جو خود سنی ہر التجا مین الغیاث

اہل ایمان کو معاذ اللہ تو یہ ہی کہ ہو
غیر حق سی عافیت مین یا بلا مین الغیاث

یا غنی یہ مانگتا ہے بس فقیر مستغیث
تجھ سی ہوئی محض قلب بے ریا مین الغیاث

قلب احمد پر ہوی تنزیل قرآن و حدیث	کیون نہو مرغوب دل ترتیل قرآن و حدیث
کب کفایت ہوسکیگی تقبیل قرآن و حدیث (بوسہ دادن)	آدمی کو چاہیئے تعمیل قرآن و حدیث
فلسفے گو آج ہو اوستاد افلاطون کوئی	اجہل عالم ہی بی تحصیل قرآن و حدیث
ذکر ملفوظ و مکاتیب انکی اگی جیف ہے	آدمی پر فرض ہے تبجیل قرآن و حدیث (تعظیم)
گبر و ترسا کی طرح مغضوب ہین گمراہ ہین (ظالم)	بدعتی جو کرتی ہین تبدیل قرآن و حدیث
کس سے تہا خوف مساوات انکی نسبت جبرئیلے (یہود و نصاریٰ)	آئی یہہ ترتیب مین تفضیل قرآن و حدیث
کیون نہو امر اشد حشر اون لوگونکو سہل	رات دن کرتی ہین جو تسہیل قرآن و حدیث
ہین کلام کبریا دونون بی وصف انکا ہی بس	ساری عالم مین نہین تمثیل قرآن و حدیث (یعنی طلاب امت)
رہتی راس آئی اونکو دو جہانمین جی عدل	باعمل ہین باعث تعدیل قرآن و حدیث
خلد مین ہر عالم دین کا تجمل دیکہنا	جن سی عالم مین ہوے تجمیل قرآن و حدیث
مثل مہر و نور مہر ایل نصیب اپنے ہو کاش	ہر عمل معلول اور تعلیل قرآن و حدیث (جمال افزودن)
جو ہر شمس و قمر ڈہونڈہی نپائین پہر کہین	آج اگر روشن نہون قندیل قرآن و حدیث
بالیقین مرجائے ہر ذی روح جو دم بہر نہون	مصر عالم مین فرات و نیل قرآن و حدیث
ان حسینون پر ہی یون عاشق دل عالم کہ ہی (یعنی قرآن حدیث)	جلوۂ حسن قدم تشکیل قرآن و حدیث

تیری قسمت کے مکان جنت مین جالی ونجا ہین
ای فقیر اب ہے اگر تعطیل قرآن و حدیث

ردیف الجیم

ہوا افلاک پر جب اتفاق صاحب معراج	تو کس کس قرب مین تہا انطلاق صاحب معراج (نفوذ و رفتار)

عجب

عجب معشوق ہین جنہپر ہین حیران جہان عاشق	ہراک معشوق کو ہی اشتیاقِ صاحب معراج
وہ صرف ہمت خیر دو عالم ہی شفاعت مین	کہ او سدن وہ کہنا شد نطاقِ صاحب معراج
رسول اللہ کا سینہ تجلیگاہ ہو والے ہے	سراج نورِ حق ہے اور وہ طاقِ صاحب معراج
مزا اونکو حیات خلد کا سا زندگی مین ہے	ملا کچھ عشق مین جنکو مذاقِ صاحب معراج
خدا کی آگی ہتی شکل غلامی افتخار اونکا	کہ ہتی ملبوس مین مکشوف ساقِ صاحب معراج
عیان ہو جائیگا مخلوق پر وقت شفاعت مین	کہ کیا کچھ ہے اجابت مین خلاقِ صاحب معراج
اشارا تہا کہ زیر بارِ سنت کچھ نہو شوخے	جو شوخی سی ہوا نادم براقِ صاحب معراج

مدینہ ہو فقیر ای کاش میری دہر کا مسکن
تو مر کر ہی نہو رنج فراقِ صاحب معراج

ربِ غفارِ صاحب معراج	رکہہ مجھے جارِ صاحب معراج
ہو شفائی عروج خلد او سکو	جو ہی بیمارِ صاحب معراج
کس بلندی صدق پر ہے واہ	شانِ گفتارِ صاحب معراج
شب معراج مین رہا کیا کچھ	رحم در کارِ صاحب معراج
لین نماز ین تہان پچاس سے پانچ	تہا سزاوارِ صاحب معراج
کہ شفاعات عاصیان حق سی	ہوئین مختارِ صاحب معراج
یا خدا جانی یا وہ عارج عرش	کیا ہتی اسرارِ صاحب معراج
شانِ افلاک دیکہنا کہ ہوئی	حامل بارِ صاحب معراج
رات دن بس سنائی جاتی کوئی	مجکو اخبارِ صاحب معراج
اوتری ہین آسمان سے کیا شئ	دیکہو انوارِ صاحب معراج

یا خدا پھر فقیر کو لیجائی
شوقِ دیدارِ صاحبِ معراج ہے

مردہ دلکو ہی تو بس یا رب خدا دل کا علاج ۔ تیرہ جان کو ہی درودِ مصطفےٰ دل کا علاج
یون طبیبِ روح کا مسکن ہوا دلکا علاج ۔ جسطرح گلزار دلہا کے غنا دل کا علاج
دردِ ظلمِ کفر سے صحت غلامون کو ہوئی ۔ راس ہے کیا کچھ ہمین وسِ شاہ عا دل کا علاج
تہا مدینی مین رفیق اکر عجم مین ہای پھر ۔ سخت یہ دل ہو گیا اب کیجی کیا دل کا علاج
کس لیے میری دوا کی فکر مین احباب ہین ۔ بی مدینی جائی اب کچھہ ہو چکا دلکا علاج
راہِ اظہارِ صواب او راجرِ عقبی پائین وہ ۔ ہی درود ایسا مرا ئی مجا دل کا علاج
ہر دم افزون تہا دلِ بیمار کو وہان یک ہجر ۔ ہی مدینہ سر بسر راحت فزا دل کا علاج
مردہ دل ہم ہو گئی آب مدینہ چہوڑ کر ۔ پھر بلا یا رب وہی آب بقا دل کا علاج

کیا ہوا طیبہ فقیر اور دل پھڑکتا رہگیا
کیا ہوا دل کا علاج اور کیا ہوا دلکا علاج

ایدل تو صبح و شام درود او رسلام بھیج ۔ لی لی کی و نکا نام درود او رسلام بھیج
یارب تو میری روح کو میریطرف سے وہان ۔ کر ہیک تیز گام درود او رسلام بھیج
ای اہلِ دین ضرور شروعِ سخن مین تو ۔ اور ختمِ ہر کلام درود او رسلام بھیج
غفار سی سوار د غفران مین تب ترا ۔ عالی رہی مقام درود او رسلام بھیج
لکہا د کہائی یا کہ سنائی کوئی وہ نام ۔ ایدل رکہہ التزام درود او رسلام بھیج
گر شاد کامی دو جہان تجکو چاہیے ۔ ہو ہو کی شاد کام درود او رسلام بھیج
اس داعی سلامتِ دارین سی مدام ۔ ہر لحظہ یا سلام درود او رسلام بھیج

یارب

یارب تو اوس پیامبرِ ذو الکرام کو	ہردم مرا پیام درود اور سلام بھیج
آزاد ہو ہموم و غمومِ جہان سے تو	رکھہ دل سے اہتمام درود اور سلام بھیج
تو ساکنانِ خلد کا ہو جائیگا سہیم	ای عبدِ مستہام درود اور سلام بھیج
اوس سرورِ جہان پہ یارب شبانہ روز	با الفِ احترام درود اور سلام بھیج
اور جو کہ ہین رسول کے اصحاب اہلبیت	اونپر بہی تو مدام درود اور سلام بھیج

اوس شاہ دین کی در پہ شب و روز ای فقیر
رہ صورتِ غلام درود اور سلام بھیج

ردیف الحاء

شہرِ رسول جب نظر آیا علی الصباح	کیا نورِ کبریا نے دکہایا علی الصباح
کیا کیا سرورِ وصلِ حبیبِ قلوب نے	وہان مثلِ صبح ہمکو ہنسایا علی الصباح
آخر کو جا بٹہائی وہان صبحدم جمیل	برسون دعا کا ہات اوٹہایا علی الصباح
کیا رات تہی وہ رات کہ کہتی تہی ہمسفر	دیکہین گے ہم مدینہ خدایا علی الصباح
وہ نورِ صبح اور وہ نورِ مدینہ واہ	کیا لطف چشمِ شوق نے پایا علی الصباح
محمل کہان ہے ناقہ کہان ہے کہان ہے رخت	جز روضہ کچہہ بہی یاد نا آیا علی الصباح
وصلِ حبیب اور وہ وقتِ نمازِ صبح	کیا نور مین وہ نور ملایا علی الصباح
شبہای وصل جبکہ گذرنے لگین تو پہر	ہر روز غم نے دل کو جلایا علی الصباح
آخر کو ایکدن جو مقرر لی آخری	ہمکو وہان سلام پڑہایا علی الصباح
اتنا ہمین ہنسایا تہا صبحِ وصل نے	وہان صبحِ ہجر نے جو رلایا علی الصباح

پھر وہاں فقیر شکر کا سجدہ ادا کری
پھر ہو وہاں یہ بار خدایا علی الصباح

رسولِ حق کا جو شہر و مکاں ہے راحتِ ارواح
کوئی شہر و مکاں ایسا کہاں ہے راحتِ ارواح

کہاں وہ راحتِ جاں ہے یہاں جو ہے راحتِ جاں ہو
جہاں ہی عالمِ برزخ وہاں ہی راحتِ ارواح

تمنا ہی جمالِ طیبہ ہوں و آہ و زاری ہو
کہ وہاں عشاق کو شور و فغاں ہی راحتِ ارواح

وہ ارواحِ خبیثہ ساکنِ سجین گویا ہیں
غنی ہو کر جنہیں ہندستاں ہی راحتِ ارواح

وہی مسکیں ہیں گویا کہ سب سکانِ علیین
جنہیں قربِ رسولِ انس و جاں ہی راحتِ ارواح

کہی جا اے عزیزو مجھسے تم باتیں مدینی کی
کہ جو کچھ ہو مدینی کا بیاں ہی راحتِ ارواح

ہوائی نفس میں جو تارکِ حج و زیارت ہیں
تو گویا اونکو دوزخ کا دھواں ہی راحتِ ارواح

وہ ارضِ ذاتِ نخل ایسی سرور افزای عالم ہی
کہ ہر دم صورتِ باغِ جناں ہی راحتِ ارواح

یعنے زمین مدینہ منورہ ۱۲

فقیر اپنا علاجِ دردِ دل ہی مسجدِ احمد
کہ جو فردوس کے ہمارستان ہی راحتِ ارواح

شفاخانہ ۱۲

پھر بھی قرار پائی مرا دل کسیطرح
پھر بھی مدینہ ہو مری منزل کسیطرح

ہی وہ مرا علاجِ تپِ جسم و جان و دل
جو ظلِ برجِ سبز ہو حاصل کسیطرح

آساں کری خدا تو جبھی وصل سہل ہے
عاشق تو گو نہیں متساہل کسیطرح

ہی ورد و با سلام کہ زوار میں مدام
عرضِ سلام کو رہوں شامل کسیطرح

وظیفہ ۱۲ — نام خدا ۱۲

میں ہوں مدینہ ہو وہیں گھر ہو وہیں ہو قبر
آساں ہو یا خدا مری مشکل کسیطرح

ہوں غرقِ بحرِ غم نظر آجائی یا خدا
دریای غم کا پھر وہی ساحل کسیطرح

پھر کاش جا کی روضۂ جنت میں دیکھلوں
وہ مسجدِ رسول کی محفل کسیطرح

ہردم زیادہ شوق ہو یارب مدینہ کا ۔۔۔ تحملِ وطن پہ مین نہون مائل کسیطرح
وہ طیبہ ہی کاش گناہونسی ہو کی پاک ۔۔۔ ہو جاؤن اوسمین رہنی کی قابل کسیطرح
شغلِ وطن مین دل ہو یہان یا سفر مین ہو ۔۔۔ یارب نہو مدینی سی غافل کسیطرح

تجہسی غبار دل مین رہیگا ای فقیر
ورنہ وہانکی خاک مین تو مل کسیطرح

آب و ہوای شہرِ نبی ہی بقای روح ۔۔۔ وہ ارضِ ذاتِ نخل ہی راحت فزای روح
کہلتین ہین اونکی دیکہنی سی چشمہای دل ۔۔۔ اون جالیونسی ہوتی ہی کیا کیا جلای روح
خارِ مدینہ ہی تو ہی مژگانِ چشمِ عیش ۔۔۔ خاک اوس دیارکی ہی تو ہی کیمیای روح
آبِ مدینہ ہی تو وہ ہی آبِ زندگے ۔۔۔ خرمای طیبہ ہے تو ہی طیبِ غذای روح
بیماری مدینہ ہی تو ہی شفای دل ۔۔۔ دردِ مدینہ ہی تو وہ ہی بس دوای روح
کلفت بہی ہے تو باعثِ الفت ہے بس وہان ۔۔۔ وہان ابتلا بہی ہی تو ہی دفعِ بلای روح
دفنِ بقیع ہی تو وہ پنہان ہی راہِ خلد ۔۔۔ ہی مرقدِ بقیع تو ہی کف فضای روح
عرضِ صلوۃ وہان ہے تو رحمت خدا کے ہے ۔۔۔ بترِ دو کون ہی تو وہان ہی برای روح
طیبہ وطن بہی ہی تو محمد کا ہے وطن ۔۔۔ مہمان سرا بہی ہے تو ہی مہمان سرای روح
فراش ہین وہان تو ہین فرشِ رسول ۞ ۔۔۔ جاروب کش وہان ہین تو ہین بال صفای روح
اوٹھہ جای کیونکی مرقدِ عالی سی وہان حجاب ۔۔۔ کیونکر ہو خیرہ چشمونسی کشف الغطای روح
قالب ہو میرا قالبِ مرغِ مدینہ کاش ۔۔۔ عشقِ خدا و عشقِ نبی ہو بجای روح

بی جنت البقیع خدایا فقیر کو ۞
ڈرہی ہین کہین نہ نکلجای ہای روح

ردیف الخاء

درگاہِ کبریا مین ہے دستِ دعا فراخ
عشقِ نبی مین ہوئی میرا حوصلا فراخ

وسعِ عجم سے یہ دلِ وحشت زدہ ہی تنگ
اسکو تو محض دشتِ مدینہ ملا فراخ

لیجا ہی سب مری گلِ تسلیم و آرزو
اتنا کہان ہی دامنِ بادِ صبا فراخ

تنگ آگئی بدن سی مدینہ کو دیکھہ کر
رنجِ سفر مین ہو گئی تھی جو قبا فراخ

دلوائی حق نے منزلِ فردوس مین مکان
ایسا کیا رسول کا دستِ عطا فراخ

عشقِ شہ اک سے سنان نے جو سینہ مین
سوراخِ سینہ کیونکہ نہون جا بجا فراخ

وہان دل سب ایک روزن مین سما گئے
دیکھو تو کسقدر ہے یہہ ملکِ خدا فراخ

تنگ آئی سب جہان تو آئی خطر نہین
جب سنتِ رسول مین دل ہو گیا فراخ

جو تنگنا ہی دہر مین ہین تابعِ حبیب
جنت ہی اونکو صحبتِ ارض و سما فراخ

دیکھا ہی جب سی وسعتِ راہِ مدینہ کو
فکرِ سخن مین ہے روش اپنی ہی کیا فراخ

اللہ پہر مدینہ ہو اور یہہ فقیر ہو
ہے اس سوال کے لیے دستِ گدا فراخ

نہین اوس روے روشن پر حجابِ عالمِ برزخ
نظر ہے خیرہ پیشِ آفتابِ عالمِ برزخ

وہان ہین رحمۃ للعالمین ڈرتی ہین کیون عاصی
طفیل اونکے نہو گا عذابِ عالمِ برزخ

گذرگاہِ شمیمِ مصطفے ہے تو عجب کیا ہے
کہ ہو مشکل بابِ خلد بابِ عالمِ برزخ

طفیلِ ساکنِ طیبہ سکونِ دل ہو یا اللہ
نہ دیکھین ہم وہ دردِ اضطرابِ عالمِ برزخ

بقیعِ پاک کی مرقد سی ہو پیدا رغبت اپنا
نصیب اپنے ہو یا رب جبکہ خوابِ عالمِ برزخ

الٰہی ذرہ ذرہ میرا چشمِ شوق ہو و شدن
جب اٹھی ہو روی نوری نقابِ عالمِ برزخ

جو گورستان مین فخرِ مصطفےٰ آئی تو ہو جائی
عذابِ عالمِ برزخ ثوابِ عالمِ برزخ

نکیرین آئین میرے پاس جب ہمراہ رسول اللہ
نہو ہیبت خدایا باریابِ عالمِ برزخ

فقیر اللہ سے امید ہے مرکر مدینے مین
نپوچھا جائیگا مجھسے حسابِ عالمِ برزخ

نگارین ہات ہین جن مہوشون کے رنگِ حنا سے سرخ
سرشکِ خون سے ہین عشقِ نبی مین انکی مژگان سرخ

مدینے مین خوشی سے تہا جو رنگِ روی خندان سرخ
جدائی مین وہ ہے اب دہی اور چشمِ گریان سرخ

وہان کہسار کو غیرت ہے کوہستانِ طیبہ سے
تو ہے خونِ دل کہسار سے لعلِ بدخشان سرخ

فراقِ جانِ جانان مین کیون نہو ہی رنگِ زرد اپنا
کہان رہتی ہی جان جاتی ہی شکلِ روی بیجان سرخ

یہان عشقِ رسول اللہ مین دل خون ہوا جنکا
مکان یاقوت کے جنت مین ہین انکی لیے وہان سرخ

ہوی جور و سیہ ہان انکی انکار و عداوت سی
گئی نارِ سیہ مین وہ نہین وہان نارِ سوزان سرخ

دلِ عاشق کو وہان ہے خار ہی مژگانِ چشمِ عیش
دلِ دشمن مین گویا تیر ہی اور جو پیکان سرخ

وہ گل ہے جلوہ گر جسکی بنی گلزار مدینہ مین
بشکلِ لالہ ہی وہان گل ہر خون کے چشمِ حیران سرخ

وہ کیا کچھ سرخرو ہونگی جانبازِ رسول اللہ
ق کہ ہر قطرہ خونِ عدا تہا اور انکی تیغِ بران سرخ

حدیثِ مصطفےٰ انکی لیے ایسی مبشر ہے
کہ ہونگی مشکبو سب زخم اور خونِ شہیدان سرخ

تہی ہون سرخرو جو ایک دن راہِ محمد مین
فقیر اپنا بہی ہو خونِ شہادت سے گریبان سرخ

ردیف الدال المہملہ

بحر و وزن غزل گو بیا

عرب ہے مظہرِ شانِ محمد — عجم ہے زیرِ فرمانِ محمد

بجا رخونِ کفار اکدم مین پیجائی — لبِ شمشیر و پیکانِ محمد

رخِ مہرِ قیامت کا نمونہ — رخِ شمشیرِ عریانِ محمد

گئے اک حرف سی طرف تقرین — ہوئی جو حرف گیرانِ محمد

ادا کب ہوئے شکر اونکا کہ جو ہین — خدا کی بعد احسانِ محمد

بہت ہان باپ ہیے میر احسان — اونہین کرتا ہون قربانِ محمد

الٰہی کونسا دن ہوئیگا وہ — کہ ہومین پہر بہی مہمانِ محمد

الٰہی عاشقانِ با صفا کو — نہوئی داغِ ہجرانِ محمد

لگائین جای سنگِ آستانہ — مجھے ایکاش دربانِ محمد

غمِ امت مین تہا اللہ ری کیا کچہہ — وہ جوشِ چشمِ گریانِ محمد

پیام آیا ہم اتنا خوش کرینگے — نہوگی پہر حزین جانِ محمد

یہ حق جانونکا غم ہے جانِ جانکو — وہ جانین ہومین قربانِ محمد

ہنسانا ہمکو محشر مین خدایا — طفیلِ روی خندانِ محمد

بنی قلزم بہی اک چھوٹا سا نقطہ — دردنِ نونِ عمانِ محمد

ق ہمیشہ مدحِ احمد کی لیئی تو — میرے اللہ رحمانِ محمد

بہت رکھہ مجھپر احسانِ مضامین — طفیلِ روحِ حسانِ محمد

فقیر اپنی کہان طاقت ہے واللہ
کہ ہومین کچہہ ثناخوانِ محمد

نحن نقول ربنا صلِّ علی محمد — کان لہ دعاؤنا صلِّ علی محمد

دل ہوا آرزو مین خون غصہ یہ کاش جا کہون
شام و سحر یہی صدا صل علی محمد

ہی یہی گفتگوی دل ہی یہی آرزوی دل
ورد زبان رہی مرا صل علی محمد

جن و بشر کو روز و شب حضرت حق سی ہی طلب
رب غفور مصطفے صل علی محمد

اول و ختم ہر کلام ہی یہ عرب مین التزام
صل علی نبینا صل علی محمد

طیب ورد سی وہان کان ہین مثل عطردان
جس سے سنا یہی سنا صل علی محمد

عرض صلوۃ کا ذرا کیا ہی زبان پی وہان ہا
جسنے کہا یہی کہا صل علی محمد

نقش ثواب جاودان اوسکی لیئی رہا یہان
جو کہ قلم سے لکھہ گیا صل علی محمد

عرض فقیر ہو قبول رحمت حق ہو نزول
لحظہ بلحظہ یا خدا صل علی محمد

ورد زبان ہو ہر زمان صل علے محمد
کہتی ہو ہر زمان زبان صل علی محمد

حاضر و غایب ایک سا حال مرا ہو یا خدا
کہتا رہون یہان وہان صل علی محمد

میرا ہی ورد یہ نہین کہتی ہین بلکہ ہر کہین
حور و ملائک انس و جان صل علی محمد

دل سی ہمیشہ تا بلب ہو یہی شغل روز و شب
ذکر ہو ظاہر و نہان صل علی محمد

رہ گیا ہای مین ملول حضرت مرقد رسول
کہنا نصیب ہے کہان صل علی محمد

اوسکی ترازوِ عمل ہوئی ثقیل بے خلل
رطل ہو جسکا بس گران صل علی محمد

کیا ہی عمل فرو ہی دونو جہا مین سود ہے
ہی وہ متاع بی زیان صل علی محمد

سبکی طرف سی بار بار کہون درود ہون نثار
رب غفور جاودان صل علی محمد

اسکو خدا یہان نہ کہہ ہجر مین نیم جان نہ کہہ
جا کہی یہہ فقیر وہان صل علی محمد

ہوا دل گردِ راہِ مصرِ احمد — دکھا اللہ ماہِ مصرِ احمد

رہا دل حامل اوس حرّ الم کا — ہوا وہ دودِ آہِ مصرِ احمد

ہوا مُو کا کل ہر مدعا کا — رگِ ہر کوہ وکاہِ مصرِ احمد

وہ کم ہوا اوس سردِ سعِ علو کو — سما ہو گر کلاہِ مصرِ احمد

فقیر اوس مصرِ والا کو رسا ہو
کہ ہو رحم الٰہ مصرِ احمد

سکونِ دل ہے سکونِ مدینۂ احمد — دلِ جہان ہے درونِ مدینۂ احمد

ستون ہین مسجدِ احمد کی رکن سقفِ جہان — وہ دلستان ہین ستونِ مدینۂ احمد

خوشی ہی ہوتی ہی وہان ایسی زندگی تہان — کہ ساعتین ہین قرونِ مدینۂ احمد

الٰہی سر ہو یہہ سودا زدہ مدینی کا — یہہ دل ہو اور جنونِ مدینۂ احمد

وہ اہلِ دولتِ دنیا مین کیسی دون ہمت — کہ جیتی ہین جو بدونِ مدینۂ احمد

نہ رنگ بدلی مرا کیون کہ یاد آتا ہے — بہار بو قلمونِ مدینۂ احمد

اشارہ ہی کہ وہ نورِ نبی ہی نورِ قلوب — بجا ہی دل ہے جو نونِ مدینۂ احمد

لگا ہی دل پہ مرے نیشِ عقربِ ہجران — کہان ہین اہلِ فسونِ مدینۂ احمد

غنا ہی حور پہ مائل ہو کیا دلِ عشاق — جو حُسن چکلے ہین لحونِ مدینۂ احمد

ہوا ظواہرِ طیبہ پہ شیفتہ عالم — تو کیسے ہونگے بطونِ مدینۂ احمد

فقیر دل تو درونِ مدینہ ہے میرا
اگرچہ مین ہون برونِ مدینۂ احمد

دل اگر محوِ مدعا گردد — حاصلِ سر کارہا گردد

قطعہ

اگر آه دلم رسا گردد — درد دل را همه دوا گردد
ورد ما لا اله الا الله — روح و دل را سرور ما گردد
گم رود در ره محال ار کس — در ره مدح رهنما گردد
کاسهٔ عمر ما اگر معمور — در ره سرور ورا گردد
گردد اسلام ما درو کامل — در دار السلام وا گردد (جهان)
گردد در مهر در دل او — ماه کامل درو سها گردد
کلک را وسع کو که در همه عمر — اوج راس و دو سرا گردد

ق

طالعم کو فقیر گاه وداع — وصل مصر رسول ما گردد (جان — وصول — یا نصیب)

این غزل در مدح مسجد محترم رسول الله صلی الله علیه وسلم

نظرگاہ دو عالم ہی رسول اللہ کی مسجد — کہو جنت سے کیا کم ہے رسول اللہ کے مسجد
کبھی سجدہ ادا کرتی تھی وس مسجد مین ہم تم — اب اپنی ولمین وہ دم ہے رسول اللہ کی مسجد
وہی ہی سجدہ گاہ مصطفے عادات ہوئی مین — عجب جائے مکرم ہی رسول اللہ کی مسجد
کہان آنکھوں کی ٹھنڈک اب نماز وہمین یہان آ کر — کہان اے چشم پرنم ہے رسول اللہ کی مسجد
وہ ذات رحمۃ للعالمین مخفی اوسمین ہے — ہوئی کس راز کی محرم ہے رسول اللہ کی مسجد
بشکل خلد وہان ان لکو تھا نہ سے خوف وغم — عجب ہے دافع غم ہے رسول اللہ کی مسجد
ہم اوسکو دیکھہ آئی شکر ہے اکدن تھے کہتی تھے — کہان و اللہ اعلم ہے رسول اللہ کی مسجد
ریاض جنت اوسمین ہے روضہ اوسمین منبر اوسمین ہے — خود انوار مجسم ہی رسول اللہ کی مسجد

حباب بحر رحمت و صف برج سبز ہی زیبا
کہ رحم حق کا خود یم ہی رسول اللہ کی مسجد

وہ روح اللہ روح اللہ سے ہان حیا ہے دل
کہ گویا بطن مریم ہے رسول اللہ کی مسجد

زیارت مین لگی کل ختم سورہ فاتحہ کی بعد
رسول اللہ سی ضم ہی رسول اللہ کی مسجد

وہ برج سبز ساری کافرونکو زہر دیتا ہی
حق کفار مین سم ہی رسول اللہ کی مسجد

صفای قلب کو جاروب کش رہ ای فقیر وہین
ہمین اکسیر اعظم ہے رسول اللہ کے مسجد ؛

این کلمات مصدرہ در عشق و مدح روضہ منورہ

نہین آرام اس دلکو کہان ہی روضہ احمد
کوئی رستا بتا دیجو کہان ہی روضہ احمد

دل غش خوردہ کو رخصت کے دن جب ہوش آتا تہا
تو کہتا تہا کہ دکہلا دو کہان ہی روضہ احمد

مدینی مین نگاہ شوق تہی جالی کی روزن مین
مگر یہان تا ہی ای آنکہو کہان ہی روضہ احمد

کہان ہو چین اس دلکو دیکہنی کے بعد ہجران مین
تصور ہے جو ہو تو ہو کہان ہی روضہ احمد

مجہی تم ای فیقو کس لئے پہر یہان سی لی آئی
تمہاری پس بیدردو کہان ہی روضہ احمد

حضور مین جو حیرت تہی کہ مین اپنی ہی آنکہو نسی
یہ کہتا تہا کہ دیکہو تو کہان ہی روضہ احمد

غنی ہو کر غلام سند ہوای اغنیا افسوس
کبہی تو ڈہونڈتی جاؤ کہان ہے روضہ احمد

بہشت ایسی ہی ہین یہان ہر روضہ فردوس کے طالب
خبر ابتک نہین انکو کہان ہی روضہ احمد ؛

جو وہان حاضر ہی مین اور دل وہان حاضر نہین انکی
تو وہ کیا جانین ای یارو کہان ہی روضہ احمد

نگاہ شوق کا رخصت کے دن ہی پر تقاضا تہا
کہ پہر پہر دیکہتی جاؤ کہان ہی روضہ احمد

پڑا کوہ الم سر پر ہوا غل جبکہ زیر کوہ
نظر سی چہپ گیا اب تو کہان ہے روضہ احمد

یہ بیتابی تہی اوسدن ہم یہ کہتی تہی فراہہی ‎ ‎ ‎ کوئی پہر خدا کہدو کہان ہے روضۂ احمد

فقیر اب تو مدینے کا بہی رستا دیکہہ آئی تم
چلو پہر پوچہتی کیا ہو کہان ہے روضۂ احمد

مراح روح وجان عاشقان ہی روضۂ احمد ‎ ‎ ‎ الٰہی تو وہان لیچل جہان ہی روضۂ احمد
عجب کیا [جای راحت] روضۂ فردوس کو بہی رشک ہوا وسپر ‎ ‎ ‎ مکین ہے کون اور کسکا مکان ہے روضۂ احمد
دو عالم ہین معطر جسکی خوشبوئی رسالت سے ‎ ‎ ‎ وہ عطر لطف حق کا عطر دان ہے روضۂ احمد
مدینہ بارک اللہ کیون نہ ایسا خوبصورت ہو ‎ ‎ ‎ وہ قالب ہے مدینہ جسمین جان ہے روضۂ احمد
قیامت مین دو عالم جسکی زیر سایہ ہوینگی ‎ ‎ ‎ اوسی ظلّ کرم کا سایبان ہے روضۂ احمد
ہوئی راہ نظر مسدود یارب جسمین جانی سی ‎ ‎ ‎ وہ کیا گنجینۂ سرّ نہان ہی روضۂ احمد
چراغ و شمع کی محتاج کیون وہ خاص سجدہ ہو ‎ ‎ ‎ منور جسمین ہر دم مہرسان ہی روضۂ احمد
ہزارون عاصیان مسوزن وہان جمع ہر دم مین ‎ ‎ ‎ یہین گویا شفاعت کا مکان ہے روضۂ احمد
اثر حسن قدم کا حسن جاوت پرا یہ جس سے ‎ ‎ ‎ زیارت گاہ خلق دو جہان ہی روضۂ احمد
وہان عصیان سے دل فارغ رہا اور خوف دوزخ سے ‎ ‎ ‎ وہ آفات دو عالم کی امان ہی روضۂ احمد
وہ قیوم و توانا پہر کہین لیجائے وہان مجکو ‎ ‎ ‎ کہ پہر مقصود جان ناتوان ہی روضۂ احمد
کہی دیتی ہی حال دل یہ چشم اشکبار اپنا ‎ ‎ ‎ کہ ان آنکہون سے دیکہا بی گمان ہے روضۂ احمد
وہان کیا تاب ہے جو ہوش مین اپنی رہی کوئی ‎ ‎ ‎ خوش آدمی کا امتحان ہی روضۂ احمد
حق زوّار مین عرض شفاعت کے لیے گویا ‎ ‎ ‎ دہن ہی مسجد احمد زبان ہی روضۂ احمد

تجہی بہی حق نی وہان پہنچا دیا تہا ای فقیر افسوس
کہ تو اب پہر کہان ہے اور کہان ہی روضۂ احمد ۔

بیانِ مدحِ جبلِ اُحد گذرگاہ رسول اللہ الصمد

چشمِ سر ہو اور تماشائی اُحد — طورِ دل ہو اور تجلائی اُحد

موم دل ہو جاے وہان ہر سنگدل — دیکھکر وہ روے زیبائی احد

کیون نہ اوسکا بولبالا ہو مدام — مصطفے جاتی تہی بالائی اُحد

حشر مین عشاق احمد کی لیی — سنگ میزان کیون نہ جائی اُحد

کسکے الفت کا سبب ہے جس پہہ — دلمین ہے جوش تمنائے اُحد

مین نہ کہون جب تلک طیبی کی شکر — کیا کہون مین صفِ سراپائی اُحد

یا خدا پہر بہی مدینہ ہو مقام — دمبدم پہر بہی نظر آئی اُحد

وہان ہوا کس شکیب سف کا گذر — ہی ولِ عالم زلیخائی اُحد

مہبطِ نور نبی وہ ہی تو پہر — کوہِ عالم کب ہین ہمتائی اُحد

اسکو اونسی انس ہے تو کیا عجب — خلد مین انسان بنجائی احد

جو ہوا مداد مولے ای فقیر
تجکو پہر بہی کون دکہلائی اُحد

کیون نہوئی موردِ لطفِ احد شانِ اُحد — لعلِ حبِ سرورِ عالم ہی پنہانِ اُحد

ہوئیگا اونکی لیی سنگِ ترازوی ثواب — بہر حبِ مصطفی مین جو محبانِ اُحد

رشک سے ٹکرا کے سر کوہِ عجم کو ہو مین خاک — کب ہین نہ ہمسنگِ گ کاہ میدانِ اُحد

سربسر محبوبِ احمد ہی وہ کوہِ پرشکوہ — اور رسول اللہ پر قربان ہے جانِ اُحد

دولتِ ملکِ احد کو ل گیا خازنِ امین — ہی بقیعِ پاک مین گنجِ شہیدانِ اُحد

پھر ہو غائب مجھسی یارب چہرہ تاریک شید
پھر دکھا دی مجھکو وہ روے درخشان احد

اوسکی وسعت مین ہا گلزار دیدار احد
اللہ اللہ یہ فراخی ہای دامان احد

رونا آتا ہی ایسی غم مین کہ ہوئین پھر ہم
چشم گریان میری در وہ روے خندان احد

ہی مزا معمورہ ہندوستان مین دل خراب
کاش مین دیوانہ ہون در وہ بیابان احد

ہی ایسی غمسی دل ہر سنگ مین آتش نہان
کیون نہ یہان مین بہی ہوا ہمسنگ و ہمشان احد

ہو چکی ہین جو یہان دیوانہ حب رسول
کیون نہ وہان لذت ہے کہا مین سنگ طفلان احد

نقل ہیران محبت مجکو یارب ہو نصیب
دست قدرت مین ہی جیسا ان مین میزان احد

سنگ زیر سر ہی ذکو غیرت بالین عیش
جو ہین حب مصطفی مین خاکساران احد

مجمع خیر دو عالم ہے وہ کوہ باصفا
کون کون اوسپر گئے ہمراہ سلطان احد

موم دل ہو جاے یارب یہہ فقیر سنگدل
بہر سلطان احد بہر شہیدان احد

جو خدا دکھا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ
تو غنے بتا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

نظر ہی دلکی ہان ہے نظر آئی بیان کیا
جو نظر آتا ہی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

وہ غبار گور وہانکا ہو کنار یادر خلد
جو وہین سلا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

بہت ایسی ہین ملا ہی وطن اونکو وہ مدینہ
نکلا تو نا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

اوسی ڈہونڈتا ہے پہر دل ہی دیکھیی کہ کبتک
وہین پہر بہی پا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

چلے جائین پہر وہین ہم تو رفیق کیونکی الامین
جو وہین چہپا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

وہی کاخ جنت اپنا ہو جو خاک مین ہے اک دن
کہین ہان ملا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

نظر آئی ہند مین پہر مین شکل کافروان کے
کہین پہر بچا ئی ہمکو وہ مدینہ محمدؐ

وہین صبر مرگ تک ہو کسی ورد سی خدا یا	اگر آزمائی ہمکو وہ مدینۂ محمد
جو وہ جالیوں کی آنکھین ابھی لمعتین رہی ہین	تو نہ کیون بلائی ہمکو وہ مدینۂ محمد
وہی خندۂ سحر ہو جو تمام پھر سفر ہو	وہین پھر سنائی ہمکو وہ مدینۂ محمد
نہ ہو ہجر پھر وہاں سی نہ جدا ہو جسم جا بسی	نہ کبھی رولائی ہمکو وہ مدینۂ محمد

ہین ہزارون اور مسکین مگر ای فقیر افسوس
کہ نہ دی تو جای ہمکو وہ مدینۂ محمد

وہ حسن و جمال محمد	وہ جاہ و جلال محمد
وہ عارض صورت مصحف	وہ خط و خال محمد
سب ظل حسن قدم ہین	اللہ ری کمال محمد
ہی ابر رحمت رحمان	وہ جود و نوال محمد
قرآن ہی اگر دیکھو تم	خوبی خصال محمد
حق جسکا مصدق ہی آپ	وہ حق ہی مقال محمد
ہین مد نظر عالم کے	وہ میم و دال محمد
کیا وصف لکھون عالم مین	ہی کون مثال محمد
محشر مین نہ کہنا یارب	محروم وصال محمد
چون خاک مدینہ ہم کاش	ہوتی پامال محمد
امت کیلئے یہی تہا	وہ رنج و ملال محمد
تجکو ای امت ناشکر	کچھہ بہی ہی خیال محمد

ہردم ہے فقیر اپنا تو ؛

مولی سی سوال محمد

ہوا مہر آسمانِ دل و جان رخِ محمد
رخِ بی چگون یہ ہی یہ نگران رخِ محمد

وہ نظر تھی کتنی عالی کہ جو تھی نصیب اصحاب
وہ جو دیکھتی تھی نورِ دو جہان رخِ محمد

یہ کاملِ شفاعت سے ہی سب جہان خنک چشم
کہ ہی آفتابِ محشر سی امان رخِ محمد

وہ بشکلِ مہرِ انور ہی نہان شعاع مین خود
نہین وہان حجابِ رخ مین نہان رخِ محمد

رخِ سرِّ حق نظر مین رہا غیب سے وہ گویا
رہا جب تلک نہ بینی مین عیان رخِ محمد

یہ زمینِ شعر اپنی ہی گلستانِ فردوس
اگر اسکی بندِ شو نہین ہو بیان رخِ محمد

رخِ بی چگون کو اوس سے ہو کیونکی شانِ اعرض
جو کسی شقی سی معرض ہو نہان رخِ محمد

ہوا برقِ قہرِ مولی وہی کافرونکی جان پر
ہوا مومنون کو انوارِ جنان رخِ محمد

یہ فقیر قولِ ثابت پہ ہو قبر مین خدایا
کہ دکہائین جب نکیرین ا سی عیان رخِ محمد

قرآن اعجازِ محمد
سنت ہی رازِ محمد (حدیث)

تھی دلسی صدائے خشیت (بوقت نماز)
الله رہی نمازِ محمد

حق سی عطای علو مین (الله جل شانہ) (درجات)
ہی کون انبازِ محمد (شریک)

کیا جانین اہلِ نہایات
سرِّ آغازِ محمد

الله ہماری دل کو (سوختہ)
دی سوز و گدازِ محمد

بی برگ و نوا مین ہین
بی سوز و سازِ محمد

وہ دل ہی نگینِ اسرار
ہی جسمین طرازِ محمد (نقش)

حاضر تھی سنگ و شجر بھی
سنکر آوازِ محمد

مرجاؤن فقیر اونپر کاش
مین ہون جانبازِ محمد

کیے محمد سی حق تعالی نی خوش نصیب مقامِ محمود
مقامِ محمود ہی حبیبا ونکا وہ حبیبِ مقامِ محمود

اگرچہ محشر وہ وردِ دل ہے کہ اوسمین ہر کوئی مشتغل ہے
مگر دوا ہی تو متصل ہے وہان طبیبِ مقامِ محمود

مقامِ محمود مین الہے جو جلوہ گر ہوئی ابجت اونکی
جو دیکہتی ہوئی چشمِ عاصی کہین قریبِ مقامِ محمود

یہہ دیکہیے کیسی وہ ثنا ہو وہ کیسی الفاظ مین ادا ہو
جو بہرِ تحمید خوش نوا ہو وہ عندلیبِ مقامِ محمود

وہان ہی وہ بوی باغِ سرمد کہ ہین مطبق اوسکی بہر محمد
تو ہوئی کسکا سوای احمد دماغِ طیب (خوشبو) مقامِ محمود

یہہ پنجگانہ دعا ہئی میری اذان سُن سُن کے یا الہے
مقامِ محمود منزل اونکے ہو یار قیبِ (یا حافظ) مقامِ محمود

فقیر اوسوقت کوئی دیکہی مقیم ہونگی جناب اوسکی
قریب ہوگا رخِ نبی سے رخِ عجیبِ مقامِ محمود

رہِ رویتِ حق دلیلِ (رہنمای) محمد
جمالِ قدم کو بہی اللہ سی کیا کچہہ
وہ مقہورِ قہر و جلالِ خدا ہین

سبیلِ جنان ہر سبیلِ محمد
پسند آئی طرزِ جمیلِ محمد
ہوئی جو کہ اعدا قتیلِ (مقتول) محمد

[illegible]

دو یہ

جو یہ گبر و ترسا نلائینگے ایمان — نچھوڑیگا اخذ و بیل محمد

وہ یعنی تہ تیغ آجائینگے سب — جب آئینگے عیسے وکیل محمد

کفیل نجات جہان مصطفی ہین — خدای جہان ہی کفیل محمد

نہوئیگا واللہ تا حشر مقطوع — محمد سی اجر جزیل محمد

نزول الف لام میم اسلیے ہے — کہ اللہ سی جبرئیل محمد

محمد پہ لائی مبرّات و کرّات — کلام خدای جلیل محمد

مقدر تہا ایمان جن طلبین کا — ہوا اونکو اقوم یہ قیل محمد

تو ار یر دلہای کفّار ٹوٹے — سُنا جب یہ قول ثقیل محمد

کہان الف لیل جہان ایسی مقبول — وہ جو کچہہ ہی لیل قلیل محمد

ہمیشہ ہی مصروف تسبیح و تقدیس — محمد سی تسبیح طویل محمد

عنایت تو دیکہو کہ قادر ہی لیکن — نہ بہیجا خدائی عدیل محمد

فقیر اسلئی کہین فصل جان ہو
مدینی مین زیر فصیل محمد

جو خنّاس دلی سی ہی جلی عشق محمد — تو دکہائیگا وہ انوار خفی عشق محمد

ہوا نور دل ہر سعد و تقی عشق محمد — کہین عالم مین نہین حظ شقی عشق محمد

یہان جو لیا سعید ازلے عشق محمد — تو ہوا اوسکو حیات ابدی عشق محمد

رسن ناقہ لیلے ہو ید قیس مین گویا — جو بنائی مجہے تواب نبی عشق محمد

ہوی مقتول جو معشوق تہی عشاق کے قاتل — تری اللہ ری ناوک فگنی عشق محمد

یہ عجم کیون نہو دیوانہ کہ مانند سویدا — ہوا سودای دل ہر عربی عشق محمد

کبھی ای عاشقِ دنیا نہیں کہا ہی یہ — یہ ہوا کیا ہوا تجکو کبھی عشقِ محمد
ہوا ایمانِ حبد کی لیی یہ قوتِ نامی — ہوا قوتِ دل ہر پیر و صبی عشقِ محمد
وہ سمجھتا ہی سی ملک مین سرِ ملکوتی — کہ بنا تا ہی جب انسان کو ذکی عشقِ محمد
دلِ عالم مین اثر آج ہو جس اہلِ سخن کا — تو سمجھنا کہ یہی اوسکو دلی عشقِ محمد

کہین جائی فقیر اب غم دارین سی فارغ
وہ نصیب اسکو ہو یارب غنی عشقِ محمد

یہ دل ہوئی اور جست و جوی محمد — یہ آنکھین ہون اور شوقِ روی محمد
حدیثِ محمد ہو اور گوشِ دل ہو — زبان ہوئی اور گفتگوی محمد
قدم ہوئین اور گردِ راہِ مدینہ — یہ عاشق ہو اور خاکِ کوی محمد
وہ گلزارِ روضہ ہو اور بلبلِ دل — دماغِ روان اور وہ بوی محمد
یہ بات اپنی ہوئین وہان جالیو مین — نظر محوِ حیرت ہو سوی محمد
یہ میرا دہن ہوئی اور وہ صراحی — یہ لب ہوئین اور وہ سبوی محمد
وہان رات دن ہوئین اور مین گنہگار — پہرون مثلِ سگ کو بکوی محمد
تمنا ہی اکدن ہو وہان آستان پہ — جنازہ مرا رو بروی محمد
بقیعِ مدینہ مین ہو قبر میری — بنی تربت مشکبوی محمد
محبانِ احمد محبانِ حق ہین — عدوِ خدا ہین عدوی محمد

فقیر اپنا دل ہی زیارت کی قابل
کہ اس دلمین ہے آرزوی محمد

کیون صبر نجائی دلِ ناشاد سی برباد — کیون مجکو مدینی نی کیا یاد سی برباد

نہر و جبلِ طیبہ دکھاتی اگر اوسکو ۃ — ہوتا غمِ شیرین دلِ فرہاد سی برباد
جو دشمنِ سنت ہین مطیعانِ ہوا ہین — وہ عاد صفت ہین صفتِ عاد سے برباد
کیا محوِ گلستانِ عجم ہونگے جسبطور ۃ — شداد ہوا گلشنِ شداد سی برباد
تب جمع دل اپنا ہو کہ ہو دشتِ مدینہ — اور خاک مری جائی وہان باد سے برباد
مخلص کبھی مہجورِ مدینہ نہین کیون ہو — ہر درہمِ خالص ہی نقاد سی برباد
اک خارِ مدینہ ہی دوا میری جنون کے — کیون خون کیا نشترِ فصاد سی برباد
رہجاتی درِ روضہ پہ افتادہ اگر ہم — کب ہند مین ہوتی کسی افتاد سی برباد
جالی مین پہنسا دل تو ہوا طائرِ فردوس — کیون جائی وہ اوس شبکۂ صیاد سے برباد
آبادہی دل دو چراغِ نبوی ہے — یہان دل ہی جو زلفِ ستم ایجاد سے برباد

غم یہان کا نہ کہہ ملین فقیر اب تجی وہان چل
کیا ہوئیگا گہر ہجرتِ آزاد سی برباد ۃ

جو نقشِ دل ہین اوصافِ جمیلۂ محمد — نظر آئینگی وہ انوارِ جلیلۂ محمد
ہمین ظلمتِ قیامت سے خطر نہین کہ ہمراہ — یہ زجاجِ دل مین روشن ہی فتیلۂ محمد
رہی حلِ معصیت مین تو حلولِ قہر ہوگا — مگر اپنی حلِ مشکل ہو بحیلۂ محمد
وہ اگرچہ ہو فلاطون ہی تو سر بسر ہی احمق — کہ یہان نہ عقل جلکی ہو عقیلۂ محمد
نہین طوقِ فہمِ انسان شرفِ کو معراج — کہ نبد ما براق جنت بطبیلۂ محمد
مری مصطفی پہ تسلیم و صلوٰۃ یا خدا اور — بجمیعِ آل و اصحاب و قبیلۂ محمد

یہ عجب نہین کہ جنت مین فقیر ہی غنی ہو
وہ ملا ہی ہمکو دنیا مین وسیلۂ محمد

دی خدا وہ محبتِ احمد — دل ہو محوِ اطاعتِ احمد

محض ذکرِ ولادتِ احمد — نہین اسطور سنتِ احمد

چاہیی یون ہی امتِ احمد — ذکرِ میلاد ور رحلتِ احمد

جیسے کرتے ہو بی رسوم و قیود — ذکرِ اخلاق و سیرتِ احمد

چھوڑکر ہیئتِ کذائیہ — جو کرو ذکرِ حضرتِ احمد

وہ عبادت ہے نورِ ایمان ہی — اوسمین حاصل ہی رغبتِ احمد

اور یہ بدعتین جو کرتے ہو — تم ہو اور ہمتپہ نفرتِ احمد

بدعتی بنکی پہر نہ بنا تم — انتظارِ شفاعتِ احمد

حشر مین بدعتے نہونگی — زیرِ ظلِ کرامتِ احمد

ہمکو کہتی ہین ساری مبتدعین — انکو ہی یہ عداوتِ احمد

کہ جو کہتی ہین یون مجالس مین — نہو ذکرِ ولادتِ احمد

ہم یہ کہتی ہین ہر عدو برای — لعنت اللہ و لعنتِ احمد

ہمکو بدعت سی بس عداوت ہے — ہم ہین شیدای سنتِ احمد

حالِ دل کو ہماری جانتا ہی — وہ خدا ربِ عزتِ احمد

کہ محبانِ مصطفی ہین ہم — مقتضے یون ہے الفتِ احمد

کہ ہر اک امتی کو ہو معلوم — راہ و رسمِ شریعتِ احمد

یہ حقیقت کہلے گی محشر مین — خاص وقتِ شفاعتِ احمد

کون جہوٹا ہی کون سچا ہی — کون ہی اہلِ سنتِ احمد

متبعِ سنت اب ہوا تو فقیر

لطفیل زیارت احمد

میری یوان کو جو حاضران محفل مولد | لگا رکھین بجای عطر دان محفل مولد
تو بوی سنت آئے دماغ جانمین اون سبکی | تا ئی گند بدعت درمیان محفل مولد
یہ نقل خلوت اقدس رسول حق ہی جلوت مین | بڑی گستاخ ہین سب عاملان محفل مولد
ولادت آپکی بس ہو چکی یکبار عالم مین | بڑی جہوٹی ہوای اہل بیان محفل مولد
جو کہتی ہو شبانہ روز اب پیدا ہوئے حضرت | یہ کذب و افترا ہی وارثان محفل مولد
یعنے جابجا محفل میلاد مین ۱۲
ہمیشہ کہتی ہو پیدا ہوئے اسوقت وہ مرسل | اور اسسے ہو رہی ہی عز و شان محفل مولد
تولد آپکا ہونا ہزارون بار عالم مین | ذرا انصاف ہوای عاشقان محفل مولد
کہ عادت ہے یہ کن لوگونکی اور کنکا عقیدہ ہے | ہمین کہتی تو ہو تم دشمنان محفل مولد
نہین ہے تمہارے علت ہمارے دشمنی تمسے | کہ ہم خود لے چکی ہین امتحان محفل مولد
وہ پیغمبر ہمارے ہین جو پیدا ہو چکے یکبار | وہ مرسل ہے تمہارا کوئی جان محفل مولد
صلے اللہ علیہ وسلم
کہ جسکو دمبدم تم آپ پیدا کرتی ہو ہر روز | بڑی دشمن ہو تم ای دوستان محفل مولد
حضرت کے
کوئی مشکل کشا کہتا ہی اس محفل کو تو یہ ہے | کوئی حاجت روا ای مشرکان محفل مولد
کہتا ہے
وہ بی نام و نشان ایسا تمہارا ہوئیگا کوئی | جو تمکو ہی غم نام و نشان محفل مولد
ہماری مصطفے اظہر من الشمس ہے عالم مین | نہین محتاج بزم و محدثان محفل مولد
بزم مولد ۱۲ مستبد علیہ ۱۲
محبت دلمین ہے کا ہیکو ہیر و شیخ و افغان کے | فقط ظاہر کی ہی آہ و فغان محفل مولد
تہپک کر کیا سلا دیتی ہی سبکو ذکر سنت سے | کچھ ایسی پر فسون ہے داستان محفل مولد

فقیر ایسا بیان کہ بدعت عین سنت ہے
مقر مصطفے ہین منکران محفل مولد

پیر سوم و قیود مشہور ۱۲

کذب علی النبی سی تم توبہ کرو پڑھو درود — بدعت و شرک سی بھی بچتی رہو پڑھو درود
سنت مصطفیٰ کو لو بدعتین ساری چھوڑ دو — مبتدعو پڑھو درود مبتدعو پڑھو درود
نوحہ گری بھی ہو چکی ماسوری بھی ہو چکی — صلو علیہ کو ذرا اٹھو سنو پڑھو درود
کر چکی خوب محفلین دل کی نکل چکی دھونین — دل کی مری اوٹھاؤ اب نیک بنو پڑھو درود
چاہیی پیا التزام لیل و نہار و صبح و شام — جس سے سنو سنو درود جو کہ پڑھو پڑھو درود
ابتو بنو موحدین تابع خیر مرسلین — بدعت و شرک کا کبھی نام نلو پڑھو درود
ہنر پہ دو روز تو نہین باقی کا سے عمر بہر بجائے — وقت کو حال اپنی تم جانی مدد پڑھو درود
محفل محدثہ کی لبس ابتو نہ کیجیو ہوس — گوشہ نشین بنو چلو بیٹھہ رہو پڑھو درود

؎ نیت خالص اہی فقیر ہی تو برحمت قدیر
عرض جناب مصطفیٰ ہو دیگا جو پڑھو درود ؎

یہ ذکر ہی ہمو خیر بسر مد الہی صل علی محمد — الہی صل علی محمد الہی صل علی محمد
الہی مسکن ہو شہر احمد عمل ہوا اپنا درود احمد — کہوئین سوء قرین مرقد الہی صل علی محمد
ہری ہین انیک بخت ہم دل کی یاد آتا ہے ہم مدینہ — تو ورد دیتا زیر سبز گنبد الہی صل علی محمد
عربی
الہی صل علی نبی الہی ہنی مستجب دعائی — افضل کل المساء والغد الہی صل علی محمد
فارسی
رسان درود و سلام یارب من ہر روز دل شب — زبان من ہر زبان کہ گوید الہی صل علی محمد
درود و رفع ہر بلا ہی درود خود رحمت خدا ہے — تو کیون نہو میرے دل کا مقصد الہی صل علی محمد

طفیل حمد خدای عالم پی صلوۃ رسول اکرم
ہو دعا یہ فقیر کی رد الہی صل علی محمد

جبھی کیو نکر رسول اللہ کا مسکن نا ئی یاد — دل بلبل کو ہر دم کس طرح گلشن نا ئی یاد

مدینی سی نکلنا یاد آنا اک قیامت ہے
الٰہی ہمکو پھر وہ وقتِ جان کندن نا‌ئی یاد

وہان تار نظر جالی سی زخم دلکو سیتی تہی
ہمین اب کیون یہان وہ تار وہ سوزن نا‌ئی یاد

نہ بدلی رنگ جا مدی کا سیاہ اسطو غیرت سے
درِ محبوب کا جو حلقہ آہن نا‌ئی یاد

رہون جا شاک طیبہ بین بہارِ سندسی فارغ
خس گلخن کو وہان یہانکا رخِ گلشن نا‌ئی یاد

مدینی کا ہوا اک قطرہ تو ہوئی بحر سی کشتی
مدینی کا ہوا اک انہ تو بس خرمن نا‌ئی یاد

لگائین عشقباز انکہین اگر اوس روزن در سے
کبھی انکو نگاہ چشم جادو فن نا‌ئی یاد

ستونِ مسجد احمد مین خم ہو جائین ہات انکی
تو پہر عشاق کو معشوق کی گردن نا‌ئی یاد

جو تر دامن ہین ہو پائی غنا معصیت سی یہان
غضب ہے اونکو بیت اللہ کا دامن نا‌ئی یاد

جو زائر سند یہ مرتے ہین یہان اون غنا کو حیف
مدینہ طیبہ کی صورت احسن نا‌ئی یاد

جو محو عیش ہین اہل فینہ وای محرومی
اونہین عیشِ مدینہ اور وہ مدفن نا‌ئی یاد

ہو دامِ جان و تن لی صید عشقِ مصطفےٰ جہن جائے
تو کیون مرکر بہشت و دام صیدِ افگن نا‌ئی یاد

رہی مرگ مدینہ یاد ہو لی زندگی یہان کے
مجہی یاد آئی یا رب دوست و دشمن نا‌ئی یاد

فقیر اہل مدینہ مین ہمارا ذکر کیونکر ہو
بجا ہی اہلِ گلشن کو خس گلخن نا‌ئی یاد

ہی مدینی مین وہ کیا رونق ایمان آباد
ہوگیا دیکھکے جسکو دل ویران آباد

تہا بقیع اسکی لیئی شہرِ خموشان آباد
خانۂ جسم مین کیون کہی یہ جان آباد

یہ دعا کرتی ہتی ہم روضۂ انور کی حضور
وصل آسان ہوا خانۂ احسان آباد

رخ پر نورِ محمد ہے جہان جلوہ فروز
بیتِ عزت صفت وسکی ہی کہ قرآن آباد

قیس معمورہ لیلےٰ پی عبث مرتا ہے
عاشقو نکی ہی مدینی کا بیابان آباد

روح مشتاق رسول الیسی ہی محبوس من ان
جیسے تہا حضرت یوسف سے وہ زندان آباد

یا خدا داغ محمد سے جلادی دلکو
نہو ظلمت سے کبہی پہر یہ شبستان آباد

کیا عجب نعت سے میری جو خدا راضی ہو (محمد ۱۲)
نام ہوئی میری ہر بیت کا رضوان آباد

وطن اپنا ہی مدینہ نہوا اور نہ فقیر
کبہی آباد ہی ویران کبہی ویران آباد

سر بسر جسکی طفیلے ہی یہ گیہان آباد
رکہی رحمت سے مدینی کو وہ رحمان آباد

چل مدینی کو کہ نعت اوسکی ہی لسان آباد
ہند کو چہوڑ کہ وصف اسکا ہی شیطان آباد

ہی گل و سرو سمن سے یہ گلستان آباد
یا کہ ہی نعت سے ہر صفحۂ دیوان آباد

رونق افزای مدینہ ہین وہ سلطان رسل
قلب مومن میں ہے یا جلوۂ ایمان آباد

مسجد خاص اور اوسکی وہ نمازی کیا ہین
گویا فردوس ہے اور اوسمین مسلمان آباد

اوسکا دل خون ہوا ہجران احد سی یعنی
کیون بدخشا نمین ہوا لعل بدخشان آباد

کیا ہی معمورہ رحمت ہے نبی کا مولد (کہ مدینہ ۱۲)
آج دنیا مین ہے وہ رشک سلیمان آباد

سایۂ حسن قدم حسن محمد کا ظہور (یعنے مکہ معظمہ ۱۲)
جو نہوئی تر ہے عالم امکان آباد (یعنے بیت المقدس ۱۲)

گر مدینی سی ملی دود چراغ اسکو فقیر
ہو دل مائل صد زلف پریشان آباد

کچہہ بہی تہی مدینہ مین ہمکو وطن کی یاد
رہتی کہان بہشت مین بیت الحزن کیے یاد

خار اہی طیبہ بستر عشاق ہو تو بس
وہ بہول جائین ہر بت نازک بدن کیے یاد

جو کہو نمین جنکا دل ہا اس مین ہے حیف (سنگ سخت ۱۲)
یاد خدا کی جای رہی راہزن کی یاد

ہو خود مین چشم روزن رکی ان شہید (بال ۱۲)
ہے اونسی دور دیدۂ ناوک فگن کیے یاد (معشوق ۱۲)

کہاتا جو سنگ طفل مدینہ بہی کی قیس — کب ہتی اوسکو لیلیٰ و سیب ذقن کی یاد
وہان وہ و شمع کشتہ سی ہی جا جسکو یہان لگن — ماری نگار غیرت سرو و سمن کی یاد
ہو مین جبال و نخل مدینہ اگر نصیب — شیرین سی تلخ ہوئی دل کوہکن کی یاد
ایسی ہتی ہم تو محو صلوۃ و سلام ہان — آواز کب ہتی ہند کی زاغ و زغن کی یاد
یاد آئی دمبدم مجہی خاک مدینہ اور — اوسکے بلا کو آئی میری خستہ تن کی یاد
میری زمین شعر مدینی کی وصف مین — دیکہی تو بہول جاہی یہ بلبل چمن کی یاد

چمکا طراز وصف محمد سی تو فقیر
ہتی ورنہ تجکو طرز کب اہل سخن کی یاد

رسول کبریا محبوب رحمان اسمہ احمد — عیان ہے شان آیات قرآن اسمہ احمد
خدا کی سامنے آپہی گواہ اپنی رسالت کا — ہوا ممتاز عالم شاہ ذی شان اسمہ احمد
وہ ممدوح خدا منعوت حوران و ملایک ہے — ہوئی کسطرح محمود انسان اسمہ احمد
ہمیشہ قرب ہے نام خدا سی نام احمد کو — ہوا اسم احد پر کیا ہی قربان اسمہ احمد
نصاری منکر عیسی ہین جو منکر ہین احمد کے — کہ فرماتی ہین خود وہ روح یزدان اسمہ احمد
یہہ بہت کیون ہو توریت مین موسوم حماد ون — تلاوت کرتی ہین تالی فرقان اسمہ احمد
محمد ہو رہی مدح احد ہین دین و دنیا مین — ہوا نام خدا بس کیا ہی شایان اسمہ احمد
جو ہر ساعت وحوش و طیر و دیو و جن مسخر تہی — تو کیا تہا زینت مہر سلیمان اسمہ احمد
الہی ہو گئی ذات مسمی کسقدر پرنور — جو روشن ہے بشکل مہر تابان اسمہ احمد
وجود اسکا ہوا احمد احد سی کیون نہو جانی — قبول حضرت حنان و منان اسمہ احمد

ملی الحمد للہ ای فقیر اپنی شفاعت خواہ

نبی الرحمة و سلطانِ محمد بان اسمه احمد

ردیف الذال المعجمة

نکیون معوذتین آئین پر شفا تعویذ
خدا نی انکو کیا بہرِ مصطفا تعویذ

جو پائین خاک نشین اونکا نقشِ پا تعویذ (رسول اللہ کا)
کہان ہوا ایسا کہین دافعِ بلا تعویذ

جو نقشِ صفحۂ دل سورۂ محمد ہو
تو دردِ دل کی لیی ہو دوا دعا تعویذ

نہوئی پہر مرضِ حرصِ قاقم و سنجاب
جو ہو مدینہ کا اک نقشِ بوریا تعویذ

علاجِ تیرگیٔ دل یہی ہی ای ہمدم
کہ تو مداو مدینہ سی لکھہ کی لا تعویذ

ہمیشہ رونی کا آزار ہی ان انکھون کو
وہ نقش جالیو نکا دی کوئی ذرا تعویذ

ذرا بہی ہولِ قیامت سے دل نگھبرائی
جو سنگِ طیبہ بنی میری قبر کا تعویذ

بغیرِ گوہرِ دیوار دل دہڑکتا ہے
یہ کیون نہو کہ ہوا طفل سی جدا تعویذ

ہمین سی ڈرتی ہین اب جن غولِ کفر و شرک
خدا نی جب سی یہ قرآن دیدیا تعویذ

جو شہر ہو گئی ویران وبای بدعت سے
لگا دو اونمین حدیثو نکی جا بجا تعویذ

یہ کسکی مدح کے مضمون ہین اے فقیر امیر
جو ہر ورق تیری دیوان کا بن گیا تعویذ

رقمِ نامِ محمد سے ہے نازان کاغذ
عارضِ حور سی افزون ہوا ذیشان کاغذ

کیا شرافت یہ محمد کے طفیل اسکو ملی
ساری عالم مین ہوا حاملِ قرآن کاغذ

وہ حدیثِ نبوی عزتِ قرطاس ہوئے
کہ بنا اسکے سبب دفترِ ایمان کاغذ

مرغِ دل لاتا ہی یون نعت کے مضمون گویا
لا کی دیتا ہی مجھے مرغِ سلیمان کاغذ

صفتِ روئی محمد کو جو مین لکھتا ہون — دیدۂ حرف سے رہجاتا ہی حیران کاغذ

کسکا مضمونِ جبینِ عرق افشان باندہا — میری دیوان کا ہوا نور سی افشان کاغذ

کیا عجب وضۂ احمد کا جو نقشہ لکہون — ورقِ جنتِ فردوس بنی یہان کاغذ

دمِ رخصت کی جو بیتابئ دل لکہی جائی — ورقِ بید کی صورت رہی لرزان کاغذ

کیونکی بات اپنی ہاتہ سی مجہی طوبی کی ورق — چاہیی لکہنی کو یہان نعت کا دیوان کاغذ

نورِ قرآن نی کیا نار سی ہمکو آزاد ؛ — لائی ہر عہد کی تحریر کا سلطان کاغذ

مدح اس بات سی لکہتا ہون عجب کیا ہی فقیر
کہ ملی اس مدینی مین مری ہاتہ کاغذ

تشنہ دل نی جو مدینی کا پیا آب لذیذ — کیا ملی واہ غذائی دلِ بیتاب لذیذ

نہین بیدار دلی مین ہی یہان جو وہ لذت — دیکہا آنکہون نی مدینی کا جو ہر خواب لذیذ

تشنۂ عشق وہان پاتی ہین تسکین جو اسد — مثلِ ریان ہی مدینی کا ہر اک باب لذیذ

خونِ دل ہی جو موافق ہی نبیذ طیبہ — ایسا ہوتا ہی کہان شربتِ عناب لذیذ

ہی مدینہ مین خنک چشمی یہ کسکی باعث — کہ وہان دہوپ ہے مثلِ شبِ مہتاب لذیذ

اغنیا جو کہ وطن کی ہی ہوا خواہ رہی — اور رہا اونکو وہین آب خور و خواب لذیذ

تارکِ حج و زیارت ہین وہ ایسے گویا — رہتی ہین نار مین اور اونکو ہی زرداب لذیذ

جانِ جاہل و دنی نزا پاتی ہین پیا ہی ہو — آج خرمای مدینہ کا خود القاب لذیذ

کیا مزا آب مدینہ مین ملا دل کو فقیر
کیا ہی مکہ مین ملی زمزم و میزاب لذیذ

ردیف الرار المہملہ

ہی حق و باطل مین فرقان جہان شق القمر
کیونکہ روشن ہے باوج آسمان شق القمر

نور انشق القمر اظہر من الشمس اسمین ہے
ہے ہمیشہ حشر تک جسسے عیان شق القمر

ہر جبین باداغ سجدہ محضر تصدیق ہے
کیون نہو علم الیقین مومنان شق القمر

سینۂ کفار شق سو بار ہو جائی تو ہو
کسطرح دو دِ حسد مین ہو نہان شق القمر

ہین وہ شق صدر سی مہر سپہر سرِّ حق
کیون نہ دکہلائین رسول انس و جان شق القمر

جو یقین جانی تو مومن ہوئی ہر مجروح کفر
التیام زخم کا فر ہے یہان شق القمر

دو زبان حق بیان بنکر جا منین کر گیا
صدق توحید و رسالت کا بیان شق القمر

ہو گی خاکستر اورین گوسالے کا فر لاکہہ بار
کسطرح ہو جابے نام و نشان شق القمر

کیون نہو مین ای فقیر ان کا فرونکی دل دو نیم
انپہ ہر دم شاق ہے مثل سنان شق القمر

کیون چلی ہم ہند کو شہر مدینہ چھوڑ کر
جا ئینگے گرداب مین کیا یہ سفینہ چھوڑ کر

پھر چلی آئی ادہر ایجان مفلس ہی تہی
اوس بقیع پاک مین ایسا دفینہ چھوڑ کر

دلکو چین آئی تو کیا آئی دیار ہند مین
وہ مدینہ جای تسکین و سکینہ چھوڑ کر

جای حیرت ہے کہ آفاقی صحابی بن گئی
اور نہ مومن ہو سکا بوجہل کینہ چھوڑ کر

وقت رخصت تہا مدینی مین کچھہ ایسا اضطراب
کیا عجب تہا دل نکلجاتا جو سینہ چھوڑ کر

اسقدر پر نور ہے جالی کا ہر روزن وہان
دیکہتی رہجائین آنکھین آبگینہ چھوڑ کر

دور ہی لازم ہے ہمکو عرض تسلیمات وہان
کیا قرین ہو مین غلام اپنا قرینہ چھوڑ کر

عقل ہو تو خاک طیبہ ہو مین شاہان جہان
تخت و جاہ و لشکر و ملک و خزینہ چھوڑ کر

پھر چلا آیا ادہر کیون اے فقیر افسوس ہے

اوس

اوس در سلطان کو مجھسا کمینہ چھوڑ کر

آرزوی دل کی یا رب ہے چلی اکثر سفر
کیا سفر مین جا ئینگے مرکر جو وہان جاتی نہین
پھرتی ہین سارے جہا نمین ہای دنیا کے لیی
مسجدون تک ہے کبھی جو مردہ دل آتی نہین
جو کہ سرکش سر کو سجدے تک جھکاتی ہی نہین
گو وطن مین آ چکے ہین زایر بیت الحرام
پانو سی چل کر تو جاتے ہین پر یا رب مجھے
جیکے جی مین ہا رہجا ئینگے پھر ای غافلو

اب سفر تیری لیی ہو بہر پیغمبر سفر
ہو چکا ہی فرض بیت اللہ کا جنپر سفر
پر خدا کی راہ مین ہے دو قدم گو پھر سفر
ہو سکے پھر اوسنی بیت اللہ کا کیونکر سفر
کب اوٹھا ئینگے وہ دون ہمت بھلا سر پر سفر
ہی وطن مین ہے انہین اوس جا نمین اکثر سفر
دی وہ ہمت قطع کر ڈالون بپای سر سفر
آخرت کا جب نچھوڑیگا یہان ہم پھر سفر

ای فقیر اسباب و سامان تجکو بس کیا چاہیی
کر سفر حب وطن سے اور جلدی کر سفر

ہی سبیل قرب پیغمبر مدینی کا سفر
چلتے چلتے مر ہی جاوے تو ہی امید نجات
بعضے جانیوالی بیت اللہ سے کیون آ جاتی ہین
جان و دل سی پیروی اس نقش پا کی چاہیی
ٹھنڈی آنکھین اپنے روح و جسم کے کیونکر نہو وین
کب وہ دن ہو گا دم رخصت کہین جب اقربا
وای حزن مکہ خوشحال مدینہ جسگھڑے
یا خدا تیری عنایت ہو تو کچھہ مشکل نہین

گر نصیب ہے خالق اکبر مدینی کا سفر
یہا نکی لاکھہ آرام سی بہتر مدینی کا سفر
چاہیی لازم ہو یہان وہ پر مدینی کا سفر
عاشقونکا ہی بڑا رہبر مدینی کا سفر
جب دکھائی گنبد اخضر مدینی کا سفر
لے مبارک تجکو ای مضطر مدینی کا سفر
کر گئے مکے سے پیغمبر مدینی کا سفر
ورنہ یون آسان ہو کیونکر مدینی کا سفر

کیا ہوا تو کیوں نہیں چلتا فقیرِ خستہ حال
عاشقوں نکو بہی ہے کچھ دم بھر مدینی کا سفر

غزل فارسی بشوقِ گنبدِ اخضر روضۂ حضرت خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم

تاب کی دارم چو برجِ سبز را بینیم ز دور	کی بود ہوشم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
چون شود حالم چو برجِ سبز را بینیم ز دور	بر زمین افتم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
کی بود صبرم چو برجِ سبز را بینیم ز دور	چون ہوا گردم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
پاک سازم چشم بہرِ دیدنِ آن قصرِ پاک	من نے چون گریم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
حیرتم باشد ز مہجوری مَن آن مقصودِ دل	کی یقین دانم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
در کفِ پایم سنانِ خار برگِ گل شود	گل بود خارم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
کی شکستِ رنگم آید چون بتابد از سرور	رنگ بر رویم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
آنچنان از خود روم گویم ہنوز از من خفی است	پاکہ مے بینم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
چیست در دستِ من مسکین از بہرِ نثار	جز دُرِ اشکم چو برجِ سبز را بینیم ز دور
از خیالش در گلویم گریہ میگردد گرہ	من چہا نالم چو برجِ سبز را بینیم ز دور

رو بسوئے طیبہ گر ترکِ خودی خواہی فقیر
کی بخود آیم چو برجِ سبز را بینیم ز دور

باعثِ سرورِ ہر دل ہے بخور ذکرِ جبلِ نور کہ در مکہ معظمہ واقع است

یارب کہیں ہو پھر ہی نمایاں جبلِ نور	ہی نور نظر کی لیے شایان جبلِ نور

پہنان

پنہان تہی وہان خیر دو عالم کی عبادت — رکہتا ہی وہ خیریت پنہان جبلِ نور
حیرت تہی کہ ہم تیرہ دل اور قبۂ انوار — جب بہتی تہی دیدۂ حیران جبلِ نور
ہین نور فزائی دل و جان و نگہ شوق — کعبہ کا حرم کعبہ کا میدان جبلِ نور
یارب جبلِ نار سی محفوظ رہین وہ — جو دیکہہ چکی صاحبِ ایمان جبلِ نور
کعبی کو دکہاتا ہی وہ ہر دم تو مقرر — ہی نوری نورِ درخشان جبلِ نور
کیا دور ہی اوس رحمتِ عالم سی قرین تہا — جنت مین اگر قصر ہی وہان جبلِ نور
یون غارِ حراحرِ جہنم کے امان ہے — تہا خود وطنِ مرسلِ رحمان جبلِ نور
تہا یومِ زیارت مین وہی کعبہ کا عنوان — پہر دیکہلون یارب کسے عنوان جبلِ نور
ہو کاش مری خاک بہی ذرات مین اوسکی — جب حشر مین ہو ریگ بیابان جبلِ نور

یہ خوبیٔ قسمت تہی فقیر اپنی جو دیکہا
وہ مسکنِ ذاتِ شہ خوبان جبلِ نور

نرم ساز ہر دل سنگین و پرچو ب علی الفور ذکرِ خوبیہای جبلِ ثور

گر شا ہنین تا چرخ ہو ممتد جبلِ ثور — زیبا ہے کہے قبۂ احمد جبلِ ثور
اوس گاو زمین پر تو فقط بارِ زمین ہے — ہی حاملِ انوارِ محمد جبلِ ثور
خالق نی کیا دیدۂ غار اونکا نگہبان — تہا دافعِ اہلِ نظرِ بد جبلِ ثور
اوس غار کا قرآن مین کیا ذکر خدا نے — واللہ ہی ممدوح مؤید جبلِ ثور
وہان برق ہی خاطفِ ابصارِ عدو تہی — تہا چشمِ عدو کی لیی مرصد جبلِ ثور
کیا کام تہا دل کو کسی صحرا و جبل سے — محبوب ہوا پہر محمد جبلِ ثور

گویا کہ وہ خود گاوِ چراگاہِ جہان ہے ... ہے رحمتِ اللہ کا مورد جبل ثور
تہا خیر دو عالم کے لیے حصن امان وہ (رسول اللہ) ... رکہتا ہی وہ خیریت سرمد جبل ثور

دی وسنی جگہہ دلمین فقیر اپنی نبی کو
تو سنگدلی سی ہی مجرّد جبل ثور ؁

جو بشیر و نذیر پہ ہے فقیر ... اک جہان اوس فقیر پہ ہی فقیر
جادۂ راہِ طیبہ پہر ہو نصیب ... دل ہرا اوس لکیر پہ ہی فقیر
جسکو ہی سدِّ راہ حب المال ... گو وہ ہوئی امیر پہ ہے فقیر
تات پہر جالیوںمین ہوئین کاش ... پہر دل اوس دستگیر پہ ہے (لیکن) فقیر
تابعِ سنت رسول ہے وہ ... خوش جو نانِ شعیر پہ ہی فقیر
زالِ دنیا پی ہائی مرتی ہین ... ہر جوان ایسی پیر پہ ہے (جوین) فقیر

کیون ہنو خلق سی فقیر غنی
اپنی ربِ قدیر پہ ہے فقیر

اللہ اللہ ہی وہ عرفانِ حاصلِ خیر البشر ... غیرتِ عرش معلی ہے دل خیر البشر
اغنیائی اہلِ دین کو چین کیونکر ہی وہ ... جانتی ہین اس مین ہی منزل خیر البشر
تیغ عشق مصطفے کا کسقدر احسان ہے ... دل جو بسم اللہ ہی ہو بسمل خیر البشر
اونپہ مائل کیون نہو ہین جان و دل سی حورِ خلد ... جنکے جان و دل مین ہر دم مائل خیر البشر
کیون نہ رشکِ ناقۂ صالح وہ ناقہ ہوئی آج ... مفتخر ہے جو بفخرِ محمل خیر البشر
سوف یعطیک فترضی ہی عطائی حق ہوئی ... کسقدر آسان ہوی ہر مشکل خیر البشر
افضل عالم مین بعد از انبیاء و مرسلین ... عالم برزخ مین ہین جو شامل خیر البشر (ابو بکر رضی اللہ عنہ)

یا خدا خیر البشر پر دمبدم لاکھون درود | اور جو ہین حاضران محفل خیر البشر

ای فقیر آسان ہی تب اس سال جشن جاودان
ہو معین اپنا خدائی مرسل خیر البشر

دل وہی دل ہی کہ ہی جسکو غم خیر البشر | چشم ہے وہ چشم جو ہی پرنم خیر البشر
اللہ اللہ رتبہ شیخین دیکھا چاہیے | عالم برزخ تلک ہین ہمدم خیر البشر
نار دوزخ ہی حرام اون محرم اسرار پر | یعنی جو ہین جان و دل سی محرم خیر البشر
کیون نہ اک بوند شفاعت سے ہو بنی آگ سرد | ہی ہمین دریای رحمت شبنم خیر البشر
ہین مشرف جس شرف سے زید و سلمان و صہیب | رہ گیا محروم دیکھو تو عم خیر البشر
ہی حق اشیا مین استحقاق دوزخ یا بہشت | جن پہ وارد ہو چکی مدح و ذم خیر البشر
گل مین اوس ساغر کی ہوتی کاش میری خاک بھی | جو رہا ممتاز الحاق فم خیر البشر
کون جانی غیر ذات پاک اسرار رسول | کون ہی عالم مین جو ہو اعلم خیر البشر

ای فقیر اب تو مدینہ ہر دم اپنے دل مین ہے
ہو مبارک زخم دلکو مرہم خیر البشر

اس زمین پر ہی مدینہ مسکن خیر البشر | کیون نہین پہر سبکے سب آ مین خیر البشر
اللہ اللہ قسمت پیراہن خیر البشر | جو رہا اکدم بہی ملبوس تن خیر البشر
جو شفاعت کے لیے سجدہ مین خم ہو بار بار | کیون نہو ئی سب سے عالی گردن خیر البشر
یا خدا تیری عنایت سے ملی وہان ظل عرش | دست ہمت ہو ئی جب آبی ردامن خیر البشر
بی نماز و بہرہ قارون و فرعون و ابی | تم ہو اعدای رسل ور دشمن خیر البشر
کا تیغ قہر ہو اوس سی مین کفر مین (ابن خلف) | جب ہو نقش انداز نعل توسن خیر البشر

چشم سر سے دیدہ دل سے وہ تاریکی گئے
جب سے دیکھا ہے وہ شہر روشن خیر البشر

ہے عذاب حق سے امن و امان اونکی طفیل
چین سے ہے سب جہاں ستا من خیر البشر

رخصت پرواز ہو اس روح کو جب ہے فقیر
کاش بنجائی یہ مرغ گلشن خیر البشر

ہین جیسے وہان کی در و دیوار معطر
پوشاک حسینان ہین نہ ہار معطر

جو دود چراغ آپکی مسجد کا ہے واللہ
ایسی ہی کہان کاکل دلدار معطر

ہے عطر فروش ایسی مدینے کی ہوا واہ
رکھتی ہے وہ ہر کوچہ و بازار معطر

یکبو ہی مدینہ کی ہین مشتاق وہ معشوق
جو زلف کیا کرتی ہین سو بار معطر

اس منہ کو پوشاک کے دیسی کوئی پوچھے
کیسا ہے وہ جسم شہ ابرار معطر

رسول اللہ صلعم
اک تار پہ سو نافہ تاتار ہین قربان
ہے زلف محمد کا وہ ہر تار معطر

یون عطر ندامت سے ہی و پوشش قوارید
دیکھا عرق احمد مختار معطر

خوشبو ہی شفا آپ مدینہ مین ہے ایسی
ہوتا ہے دماغ دل بیمار معطر

کیون مشک کے بو وہان ہو خون شہدا مین
کیونکر نہون جنت کے خریدار معطر

جنت کی طرح آئی ہتی جب بوی مدینہ
کیا ہو گئی ہتی دور سے زوار معطر

ہے نعت محمد سے فقیر ایسی ہوا مین
خود جیسے رہا کرتی ہین عطار معطر

ردیف الزاء المعجمۃ

جائے جان و دل ہے جائے برج سبز
بہر خدا جلدی دکھائی برج سبز

شاہ

شاہِ نیکان ہی گدائی برجِ سبز
او سپہ ہی ظلِ ہمای برجِ سبز

گو دکھائی ہند اپنا سبز باغ
ہو چکی ہم آشنائی برجِ سبز

شکلِ دل تھا بنگیا ہمجنسِ دل
کیون نہ سبکا دل لگائی برجِ سبز

جانِ اعدا پر کلس کے آب و تاب
ہین بروقِ قہرہای برجِ سبز

اشکِ گرم آتی ہین یارب ہر ہمین
آنکھین ہون اور توتیای برجِ سبز

کیا کہون اتبک ہری ہین زخمِ دل
کچھہ نپوچھو ماجرای برجِ سبز

سبزہ ہے گردون ہی زہرِ رشک سے
کون ہین رونق فزای برجِ سبز

قرۃ العین دلِ عشاق ہے
جو میسر ہو لقای برجِ سبز

جا سکی کیونکر مریضِ حبِ ال
تا درِ دار الشفای برجِ سبز

رکھین آنکھون مین غبار اوسکا اگر
دستِ مژگان ہو رسای برجِ سبز

کیون نرکھہ لین شوق سی شلِ نگاہ
جو ان آنکھو نمین سمائی برجِ سبز

اب تو جی ہو اور مدینہ ہو فقیر
دل ہو اور دار البقای برجِ سبز

برجِ فلک سے قدر مین اعظم ہی برجِ سبز
آرامگاہِ خیرِ دو عالم ہے برجِ سبز

وصلت مین نخلِ خلد کا ہمدم ہی برجِ سبز
اونکو ملجائے کہین دود مدینہ منتشر
جو پریشان ہین کسی زلف پریشان کے لیئے

اونکو لیجائی کوئی چاہ و نبے پر جو یہان
ہین غریق معصیت چاہ زنخدان کے لیئے

کون دکہلائی زنان مصر کو مہر عرب
ہو گئین بیہوش جو اوس ماہ کنعان کے لیئے

یا خدا جا کر وہان آنی کی پہر طاقت نہو
چاہیئے درماندگی وہان میری ارمان کے لیئے

سر سبز ذکر مدینہ طیبہ ہے اسے فقیر
چاہیین اوراق طوبی میرے دیوان کے لیے

مسجود کون و مکان ذات رسول عربی کیا ہی گنجینۂ اسرار ہے سبحان الله	شرف ہر دو جہان ذات رسول عربی ہے جو برزخ مین نہان ذات رسول عربی

جرم

رحم ہم افلاک سے بہتر ہے وہ ارضِ پرنور — ہی جہاں جلوہ کناں ذاتِ رسولِ عربی
عینِ اعیانِ دو عالم ہوئی روشن جسدم — ہوئی کمی میں عیاں ذاتِ رسولِ عربی
نا ہی نورِ جہاں ہوئے جو ڈالی او سمین — نظرِ نور فشاں ذاتِ رسولِ عربی
ذکر سی دسکی ہر اک جان میں جان آتی ہے — جانِ عالم کی ہی جانِ جاں ذاتِ رسولِ عربی
کیوں نہ ہو شکلِ محمد کا نمونہ قرآن — جسکو فرمائی بیاں ذاتِ رسولِ عربی
کسطرح امتِ عاصی کو عذاب آئی کبھی — باعثِ امن و امان ذاتِ رسولِ عربی

وصفِ احمد ہو بیاں کس کا دم ہے یہ فقیر
تو کہاں اور کہاں ذاتِ رسولِ عربی

ای میری رب مدینہ احمد دکھا مجھے — وہ پر طرب مدینہ احمد دکھا مجھے
بیدار دونوں آنکھوں سی خواب میں خواہش ہیں — یوں روز و شب مدینہ احمد دکھا مجھے
میری دعا قبول نہیں ہے تو یا خدا — تو بی طلب مدینہ احمد دکھا مجھے
کہتی ہی چشمِ زار کہ اے دل وضو کی ساتھ — چل با ادب مدینہ احمد دکھا مجھے
اللہ مجکو کعبہ اطہر یہ کر نثار — پھر اوس سبب مدینہ احمد دکھا مجھے
عشاقِ تشنہ کام کو ڈالیں ہیں اوسکی یاد — ہوں تشنہ لب مدینہ احمد دکھا مجھے

فکرِ معاش و رنجِ عیال اے فقیر تو
بس چھوڑ سب مدینہ احمد دکھا مجھے

رسول اللہ کی توصیف کب مقدورِ انساں ہے
کہ اوس موصوف کے اوصاف ذاتِ پاک رحمان ہے
کہاں ظرفِ سخن اپنا فقیر احمد تنگنائے فکر

سمائی جس مین نعتِ مصطفےٰ جو رشکِ عمّاں ہے

صحیفے شیث کی وصافِ احمد سی مزین ہین
صُحف مین دیکھکر ادریس اخلاق اونکے نازان ہے

ہوئی جو جو صحیفے حق سی براہیم پہ نازل
رسول اللہ کی نعت اونمین گویا جسم مین جان ہے

نہین کچھ توریہ توریت مین ظاہر ہے موسیٰ پر
نزول اس امر کا الواح مین مانندِ قرآن ہے

روایت اسکی عبداللہ ابن عمرو کرتی ہین
کہ وصفِ مصطفےٰ توریت مین ہمشکلِ فرقان ہے

کہ تو مرسل ہے شاہد ہے مبشر ہے نذیرِ خلق
محمد حرزِ امیین تو ہی یہ بیانِ وہان ہے

میرا بندہ ہے تو میرا رسول ور میںنی تیرا نام
کیا اہلِ توکل جو توکل کا رہا یکان ہے

نہین وہ زشت خو صلا نہین وہ سخت دل ہرگز
نہین بازار مین وہ غل مچاتا کیونکہ عصیان ہے

بدی کو وہ بدی سی دفع کرتا ہی نہین ہرگز
خطا کو عفو کرتا ہے وہ اور خواہانِ غفران ہے

نہوگا وہ مقبوض اس جہان سے نہو جب تک
کہ دیکھو ہر طرف ہر ملتِ کجرو مسلمان ہے

بہت اوسکی سبب کہلجائینگے آنکھین جو اندہی ہین
بہت سے گوش کر سماع ہونگے اوسکی شیّان ہے

بہت سے دل غلاف کفر مین جو حق سی غافل ہین
مشرف ہوینگے ایمان سی وہ سب پہ ایمان ہے

زبور حضرت داود سے مداح احمد کے
وہ ممدوح خدای پاک ہے ممدوح خاصان ہے

بیان انجیل عیسے مین ہے تجیل محمد کا
بشیر اتیان احمد کا وہ روح اللہ خود یہان ہے

وہ ختم المرسلین ہین رحمۃ للعالمین ہین وہ
وہ اخلاق عظیم اونکے ہین قرآن ونیہ برہان ہے

سراپا ہین وہ جیسی ظاہر و باطن سین خیر الخلق
مری تصدیق کیا شی ہی مصدّق اوسکا قرآن ہے

غلط ہے نعت مین دعوی ترا ای نفس اماره
غضب ہے جو خدا کے کام کا انسان خواہان ہے

رسول اللہ کے اوصاف ہین وہ بحر بی پایان
کہ جو کچہہ ہو بیان خاشاک دریای فراوان ہے

خطا ہے طاقت انسان کو دعوی مدح احمد کا
کہ اس تقصیر پر خود طوق گردن طوق انسان ہے

فقیر اس سے کلام نفس فانی کو کہان نسبت	

کلامِ نفسی اقدس محمد کا ثنا خوان ہے

اللہم صل علی محمد و آلہ بقدر حسنہ و جمالہ

یارب انزلن صلوات علی النبی	یارب اقرن صلوات علی النبی
یارب اقدمن صلوات علی النبی	منا تقبلن صلوات علے النبی
اکملت دینہ فلہ کن مصلیا	یارب اکملن صلوات علی النبی
ارسلتہ مبشرا رحمۃ	یارب ارسلن صلوات علی النبی
اتممت کل نعمتک ربنا علیہ	منا فاتممن صلوات علی النبی
کن لی لہا ذکر حالات غفلتی	لما غفلت عن صلوات علی النبی

دیوانا کتبت و اتممت ای فقیر
الآن فاکثرن صلوات علی النبی

تخمیس غزل علامہ نامی مولوی جامی قدس سرہ السامی

مجکو یہاں گری ہجر اسے نہ کیوں ہی غشی	کر چکا کوثر و صلت سے ہو نہیں اب تشنگی
کیا کہوں کسکے لیے ہے مجھے بیتاب و بیخودی	لی حبیب عربی مدنی قرشی

کہ بود درد و غمش مایہ شادی و خوشی

تہا سکندر کیلیے بہی یہ کہاں آب حیات	پی چکے جو کہ مدینے میں حیات آب حیات
یعنی تہا وصل حبیب و جہاں آب حیات	مصلحت نیست مرا سیری از آن آب حیات

ضاعف اللہ بہ کل زمان عطشی

میں نہ مجنون ہوں کہ دیوانہ لیلی ہوں یہاں	میں نہ وامق ہوں کہ عذرا کے لیے ہوں نالان
نہ زلیخا ہوں کہ ہوں عاشق ماہ کنعان	ذرہ وارم ہوا دار ہے اور رقص کنان
تا شد او شہرہ آفاق بخورشید وشی	
میں مدینی میں ہے سلطان عرب شاہ امم	اور میں ہند میں ہوں ازدل سکان عجم
ذرہ خاک ہوں میں اور وہ مہر عالم	گرچہ صد مرحلہ دور است زپیش نظرم
وجہہ فی نظری کل غداۃ و عشی	
مرغ دل کیونکی رہے اب قفس ہند میں بند	رہ چکا باغ مدینہ میں جو رہ کر خرسند
ای فقیر ایسے سفر میں نہیں کچہہ خوف و گزند	جامی از باب وفا جز رہ عشقش نزوند
سر سیادت کہ ازین راہ قدم باز کشی	

تخمیس غزل فارسی قدسی من فقیر ہندی لعربی

قد نجی من غضب اللہ محب النبی	زندہ اللہ لنا حب رسول عربی
الذی قال لہ کل کبیر و صبی	مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت کہ عجب خوش لقبی	
لامع نورک فی الدہر کما لا یخفی	ولقد اترک اللہ علی ما فیہا
لیس فی الخلق نظیر لک یا سیدنا	نسبتی نیست بذات تو بنی آدم را
برتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی	
انما شرفک اللہ باعلی الدرجات	فاز فی الخلق بابلاغک کل البرکات
سیدی انت رؤف و رحیم لعصات	ماہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

رحم فرما که زحد میگزرد تشنه لبی

ولقد ارسلک الله لعلم و حکم	انت من کل شریف و کریم اکرم
وانا احقر بل ارذل کل العالم	نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم

زانکه نسبت بسگ کوی تو شد بی ادبی

انت من اعطی من نورک نور البصر	کنت ارسلت رحیما وکریما البشر
لیتنی کنت لانظارک جزء المنظر	چشم رحمت بکشا سوی غریبی بنگر

ای قریشی لقبی هاشمی و مطلبی

انت من کل حسین و جمیل اعظم	ولقد زینک الله بما لا نعلم
لا نری مثلک یا سیدنا فی العالم	من بیدل بجمال تو عجب حیرانم

الله الله چه جمال است بدین بو العجبی

سر معراجک لا یوسع طوق الادراک	وهو الحق فلا شک عصی فیه الشاک
انت من اسری یا احمد قلبی لفداک	شب معراج عروج تو گذشت از افلاک

بمقامیکه رسیدی نرسد هیچ نبی

جار فی وجهک من خالق بیت المعمور	کل امرهان عربی ذی النور
فمن الله مراعاتک فی کل امور	ذات پاک تو درین ملک عرب کرده ظهور

زان سبب آمده قرآن بزبان عربی

سیدی اکرمک الله باکرام تمام	رحمة انت من الله لعمری للانام
مزرع الدهر بانهارک فی الادیمام	نخل بستان مدینه ز تو سر سبز مدام

زان شده شهره آفاق بشیرین رطبی

پس

لیس فی امتک اکثر ذنباً منی
جئت فی حضرتک الآن فقیر اسمی

اطلب اللہ لی العفو یا حامی وابی
سیدی انت حبیبی وطبیب قلبی

آمدہ سوی تو قدسی پی درمان طلبی

ترجیع بند مسدس متضمن شعر عربی بارشاد مولوی قطب الدین صاحب دہلوی

کیا بندھتی ہی ہوا اپنی ہوا ہر صبحدم
ناز سیر مجکو ہے گلگشت گلزار عجم

لاتی ہے گل ہے بوئے گل ان ہاں دیکھتی ہیں مجکو ہم
باغ مدینہ دیکھ تو کس گل ہے ہے رشک ارم

ان نلت یاریح الصبا یوماً الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضة فیہا النبی المحترم

صد غیرت باغ عجم ہے خاک خاشاک عرب
اک ناتوان ہند میں اور دل ہوسناک عرب

کیونکر میسر ہو مجھے وہ مسکن پاک عرب
میں ذرہ خاک عجم وہ مہر افلاک عرب

ان نلت یاریح الصبا یوماً الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضة فیہا النبی المحترم

بہر ہلاک عاد تھی ہمور قہر حق دبور
جو نصرت احمد میں تھی باد صبا پر سرور

محفوظ اپنے قہر سے رکھیں ہمیں رب غفور
اور ہے یہی التماس بار معروض حضور

ان نلت یاریح الصبا یوماً الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضة فیہا النبی المحترم

تسلیم سر حضرت سلطان جہان کے لیے
لاؤں کہاں تنکے دام میں غم سلیمان کے لیے

لیجائی کوئی کسطرح تاب کس جان تک لیے
یہاں اس لیے سینے قدم باد گلستان لیے

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

لاکھوں صلوٰۃ اونپر رسول اللہ کے لاکھوں سلام اونپر مرے
یہ شغل ہا مولی کبھی کم ہو مجھے فرصت نہ دے
ہو جائی کافی یا نبی سب کا جواب اونسی مجھے
کہتا ہوں اس امید پر ہردم نسیم صبح سی

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامے روضۃ فیہا النبی المحترم

اک دن وہ تھا حاضر تھی ہم شہر رسول اللہ مین
مصروف صد تسلیم تھی وہان مسجد و درگاہ مین
محو جمال روضہ تھا دل اوس تجلیگاہ مین
اب ہند مین کہتی ہین ہم درد فراق شاہ مین

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

یہ جان میری خود ہوا ہو کر بلطف کبریا
رُوح مدینہ مین رہی وریاے راحت کا مزا
ہر دم فقیر اب تو یہی درگاہ حق مین ہے دعا
مقبول ہو جائے تو یہ کیون ہو صبا سے التجا

ان نلت یاریح الصبا یوما الی ارض الحرم
بلغ سلامی روضۃ فیہا النبی المحترم

مثنوی نالۂ فقیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نالۂ دل راحتِ ارواح ہے	نالۂ دل خلد کی مفتاح ہے
نالۂ دل ہے علاجِ دردِ دل	کسکا غم ہے امتزاجِ دردِ دل
نالۂ دلسی ہے بس تمکینِ جان	نالۂ دل ہے ہمین تسکینِ جان
نالۂ دل ہے اوسیکے عشق مین	دل ہے کب نالان اسیکے عشق مین
نالۂ دل ہے سرورِ ہر حزن	نالۂ دل دافعِ رنج و محن
نالۂ دل ہے ذہابِ ہر الم	نالۂ دل ہے دوائی دردِ غم
نالۂ دل مخبرِ اسرار ہے	کیا ہی ظرف اتنا یہ انبار ہے
آہ وزاری بیقراری کیون ہے یہ	اضطراب و اشکباری کیون ہے یہ
کیا نہین ملتا ہے تجکو جانِ زار	کس لیے تو اسقدر ہے بیقرار
آہ وزاری فرحتِ کامل ہے یہ	بیقراری بس قرارِ دل ہے یہ
بیقرار اوسکا نہین جو دل یہان	مستقرِ دید پھر منزل کہان
اشکبارِ عشق ہے جو چشمِ نار	ہے وہی ثمر یہ پھر حسنِ نار
اشکباری ہی تپ دلکا علاج	خود ہے رحمت اشکباری کی مزاج

سوال

آدمی مین ہے جو حرص و اضطراب	کیون ہی حرص و بیقراری پر عذاب

جواب

یہ معذب اسلیے اسیر ہوا	ہی عطائی حرص بس پھر خدا
اسنی رکہا اسکو صرفِ حظِ نفس	منتہا سمجہے وہ حرفِ حظِ نفس
ہمکو عشقِ ذاتِ باری چاہیے	اوسکی حرص و بیقراری چاہیے

کچھہ ہنوئی لذت دنیا کے حرص	چاہیے بس ایک اوس مولی کی حرص
ہم رہین اوسکے حریص وبیقرار	دل ہو نالان چشم ہووے اشکبار

مثال

گر جہا مین زوج زوجہ کی لیے	کسوت زینت عطا فرما چکے
اور یہ فرمائی کہ خاص اوقات مین	ہمکو اس سے محو رکہہ لذات مین
پہر وہ اس زینت سے ہو مقرون غیر	ہوئی خاص اوقات مین مفتون غیر
زوج کو غیظ وغضب پہر کیون نا ائے	منفعل وہ ذوی طرح پہر کیون نا ہوئی
پاک ہے وہ کبریا تشبیہ سے	محض ہے تفہیم ہے تیرے لیئے

آمدم بمدعای اصلی

زندہ ہے جو عاشق اللہ ہے	مردہ ہے بے عشق جو گمراہ ہے
خاکسار عشق ہر کامل ہوا	کسر شان سے فتح باب دل ہوا
ہو کی تیغ عشق سی مذبوح دل	کوچۂ جانا نمین ہے مطروح دل
خاک کوئی یار مین غلطان ہے دل	عاشق خاک در جانان ہے دل
اسلیے پیارا ہے ہمکو اپنے جان	اسمین جانان کی محبت ہے نہان
کیا ہے نعمت ہیچ الہی تیرا عشق	فقر مین ہے بادشاہ ہے تیرا عشق
حجت دل تسبیح ہے تیرے اسم کے	عشق تیرا جان ہے ہر جسم کے
ہے یہ تیرے عشق مین دریا کو جوش	اور یہ گوہر مین ہے تیرے حلقہ بگوش
ذرہ ذرہ مہر سی تیرے ہے مہر جو	کیون نہو روئی زمین شگفتہ ہے
تجہسے ہے لعل بدخشان سرخرو	اور یہ تجہسے ہی چمن کو رنگ و بو

رنگ قدرت کا تری ہر گل مین ہے
تیری ہی غم مین سیہ ہے رنگ شام
شب ترے سودائی غم اندوز مین
دلمین رکہتا ہے ہمیشہ آفتاب
ماہ کی صورت مین روشن ہے جو نور
صید تیرے تیر کا ہر دل ہوا
عشق کا دم مارتے ہین بحر و بر
ماہ سی ناسے نلک ہے تیرا عشق
تو نبی کی رشک فلک روئے زمین
رحمۃ للعالمین مقبول حق
جسکے باعث گلستان روزگار
جب سے گلزار جہا مین ہے وہ گل
جنت ہر و عدو نار ہر عیب
امر اوسکا ہے یہان جنت نما
سبزہ زار اوسکا طوبی سے بلند
پیکر پاک اوسکا ہے ملبوس نور
کاشف اسرار روحانی ہے وہ
گر ہوئی اوسکے باعث کشف غیب
یا الہی ہے یہی میری دعا

ذکر تیرا لحن ہر بلبل مین ہے
چاک جیب صبح تجہپر ہے مدام
نور ہے ہر روز تیرے سوز مین
آتش غم سے تری یہ التہاب
ہے تری فراغ غلامی کا ظہور
شیر دل ہر یک ترا بسمل ہوا
اور سبہی حور و ملک جن و بشر
شورش رقص فلک ہے تیرا عشق
جب سے آئی رحمۃ للعالمین
خفتن و بیداریش مشغول حق
مہر تابان سے کہلائی گل ہزار
عطر ایمان ہو رہا ہے حظ گل
امر و نہی مصطفے سے ہی پدید
نہی منہ دکہلا رہی ہے نار کا
نخل اوسکا ملک بالا سے بلند
کیا عجب سایہ ہوا وس قامت سے دور
مورد اخبار رحمانی ہے وہ
عقل سے کب جائے نافہمی کا عیب
ہو محمد پہ تحیات و ثنا

یا الٰہی عرض میری ہو قبول ۞
رحمتِ کامل ہو احمد پر نزول

پھر طفیل اونکے جو ہو میری دعا
وہ بھی ہو مقبولِ ذاتِ کبریا

خالص اپنی ہی محبت دی مجھی
اور بنا دی بیخبر مجسے مجھے

مجکو اپنا عاشقِ بیتاب کر
اپنی غم مین بیخور و بیخواب کر

ہر دم اپنی بیقراری دی مجھی
اپنی غم مین اشکباری دے مجھے

ہو خدایا تیری رحمت سے شتاب
عشق کی آتش سے میرا دل کباب

بھول اس دنیا کی سب دُھن جائے دل
تیری سوزِ عشق سی پھنجائی دل

مجکو اپنا محو یا اللہ کر ۞ ۞
کچھ نہو تیری سوا مجکو خبر

دی خدایا میرے دلمین اپنا درد
رکھ مرا ہیبت سی اپنی چہرہ زرد

اور محبت اوسکی مجکو ہو نصیب
جسکے باعث ہو ترے رحمت قریب

جیسی حُبِ رحمۃ للعالمین
تیری رحمت سے جو کرتی ہے قرین

یا الٰہی دی مجھے میری خبر
کچھ نہو یہان کا غمِ نفع و ضرر

مجسی ہو میرے خودی کا رو سیاہ
ہو مرا ہر موئی تن تارِ نگاہ ۞

تیری برقِ عشق سی اے میرے رب
خرمنِ طولِ اَمَل جلجائی سب

مجکو تو اپنی طرف پھانسی نکال
سنگِ ہجران شیشۂ دل پر نڈال

ایسی نارِ عشق ہو وی مشتعل
شمع کی صورت مرا جلجائی دل

دلکو روشن شمع کی صورت بنا
صورتِ فانوس ہو قالب مرا

گنجِ غم کی بادشاہی کر عطا
داغِ دل سی مجکو نیک اختر بنا

قوتِ جان پر دے قناعت نفس کو
پارۂ نان بھی ہلالِ عید ہو

عشق مین تیرے خدائے ذوالمنن
خانۂ دل ہو مرا بیت الحزن

رکھہ گلیم فقر مین مجکو شکور
کسوت فخر وغنا سے کر نفور

باعث نفرت ہو سنجاب و سمور
ہو مرا مرغوب دل خواب تنور

آنسوؤن کے دی مجھے لعل وگہر
تیرا سودا ہوئی میرا تاج سر

بزم اہل زور سی رکھہ مجکو دور
مین ہوون پروانۂ شمع قبور

حب دنیا ہو نہ میری سد راہ
دور رکھہ مجھسے خدایا حب جاہ

تیری در پر مین ہوون سر بزمین
دلمین تیرا نام ہو نقش نگین

دور رکھہ مجکو ریا کے شک سے
مجکو رکھہ محفوظ زہد خشک سے

آنکھین ہر لحظہ مری گریان ہین
زخم دلکے رات دن خندان ہین

درد دیگر تو ہی ہو اوسکے دوا
ای خدای خالق درد و شفا

طوطی جان ناطق تحمید ہو
داغ دل آئینہ بہر دید ہو

کچھہ نہو دنیا کے دلمین آرزو
ہو مرا مقصود یا رب تو ہی تو

ذکر سی اپنی نرکھہ دم بھر بھی سست
مین ہون اس راہ مین چالاک و چست

اپنی ہی لطف و کرم سے یا ودود
جیسے بن مانگے دیا ہمکو وجود

یون ہی دی ہمکو کمال معرفت
کر دی عارف بی سوال معرفت

سعی اپنی ہے سراسر پر قصور
عقل مین اپنے ہے سرتا پا فتور

تو ہماری کام بس ہمپر نرکھہ
بار ای فریادرس ہمپر نرکھہ

ہی عجب جو بخشدی تو میری جان
اور مین ہین ہون خطا کار جہان

اور عجب ہے اس سے افزون یا غفور
جبکہ تو تو ہو رہو مین پر قصور

مین ہا محزون دنیا کے لیے — مین ہا مفتون دنیا کے لیئے
لیکن اس جیفہ سی کیا حاصل ہوا — جز خباثت ہای عصیان وبلا
ہوگئین قسوت سے دلکے یہ صفات — کچہہ نہین تاثیر کرتی نیک بات
دلکو دنیا مین لگایا جس سے آہ — اوسکی قربت سے ہوئی حاصل گناہ
کچہہ نا یا کام کوئی ہای ہای — معصیت مین عمر کہوئی ہای ہای
دیکہتی ہی تیرے قدرت کی نگاہ — لاکہہ پردونمین ہون گو چہپکر گناہ
گوکہ لوگون سے چہپائی مینی عیب — تجہپ سب ظاہر ہین آدا ہای غیب
ہوسکی مجہسے نہ کچہہ ہے بندگے — ہے بہت شرمندگے شرمندگے
آخرت کا مینے کیا توشہ لیا — نقد عمر اپنا گناہون مین دیا
توبہ توبہ ہے گناہون سے مری — عفو تقصیرین سبہی کردی مرے
مجکو استغفار کے توفیق دی — مطمئن دل ہوئی استغفار سی
تیری ڈرسی رات دن رویا کرون — داغ عصیان اشک سے دہویا کرون
اب تو اپنی مغفرت سے یا اللہ — بخشدی ساری مرے پچہلے گناہ
عمر بہر عصیان سی تو محفوظ رکہہ — اپنی طاعت سے مجہے محفوظ رکہہ
میرے مرشد کو الٰہی بخشدے — روح اونکے روضۂ رضوان ہین بنے
تیری لاکہون شکر ہین یا کبریا — مدفن اونکا ہے بقیع مصطفے
جیسے وہ عاشق تہے اوس درگاہ کی — خاک مین ملکر وہین بس رہگئے
بخشدی میری اب وام یا اللہ — اونپہ ہو لطف و ترحم یا اللہ
بخشدی یارب پیر استاد کو — بخشدی ازواج کو اولاد کو

بخشدی یارب تا رب کو میرے
اور دعا کی بہی مصیبت خشکی ہے
اور جو جو ہین ہماری محسنین
بخشدی رحمت سے رب کائنات
جو کہ ہین اموات سب مغفور ہوین
جب تلک باقی ہی میرے زندگی
جس جگہہ ہوئی گناہون کا وبال
مجکو یارب سب گناہون سی امان
عشق اپنا میری اب گل مین کہہ
میری اس قالب کو یارب غفور
سنت احمد پہ مین عامل رہون
کعبے کے جانب کہین لیچل مجہے
راتدن کرتا رہون اوسکا طواف
بوسہ اسود مجہے ہوئی نصیب
اور مقام پاک ابراہیم مین
دامن کعبہ کبہی ہو ہات مین
آنکہین دریا دل مرے ہوئین وہان
سجدہ بیت الحرم مین روز و شب
راتدن ہون زمزم اطہر کے پاس

اور جیران وہ جانب کو مرے
بخش اونکو یا قدیر کل شے
بخش اونکو یا الہ العالمین
تو جمیع مومنین و مومنات
زندہ جو ہین دین سے مسرور ہوئین
رکہہ مجہے مشغول شغل بندگی
ایسی جا سے بدسی تو مجکو نکال
بد چلین جو اونکی راہون سی امان
غیر کے الفت نہ میرے دل مین کہہ
سب سے خالی کرکے بہردے اپنا نور
نعمت سنت سے بس خوشدل رہون
اس وطن سے تو وہین لیچل مجہے
تاکہ ہوئین میرے تقصیرین معاف
اور حطیم پاک مین ہوئین عجب
ہوئین میرے سجدہ تعظیم مین
توبہ توبہ ہو مرے ہر بات مین
خوب میرے حال پہ رو ئین وہان
تیری سجدے مین ہون اے امیری
اور بچہاؤن اس ال سو ران کے پاس

روز و شب معمور عمرہ ہون مرے ۔ حلق راس اپنا کرون تیرے لیے
ہو مرا میدان مکہ مین وقوف ۔ خاک وہانکی ہو تبرک کا سفوف
اور صفا مروہ پہ چلنا ہو مرا ۔ تا دل مردہ ہو زندہ باصفا
اور ہو جمرون پہ جب میرا گذر ۔ سنگ سے سا وُن وہان شیطان پر
(جمرہ کنکریان مارتے ہین ۱۲)
اور منا ہی قرب مین یا کردگار ۔ جان و دل تیرے ہون قربان و نثار
شکل میری عاشق شیدا کی ہو ۔ اور صد لبیک یا مولیٰ کی ہو
پہر وہان جسوقت ہو جاوُن حلال ۔ مجہپہ دوزخ ہو حرام ای ذوالجلال
پہر اگر آجای وہان میرے اجل ۔ جنت معلا ہو مدفن بی خلل
اور اگر باقی ہی جینا ہو مرا ۔ یا خدا مسکن مدینا ہو مرا
راہ طیبہ مین ہین جتنی مسجدین ۔ دی شرف اونکی زیارت سے ہمین
کیونکہ ہے اوس جا ہی پر اونکی بنا ۔ دی جلی جسکو شرف خیرالوری
جب نظر آئین مدینی کے درخت ۔ دل مرا بیتاب ہوی لخت لخت
(جاتی کر ۱۲)
اوڑ کی جاوُن اسطرح مین ال حزین ۔ جیسی جاتا ہے خیال دل کہین
ورد میرا ہو وہان وقت نزول ۔ ربنا صل علی روح الرسول
(مدینہ مین ۱۲)
روضہ احمد پہ مین حاضر رہون ۔ بس ہمین ہر لحظہ ای قادر رہون
ہو سلام اوس سرور مخلوق پر ۔ بعدہ صدیق پر فاروق پر
رات دن ساعت بساعت یا ودود ۔ بہیجتا ہون وہان پیمبر پر درود
دیکہہ کر جالی مزار پاک کے ۔ ہووی تسکین اس دل صد چاک کے
مسجد احمد مین جب ساجد رہون ۔ مین رضا جو تیرا یا واجد رہون

درمیان حجرۂ و منبر قیام ‏ ہو نصیب اپنی الہی صبح و شام
اور وہ خرمائی مدینہ کر نصیب ‏ ہو حلاوت زیست کی حظ غریب
اور ہی کا مجھے پانی پلا ‏ اون کنووں سے جن سے حضرت نے پیا
اور دکھانا مجکو رب العالمین ‏ روضہائے امہات المومنین
یا الہی مجکو پہنچا دی وہان ‏ مرقد اولاد اطہر ہے جہان
مجکو دکھلا دی صحابہ کے مزار ‏ ہو مین وہ جس جس جگہہ پاکردگار
ہین بقیع طیبہ مین جتنے قبور ‏ سب وہ کہا دی مجکو یارب غفور
وہان زیارت گاہ ہین جتنی جبلا ‏ دی شرف اونسی مجھے یا ذوالجلال
اور وہان جو جو زیارت گاہ ہو ‏ وہ نصیب اپنی ہی یا اللہ ہو
آرزو ہی بس یہ مدت کی مری ‏ موت ہو ہے وہان شہادت کی مری
اور بقیع پاک ہو مدفن مرا ‏ کاش وہانکی خاک ہو مدفن مرا
جسم میرا خاک ہو اوس خاکمین ‏ پاک ہوئی مل کے خاک پاک مین
یا خدا وہان جبکہ میری موت آئے ‏ روح مرضیہ تری خدمتمین جائے
جب جدا ہو اس سی میری جان ‏ ہو تری رضوان مین یا مستعان
یا الہی قبر کی تکلیف سے ‏ حفظ مین رکھیہ اپنی رحمت سے مجھے
جب نکیرین آئین میرے پاس وہان ‏ قول ثابت ہو مرا اور زبان
فرش و اثواب جنان ہو قبر مین ‏ فتح ابواب جنان ہو قبر مین
یا خدا ہول قیامت سے بچا ‏ شورش محشر کے ہیبت سے بچا
مجکو اوس میدان مین رسوا نکر ‏ سب یہ ظاہر عیب وہان میرا نکر

تو ہی بس ستار ہے دانائے عیب
حشر مین پوشیدہ رکھیو میرے عیب

پردہ پوشی جسطرح دنیا مین کی
آبرو رکھیو قیامت مین مری

جس جگہہ ظالم بہت شرمائینگے
پانی پانی شرم سے ہوجائینگے

کچھہ نہ کام آئیگا شرمانا وہان
اور عبث ہوئیگا پچھتانا وہان

جب نہوئیگا کوئی وس غم مین ساتھہ
کاٹ کاٹ اپنے کہا جائینگی ہاتھہ

رہ گئی ہم کیون ظلوم اور کیون جہول
کیون نمانا ہمنے فرمان رسول

دل لگی جن جن سے تھے دنیا مین ہائے
آج کوئی بھی نہین جو غم بٹائی

اپنی اپنی پڑ گئی سبکو وہان
کس سے حاصل کیجیے مطلب کو یہان

وہان کی بدنامی سے ڈرنا چاہیے
یہان عمل سنت یہ کرنا چاہیے

اسمین گو بدنامی اس دنیا کی ہو
نیکنامی عالم عقبے کے ہو

عرض مسکین ہے خدای ذو الکرام
مرد و زن ہم مین ہر لونڈی غلام

حشر کے سختی سے تو ہمکو بچا
نار کی گرمی سے تو ہمکو بچا

جنت فردوس اعلی ہو نصیب
اور ہمین دیدار تیرا ہو نصیب

تو ہمارا ہے غفور اے کبریا
کب ہین ہم رحمت سے دور اے کبریا

تیری رحمت ہے الہ العالمین
وہ رؤف آئی ہین خیر المرسلین

جیسے خود رحمت ہین شاہ انس و جان
رحم وہ قلب اب امم مین کہان

جسقدر ہین وہ حریص مغفرت
کسکو حاصل ہے یہ اونکی سی صفت

مہربان ہر امتی پر ایسے ہین
اونکو جی ہی جانتا ہے جیسے ہین

کیا حکایت یاد آئی مجکو یہان
ہے یہ اک اہل مدینہ کا بیان

حکایت

حکایت

ایکبار آیا مدینے مین جو غیر (قافلہ) | اوسمین اکثر تھے مساکین و فقیر
پر نہتے دریوزہ گروہ بینوا ٭ | تھے وہ مشتاق رسول کبریا
اک تو اہل مسکنت تھی وہ سبھی | دوسری آئی تھی سفر سے ہی ابھی
جسم و جامہ پہ لگے خاک سفر | ہوئی حرمین خاک و خاشاک سفر
مسجد احمد مین جب حاضر ہوئی | روضہ محبوب کے زائر ہوئی
وہان حضور خوبروئی دو جہان | خوبروئی عاشقان جان جان
فرش قالین مسجد احمد مین ہے | ہر طرح کی زینت اوس معبد مین ہے
جب نمازون پر وہ سب مائل ہوے | کچھ وہ قالین اونسے میلے ہو گئے
اتفاقا اور وقت اوس جا پر | تھا رئیس وقت طیبہ کا مستقر (جائے قرار)
لگ گئے کپڑون مین مسکینون کے خاک | تب تو سرہنگون پہ ہو کر قہرناک
کہدیا جو ایسے خاک آلودہ ہین | پھر نہ دیکھون اونکو قالینون پر مین
وہ بجالائے وہین حکم امیر | جائے مسکینون کو دی صف اخیر
وہ وہان ہرگز نہ حاضر ہو سکے | دور ہی جا نانشین نالان رہ گئے
رات بھر روتے ہے گذری اونکو ناز | ہوتے ہے رنج فراق دلستان
کوئی پوچھے عاشق مکروب سے | دور ہو کر روضہ محبوب سے
کیا قیامت دل پہ گذری ہائے ہی | وصل مین اور یون جدائی ہائے ہی
رات بھر جب گن رہی و نیز اسطرح | جوشش رحمت الٰہی ہوئی کسطرح
خواب مین کیا دیکھا ہے وہ اسیر | خود رسول کبریا مہر منیر

ذرهٔ ناچیز پہ ہین جلوہ گر | اور خفا ہین حضرت خیر البشر
اور یہ فرماتی ہین اوسکو ای کہین | ہمکو اس نیت کی کچہہ حاجت نہین
سب وہان اپنی یہ قالین تو | مت ہٹا یہان سی مری مسکین تو
میری عاشق جو مری مسکین ہین | میری دل کے باعث تسکین ہین
یہ تو بس ہر دم رہینگے میری پاس | حال دل اپنا کہین گے میری پاس
یہ نہین پائینگے بس مجہسے دور | تو نی یہ سمجہا ہے کیا ای بے قصور
کیون ہٹایا انکو میری پاس سے | کیون دل انکی کو توڑا یاس سے
کیون نہین اکرام ضیفا ای بیخبر | انسی تو غافل ہے حیف ای بیخبر
کہل گئی انکہہ اوسکی ایسکے متصل | ہو گئی بیدار پہر تو چشم دل
کانپتا تہا سر بسر ہیبت سے وہ | ڈرتا تہا اسقدر حضرت سے وہ
پہر تو مہمانی مین اونکے صبحدم | ہو گیا مصروف خود وہ محترم
اونکی خدمتمین رہا وہ عذرخواہ | ہای مجہسے کیون ہوا ایسا گناہ
تم تو ای حجاج وفد اللہ ہو | تم تو مہمان رسول اللہ ہو
مین تمہارا کمترین خادمان | ای عزیزو تم کہان اور مین کہان
فی الحقیقت اوسکے رحمت ایسی ہے | خاکسارون پر عنایت ایسی ہے
ذات پاک کبریا ہی ہی رحیم | اور ذات مصطفے بہی ہے رحیم
للہ الحمد ایسی ہین ہم خوش نصیب | رہنی والی دور رہیون کے قریب

آمدم بمدعا

یا رحیم یا رحیم یا رحیم | درد عصیان سے نہ کہہ مجکو سقیم

یا

یا غنے یا غنے یا غنے	رکھہ فقیری مین تو دل میرا غنے
یا ولے یا ولے یا ولے	مجھپہ ہو لطفِ خفی لطفِ جلے
یا رشید یا رشید یا رشید	راہِ عرفان مجھپہ ہوجائے پدید
یا شکور یا شکور یا شکور	رکھہ مجھے ہر حال مین اپنا شکور
یا سمیع یا سمیع یا سمیع	کر سمیع میرے حاجاتِ جمیع
یا عزیز یا عزیز یا عزیز	مجھپہ کر دی سب سے عشق اپنا عزیز
یا مجید یا مجید یا مجید	دی مری قفلِ تمنا کے کلید
یا کریم یا کریم یا کریم	دو جہان مین رکھہ مجھی بیخوف و بیم
یا بصیر یا بصیر یا بصیر	کر تو اب دیدہ مرے دل کا بصیر
یا لطیف یا لطیف یا لطیف	ہو لطیف اب یہ مرا قلبِ کثیف
یا عظیم یا عظیم یا عظیم	دور بھاگے مجھسی شیطانِ رجیم
یا غفور یا غفور یا غفور	بخش جو مجھسے ہوئی فسق و فجور
یا حکیم یا حکیم یا حکیم	علم و حکمت دے مجھے اور رکھہ حلیم
یا خبیر یا خبیر یا خبیر	کر عطا مجکو مرا ما فی الضمیر
یا رؤف یا رؤف یا رؤف	دی مجھے قہر و عنایت پر وقوف
یا قدیر یا قدیر یا قدیر	مین ہون زندانِ عصیان مین اسیر
یا علیم یا علیم یا علیم	دی مجھے علمِ صراطِ مستقیم
یا جلیل یا جلیل یا جلیل	مین ہون فردائے محشر مین ذلیل
یا قوی یا قوی یا قوی	دمبدم ایمان ہو میرا قوی

یا ودود یا ودود یا ودود — ہو عطا ہمکو بہشتوں مین خلود
یا حلیم یا حلیم یا حلیم — درگذر فرما کہ ہیں ہم مومنین اثیم
یا معز یا معز یا معز — ذلت دارین سے رکھہ محترز
یا مذل یا مذل یا مذل — نفس میرا ہو ذلیل و منفعل
یا حسیب یا حسیب یا حسیب — حشر مین ہووے حساب آسان حسیب
یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ — وصف ہے جن جن فرشتوں کا غلیظ
اونسی مین تیرے حفاظت مین رہون — یعنی ہون مغفور جنت مین رہون
یا شہید یا شہید یا شہید — ذکر مین تیرے ہو دل میرا شہید
یا قدیم یا قدیم یا قدیم — مجھسے ہر رنج حوادث ہو عدیم
یا رقیب یا رقیب یا رقیب — ہو نگہبان بلاہای مہیب
یا محیط یا محیط یا محیط — ملک طاعت پر ہو دل میرا محیط
یا وکیل یا وکیل یا وکیل — ہر مراد دل کا میری ہو کفیل
یا ملیک یا ملیک یا ملیک — مجکو رکھہ اپنے غلامو مین شریک
یا مقیت یا مقیت یا مقیت — یا ممیت یا ممیت یا ممیت
اسقدر قوت مرے بازو مین ہو — مارون اپنے ہات سی کفار کو
یا حمید یا حمید یا حمید — ہمکو وہان آسان کیجو اپنا دید
یا غنی یا رحیم یا کبیر — رحم فرما رحم بر حال فقیر

ہین فقیر نادم کل الدعا
استجب یا ربنا یا ربنا

مناجات

مناجات فقیر در شوق زیارت کعبہ معظمہ مکرمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی یہ تمنا ہے حرم کی راہ کو دیکھون
کہین اوس دو نون عالم کے زیارتگاہ کو دیکھون
جو تو چاہی تو مین اوس خانہ دلخواہ کو دیکھون
نہین جے چاہتا دنیا کے عز و جاہ کو دیکھون

تمنا ہے اب ان آنکھو نسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

جہانکی سیر میں دل سیر بس مین ہو چکا یارب
نہ رکھہ دنیا کے رنج و غم مین مجھکو مبتلا یارب
کہین اب تو حریم خانۂ کعبہ دکھا یارب
قبول اس خستہ حال و خستہ دلکی ہو دعا یارب

تمنا ہے اب ان آنکھو نسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

غمی دیکھی خوشی دیکھی بھلا دیکھا برا دیکھا
نتھا جو دیکھنا ہے سو وہ اس دنیا مین او دیکھا
یہہ مانا ہمنے یہان اکر تماشا خوب سا دیکھا
نہ دیکھا خانہ کعبہ ان آنکھو نسی تو کیا دیکھا

تمنا ہے اب ان آنکھو نسی بیت اللہ کو دیکھون
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھون

یہے جی چاہتا ہے بس کہ مین ہر کام کو چھوڑون
اور اس دنیای دون کے ہر خیال خام کو چھوڑون
ملا کر خاک مین دنیا کے ننگ و نام کو چھوڑون
چلا جاؤن مسافر بنکے اور آرام کو چھوڑون

تمنا ہے اب ان آنکھو نسی بیت اللہ کو دیکھون

پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

تمنا ہے کہ میرا ہات ہو کعبہ کا دامان ہو
نکالون دل کی حسرت جو کہ حسرت دل مین پنہان ہو
تو عرض حال دل علی سی ہو اور چشم گریان ہو
یہ دیکہا چاہیی کب ہو جو تسکین دل و جان ہو

تمنا ہے اب ان آنکہونسی بیت اللہ کو دیکہون ؛
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

جو چاہا ہو عاجز نے کہ جاؤن بیت اطہر مین
تو مثل مور مین بیٹہے ناتوان ہون خلق داور مین
خدا نی اوسکو پہنچایا لگا پائی کبوتر مین
خدا جلدی سے پہنچایی مجہی بہی جن سے اوس گہر مین

تمنا ہی اب ان آنکہونسی بیت اللہ کو دیکہون
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

عظیم اس خر من گیتی سی ہی یکدانہ کعبہ
بڑا ہشیار ہے وہ جو کہ ہے دیوانہ کعبہ
مشرف لاکہہ ہو معمور ہو سیج یک ویرانہ کعبہ
بہت دلمین میری ہی اشتیاق خانہ کعبہ

تمنا ہی اب ان آنکہونسی بیت اللہ کو دیکہون ؛
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

بیان کیا ہو سکی اوس بیت اطہر کے شرافت کا
تو پہر پہر دیکہتی جاتی ہتی تہا حال حضرت کا
کیا حضرت نے جب یثرب کو وطن غم ہجرت کا
بہلا کیونکر نہ ہووے دلکو شوق اوسکی زیارت کا

تمنا ہی اب ان آنکہونسی بیت اللہ کو دیکہون
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

تمنا ہے وہان مین طاعت حق کی کرون شب زنات
کچہہ ہی ہو سکے تو بس طور اپنا کرون شب زنات
پکڑ کر دامن کعبہ کو لبیک کیا کرون شب زنات
ادب سے خانہ کعبہ کو دیکہا کرون شب زنات

تمنا

تمنا ہی اب ان آنکہون سی بیت اللہ کو دیکہون ؛
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

پسند آئی عبث انسان کو آرائش دنیا
الٰہی میرے دامن سی ہو دور آلایش دنیا

بگڑ جائیگی دم کی دم مین سب آرایش دنیا
نہو دل مین مرے کچھ خواہش زیبایش دنیا

تمنا ہی اب ان آنکہون سی بیت اللہ کو دیکہون
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

خوشا حال غریبان جو حرم کے راہ چلتی ہین
غبار آلودہ اونکو دیکہکر بس دل ہی جلتی ہین

حرم مین جا کے صورت عاشقونکی کب بدلتی ہین
ہماری دیکہئی ارمان دلکی کب نکلتی ہین

تمنا ہی اب ان آنکہون سی بیت اللہ کو دیکہون
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

نہ سمجہو تم کہ ملک ہند مین مین آرمیدہ ہون ؛
بہت حالات بدینی سی یہانکی غم کشیدہ ہون

نہایت دل تپیدہ ہون بڑا آفت رسیدہ ہون
بہت ہی اب تو مین دیدار کعبہ کا ندیدہ ہون

تمنا ہی اب ان آنکہون سی بیت اللہ کو دیکہون
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

دکہا اے میرے مولی تو مجہے بیت العتیق اپنا
الٰہی جو ترا فضل و کرم ہووے رفیق اپنا

یہانکی رنج سے ایک ایک دم ہا اے ہی ضیق اپنا
تو پہر کیونکر نہو آسان سامان طریق اپنا

تمنا ہے اب ان آنکہون سی بیت اللہ کو دیکہون
پہر اوسکو دیکہکر بیت رسول اللہ کو دیکہون

الٰہی سب تیرے حامد ہین اور محمود تو ہے
عبادتخانۂ کعبہ مین ہی مقصود تو ہے

بسوئی قبلہ سجدہ ہے مگر مسجود توہی ہے — خداوندا ہمیں اس قصد سے مقصود توہی ہے

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

خدایا تیری رحمت سے نصیب ایسا زمانہ ہو — فقیر خستہ جان خستہ خاطر بھی روانہ ہو
گلستان حرم میں جا کی میرا آشیانہ ہو — پھروں لبیک گویاں اور صورت عاشقانہ ہو

تمنا ہے اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں
پھر اوسکو دیکھکر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

دیگر در شوق زیارت مدینہ منورہ حرسہا اللہ تعالی

عجب کیا عالم برزخ جو مثل روز روشن ہو — جہان مہر سپہر کائنات اور کل کا حسن ہو
کیونکر گلشن دنیا اوسی مانند گلخن ہو — کہ جسکا آج نخلستان یثرب میں نشیمن ہو

یہی ہے آرزو دل کے مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

اگرچہ میں یہاں ہوں پر مرا جی ہے مدینے میں — مجھے گر کاش پہنچا ئی خدا جلد مدینے میں
نکالوں پھر نہ کیا کیا حسرتیں دل کی مدینے میں — شہادت کیجے خدایا موت ہو میری مدینے میں

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

مدینہ ہی زمین پر کیا ہی جائے پاک صلی اللہ — کہ کہتے ہیں جسے سب ساکن افلاک صلی اللہ
زیارت اوسکی تسکین دل غمناک صلی اللہ — شفا ہی سب دوا یا احمدی کی خاک صلی اللہ

یکتا

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہاں اور بقیع پاک مدفن ہو

الٰہی کب وہ دن ہوگا کہ جو میں تیرے گھر جاؤں
مدینے کے درخت آئیں نظر جب دوڑ کر جاؤں
مشرف ہو کے مکّے سے مدینے کو گذر جاؤں
نہ نکلوں پھر وہاں سے اور وہیں رہ کے مر جاؤں

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہاں اور بقیع پاک مدفن ہو

کوئی زائر مدینے کا کہیں جب مجھ سے ملتا ہے
کہ اس نے ہی ان آنکھوں سے اس روضے کو دیکھا ہے
تو آنکھیں دیکھ دیکھ اوس کی یہ ہوتا حال دل کا ہے
دکھا مجکو بھی یارب جب یہ میری تمنا ہے

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہاں اور بقیع پاک مدفن ہو

زمین پر جنت الفردوس سا ان سے روضہ احمد
کوئی رستا بتا دیجو کہاں ہے روضہ احمد
ذرا سمجھو تو تم کس کا مکان ہے روضہ احمد
الٰہی تو وہاں لے چل جہاں ہے روضہ احمدؐ

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سی وہاں اور بقیع پاک مدفن ہو

مدینے کے مدارج کا بیاں کچھ ہو سکے کیونکر
سفر سے جب کبھی تشریف لاتے تو قریب آکر
کہ اس درجے کے تھے اوس شہر کے مشتاق پیغمبر
چلاتی تھے بہت جلدی سواری کے تئیں سرور

یہی ہے آرزو دل کی مدینہ میرا مسکن ہو
رہوں ایمان سے وہاں اور بقیع پاک مدفن ہو

الٰہی تیری رحمت سے سفر سوئے محمدؐ ہو
زیارت گاہ میرا شہر دلجوئے محمدؐ ہو

نصیب اوس سے دماغ جا کو خوشبوی محمد ہو
تمنا ہی غرض ایا مین ہون اور کوئی محمد ہو

یہی ہے ارزو دل کی مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایماں سی وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

سنا ہی ہو کی رخصت جب سے بی بی نکلتی ہین
بہت سوز فراق مصطفی مین دل پگھلتی ہین
تو مشکل ہے وہان لوگونکی پانوا کی کو چلتی ہین
نکلتے آہ و نالی ہین جگر بس غم سے جلتی ہین

یہی ہے ارزو دل کی مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایالسنی وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

نہین پاتا ہو نہین ابکچھ مزا ایمان کی جینی مین
خداوندا مجھے تو اپنی قدرت کے سفینی مین
مدینے کی لیے ہر دم پھڑکتا دل ہے سینی مین
بہا لیچل کہین دریائے فرقت سے مدینے مین

یہی ہے ارزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایالسنی وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

یقین ہے دور سی جو روضۂ احمد نظر آئی
نکل کر بیقراری سی جسد کو چھوڑ کر جائی
پہنچنے تک سحر وہان جان سحر تاب لائی
سوا الله کے کون اس مراد دل کو پہنچائی

یہی ہے ارزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایالسنی وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

الٰہی یہ تمنا ہی دیار مصطفی دیکھون
الٰہی یہ تمنا ہے مزار مصطفی دیکھون
الٰہی یہ تمنا ہے جوار مصطفی دیکھون
وہان اپنی تئین ہر جان نثار مصطفی دیکھون

یہی ہے ارزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایالسنی وہان اور بقیع پاک مدفن ہو

[illegible]

فراقِ مصطفٰے مین جانِ دل بیتاب رہتی ہین
مدینی کے لئیے دیدی ہمیشہ پر آب رہتی ہین

الٰہی فتح ہو خواہان فتح الباب رہتی ہین
ہمیشہ بیقرار شوق مین عشاقِ بیتاب رہتی ہین

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے وہان اور بقیعِ پاک مدفن ہو

وہ ہین پیغمبرِ اعظم صلوٰۃ اونپر سلام اونپر
طفیلِ سرورِ عالم صلوٰۃ اونپر سلام اونپر

جو ہین شاہِ نبی آدم صلوٰۃ اونپر سلام اونپر
خدا یا جا بجا رہین ہم صلوٰۃ اونپر سلام اونپر

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے وہان اور بقیعِ پاک مدفن ہو

وہی جیتا رہا جو مر گیا عشقِ محمد مین
مجھے کامل بنا دی یا خدا عشقِ محمد مین

مزی مین ہے بلا جسکو مزا عشقِ محمد مین
فقیرِ خستہ دل ہون کر فنا عشقِ محمد مین

یہی ہے آرزو دل کے مدینا میرا مسکن ہو
رہون ایمان سے وہان اور بقیعِ پاک مدفن ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ حاجاتِ فقیر

یا الٰہی رویتِ ایوانِ کعبہ ہو نصیب
اب تو ہو نا مجکو بھی مہمانِ کعبہ ہو نصیب

محو ہو دل کو جلوۂ ہر شانِ کعبہ ہو نصیب
بلکہ دم بھر بھی نہ پھر ہجرانِ کعبہ ہو نصیب

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب

حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس جہاں میں آنکر کیا کیا نہ ہات آیا مجھے	کونسا مقصود دنیا کا نہ ہات آیا مجھے
سچ تو یوں ہے کچھ بھی یہاں گویا نہ ہات آیا مجھے	اب تلک جز دین کعبہ نہ ہات آیا مجھے

یارب ان ہاتھوں کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

یہ مگر وہ ہات ہیں جن سے ہوئی لاکھوں گناہ	یہ مگر وہ ہات ہیں جن سے ہوئی کاغذ سیاہ
دیکھیے کل ہووے ان ہاتھوں کی کیا حالت تباہ	اب یہ دونو پر خطا ہیں تیرے آگے یا الٰہ

فردا یعنی قیامت ۱۲

یارب ان ہاتھوں کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

جو کچھ ہونا تھا ہوا وہ کام میرے ہات سے	جو ہونا تھا ہوا ارقام میرے ہات سے
ہیں یہ قرطاس قلم بدنام میرے ہات سے	روح و دل کو اب تو دی آرام میرے ہات سے

کاغذ ۱۲

یارب ان ہاتھوں کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیا ہوا پاپوش دنیا جو اوٹھائی ہات میں	اور اوسکی گردن برغبت جھکائی ہات میں
ایکدن ان سب سے ہے نقد جدائی ہات میں	حیف ہے جو نعمت عقبیٰ نہ آئی ہات میں

حسرت ۱۲

یارب ان ہاتھوں کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

نعمت دنیا نہ کیا کیا کچھ ہوئی حاصل مجھے	شغل خورش عیش نے رکھا شکر سے غافل مجھے
خوبیا لذات دنیا سے کیا خوشدل مجھے	اب حصول لذت عقبیٰ ہو مشکل ہے مجھے

	یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب	
ایک وہ بھی ہیں کہ جو دن رات رہتی ہیں وہیں ایک وہ بھی ہیں وطن جنکا ہے مکے کی زمیں		ایک میں بھی ہوں کہ اب تک آنکھ سے دیکھا نہیں ایک میں بھی ہوں پڑا محروم ہوں اب تک یہیں
	یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب	
ایک وہ بھی ہیں کہ جو ہیں طائف بیت الحرام ایک وہ ہیں کعبہ کو جو دیکھتے ہیں صبح و شام		ایک میں بھی ہوں غم ہجراں سے جگر میں دام ایک میں بھی ہوں کفِ افسوس ملنے سے ہی کام
	یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب	
ایک کعبہ پر نظر ہر لحظہ کرتے رہتے ہیں ایک ہم بھی یہاں پڑے ہیں بے چین پھرتے رہتے ہیں		ہر زباں ہر نگاہ پر وہاں کے گذرتے رہتی ہیں جلتے ہیں امیدیں اور دوری میں رہتے ہیں
	یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب	
ایک وہ ہیں جنکو ہیں وہاں پانچوں کی لاکھوں نماز ایک وہ ہیں جنکو وہاں رہتے ہوئی مدت دراز		ایک میں بھی ہوں کہ اک سجدہ بھی نہیں ہے با نیاز ایک میں جلتی ہی ہے اب تک جو نہ ہے سامانِ ساز
	یارب ان ہاتھوں کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب	
داخلی ہے ایک لوگوں کو تو کعبے کی نصیب		اور مجھے اب تک نہیں ہے ان مکہ بھی نصیب

کاش نزدیکی ہو جہان سے یہان ہو دور نصیب ۔ یا خدا اب تو زیارت ہو کہین جلدی نصیب

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ایک وہ ہین زمزم اطہر سی جو سیراب ہین ۔ ایک ہم بیٹھے غم ہجران کا یہان ہراب ہین
ایک وہ ہین جو دعا کرتے تہ میزاب ہین ۔ ایک ہم بے دست و پا اب یہان پہ بیتاب ہین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیون نہو محبوب ہے دل کعبہ اطہر کے جا ۔ کل زمین سے جسکو فرماتی ہین بہتر مصطفیٰ
اور یہ فرماتے ہین جو خارج نکلتے ہے اشقیا ۔ کب نکلتا چھوڑ کر مین تجکو ای بیت خدا

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

قدر کعبہ کس قدر اللہ کے ہے جلیل ۔ ہین خلیل حق محب اوسکے عدو اوسکی ذلیل
ہین محب دیکھو خلیل اللہ اور ابن خلیل ۔ اور عدو جیسے کہ مقہور خدا اصحاب فیل

یارب ان ہاتھون کو بہے دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

لاکھہ سیرابی سے بہتر اس سفر کے تشنگے ۔ دور ہو وہ جس سے روز پر خطر کے تشنگے
مجکو ہے اوس زمزم پاکیزہ تر کے تشنگے ۔ یا خدا جلدی بجھا دل و جگر کی تشنگی

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس

اس سفر کے خار مین آتا ہے خرمی کا مزا
سیب جنت کا ہی اسکی بھوک مین گویا مزا
پیاس مین اسکی ہے لب آب بقا کا سا مزا
عیش عقبی کا یہان سختی مین ہے پھیکا مزا

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس سفر مین عاشق بیدل اگر پیدل چلے
دھوپ ہے رستی مین ہوا اسکو خنک کا نور سے
کیون نہون محمل سے بہتر اسکو چھالے پانوٴن کے
کاش ہو جائے یہ میرا حال اہی ہو لی مرکے

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

الله الله رحمت حق ہے نثار قافلہ
کوئی بتلاتا کدہر ہے رہگذار قافلہ
ہین حرم کے رہنے والے انتظار قافلہ
خاک میری بہی چلی بنکر غبار قافلہ

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہو نجاؤن اس دیار پر غضب مین زیر خاک
کاش ہو ممکن ہے یہی تجھ طلب مین زیر خاک
یا خدا کر نا مجھے ملک عرب مین زیر خاک
ہون قریب کعبہ ہون جس روز و شب مین خاک

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہائی ابتک ہائی بسی تو ای نفس نکلا کیون نہین
حیف اے انکھو تمھین دیدار کعبہ کیون نہین
اے قدم افسوس او جانب کو چلتا کیون نہین
دامن و سکانات مین ہم سیات اکیون نہین

یارب ان ہاتھون کو بھی داماں کعبہ ہو نصیب

حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کب وہ دن ہوگا کہ دو اپنا غم پنہان کرن
دل مین جو کچھ ہے ارمان اوسکو حاصل ہان کرون
جان و دل اپنے منائے قرب مین قربان کرون
کاش سامان سفر مین پہ سے پرسان کرون

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

پاک ہے قدوس ہے طیب ہے تو یا ذوالجلال
کر عطا اس راہ مین سب پاک و طیب مجکو مال
مجھپہ ہو دو فرخ حرم احرام سے ہوکر حلال
ہات پانون سے سلامت ہند سے جلد نکال

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مجھپہ کچھ باقی نہو وقت سفر حق العباد
دشمنونکو دوستون کی شکل جاؤن کر کے شاد
خیر سے کسدن کھونگا مین وطن کو خیرباد
دیکھیے کب ہووے حاصل ہات مین نقد مراد

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اس سفر مین ہووے میری ہم رہ ذیل والدین
مین بنے اک خادم چلون ہمراہ خیل والدین
جانب کعبہ کھین جلدی ہو سیل الدین
حج اکبر ہو نصیب اپنے طفیل والدین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اب کھین جلدی سی کر مجکو بھی دریا مین سوار
حضرت جدہ کے مرقد کو دکھا اے کردگار
جب ہان ہے وصل کے دن جبکے سحر ہو آشکار
کسقدر ہو جوش مین شوق دل امیدوار

یارب

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

اب تو منزل یا خدا امیدانِ مکہ ہو مرے
عمر جو باقی ہے سب قربانِ مکہ ہو مرے
اور زیارتگاہ ہر دم شانِ مکہ ہو مرے
اور جائے دفن گورستانِ مکہ ہو مرے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

ہو عروس فخر کر کعبہ جس جگہ جلوہ فروش
کاش عاشق کا ساعت کیلیے ہر مو ہو گوش
رونمائی مین نجائے کیونکہ نقد صبر و ہوش
جست و جوئے بیت مین نجائے یہ خانہ بدوش
(آئے بیت اللہ)

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

کب تسلی ہوگی دونون آنکھونکی میرے یا الٰہ
رات دن دیکھون جمالِ کعبہ کو مین پر گناہ
کاش نجائے مرا ہر موئے تن تارِ نگاہ
اور یہ قدرت مین نہیں ہے کہ ہر شام و پگاہ

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

باعثِ حسرت ہے مجکو چرخِ اخضر کا طواف
ہو نصیب اپنے بھی اکدن ہو ہی اوس گھر کا طواف
اوسکی وسعت مین ہے ہر دم بیتِ اطہر کا طواف
اور قبولِ حق ہو اس بیتاب و مضطر کا طواف

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

مین طوافِ کعبہ مین اترا کے چلتا ہے سو ہون
معصیت کو اپنے توبے بدلتا ہی ہون
(گناہ)

یون ہو یارب کہ مین یہان غسی چلتا ہی ہون — حجر کعبہ مین کف افسوس ملتا ہے رہون

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیا کہون بیت خدا کے اور اسود کے مثال — دونون ہین ہ دیک جیسی مصطفے سی تہے بلال
یا ہے بیت اللہ کے وہ چہرہ تابان تہ خال — یا خدا دکہلا مجہے ارمان سیرہے نکال

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

یہ تمنا ہے کہ ہون قربان کعبہ دمبدم — اور مین لیتا رہون اسود کا بوسہ دمبدم
سب گنا ہون سے وہان ہو توبہ توبہ دمبدم — ہووے آنکہون کو خدا در سے گریہ دمبدم

یارب ان ہاتہون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب ؛

مسجد بیت الحرم مین جا رہون مین بہی گر — اسقدر سجدے کرون پتہر مین ہو جائی اثر
اور پتہر کے نشان ہون سر مین سیکے جلوہ گر — بلکہ سجدے کرتے کرتے رب کو منجائے یہ سر

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب ؛

ہے یہی ہ من اس دل بیتاب مضطر کو لگی — چشم حیران ہو مرے اوس بیت اطہر کو لگے
استخوان سر بہی ہو سجدے مین اوس گہر کو لگی — اور وہ دیوار پرانوار ہو سر کو لگے

یارب ان ہاتھون کو بہی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

جسطرح جنت مین جا رہنا ہی جی کی آرزو — خانۂ کعبہ مین یون ہے داخلی کے آرزو
دی الٰہی اس قدر مجکو اوسی کی آرزو — جسطرح بیمار کو ہو زندگی کے آرزو

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

اندرونِ کعبہ حمدِ رب ہو استغفار ہو — اور لگا دیوارِ اطہر سے مرا رخسار ہو
توبہ ہو زاری ہو ہر جانب ہی کردار ہو — اور دعا رب اجرنی من عذاب النار ہو

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

رب کو سجدہ ہو مصلّی ای رسول اللہ پر — اور ہو وردِ صلوٰۃ اوس خیرِ خلق اللہ پر
داخل و خارج نظر میری ہو بیت اللہ پر — ہے حصولِ آرزو موقوف فضلِ اللہ پر

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

کب وہ دن ہو گا کہ جا وین چشمۂ زمزم پہ ہم — شوق مین پینی کے اوسکی ہووے شدت کی پیاس
اضطراب اتنا کہ باقی ہون نہ کچھ ہوش و حواس — تب مجھی پینی سی اوسکی ہوش ہووے بیقیاس

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

کاش مین ہوں اور وہ میزابِ رحمت سر پہ ہو — اس تہم دل کو گویا دستِ الفت سر پہ ہو
ابر و باران جھجھکا یا ربِ عزت سر پہ ہو — آب سقفِ پاک سے نازل بکثرت سر پہ ہو

یا رب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب

حد سے گذرا درد دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

مجکو رکھا اوس بیت کے تعظیم مین تکریم مین
گر حطیم پاک مین گہ رکن کے تلثیم مین

گاہ سجدے مین مقامِ پاکِ ابراہیم مین
دیکھیے رہتا ہون یہان کب تک امید و بیم مین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

مین بھی ہون احرام مین جب ہو ترا لطف و کرم
نعرۂ لبیک ہووے اور میدانِ حرم

اور صفا مروہ پہ بھی ساعی ہون با چشم نم
جھانکتا ہون خانۂ کعبہ کو وہان سے دمبدم

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

جب محبانِ خلد احمد پہ ہووین سنگبار
اور شیطان لعین کو کر چکے الین سنگسار

مین بھی اون وین مین ہون تیرے خداوندا شمار
اب تو میری دلکو بیتابی ہے ہے یا پروردگار

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

یا الٰہی مین جہان جتنے مقاماتِ دعا
اور جو ماثور ہین الفاظ و اوقاتِ دعا

مجکو ہو اون سب مین توفیق ہدایاتِ دعا
اور مصباحِ اجابت ہو مشکوۃِ دعا

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

مجکو ہووے حج کعبہ حجتِ محشر تو ہے
عمر سب حج کے ہے لالی مین گذر جائے مری

سر منڈا کر بوجھ میرے سر سے گر جائین سبھی
عاشقون کے شکل ہو اور خاک ہو مجھ پر پڑے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

جسکو ہو جاے وقوف اوس جاے طہر کا نصیب
یا الٰہی جا رہون اک روز وہان میں بھی غریب

اوس سے ہے میدان محشر میں مرحمت قریب
جو ھی ہیرا درد دل اوسکا تو ہی ھی طبیب

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

وھان منا مین السیئ قربانی کا مجکو ڈھب بنے
یا الٰہی جیسی میرے کام بھیان کے سب بنے

پا شکستہ کو جو راہ تیز ہر مرکب بنے
دست کوتاہ اب ہاتہکا طالب طلب بنے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

مسجدین مکے مین ہین ایجب قدر نزدیک و دور
ہر جگہہ یہ سر ہے سجدے مین تیرے یا غفور

دی الٰہی مجکو اون سب کے زیارت سے سرور
کیون نہ سب آسان ہو جب ہین دعا کا ہو ظہور

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

اور زیارت ہو مجھی دار خدیجہؓ کی حصول
ہو مراد دار عتیق اور دار ارقم مین دل

کاش ان آنکھون سے دیکھون جاے میلاد رسول
یا خدا یہ سب عامین کر طفیل اسکے قبول

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

یا خدا مجکو دکھا غار حرا اور غار ثور
اور غار مرسلات اور سب یار تنگا دہ

اور قبور جنتِ معلا کو مین دیکھون بغور — سب عاؤ نکا وسیلہ یہ دعا کرتی ہے دور

یارب ان ہاتھون کو بھے دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسی گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

بیقرار ہی سب ہین سب کے جان و دل تیرے لیے — خاکمین شاہ و گدا جاتی ہین مل تیرے لیے
ہجر مین کعبے کے سب ہین مضمحل تیرے لیے — ہے فقط کعبے سی ہونا متصل تیرے لیے

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسی گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

زَیَّدَ اللّٰہُ لَہَا زُوَّارَہَا فِی کُلِّ یَوْم — زَادَہَا عِزًّا وَّ عِظَمًا ہٰکَذَا فِی کُلِّ یَوْم
یَحْزُنُ قَلْبِیْ لِفَیْ ہِجْرَانِہَا فِی کُلِّ یَوْم — اَسْتَجِبْ مَا قُلْتُہٗ یَا رَبَّنَا فِی کُلِّ یَوْم

یارب ان ہاتھون کو بھی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسی گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

آیدا این رشکم مہرِ آسمان کین ہر زمان — جلوہائی طلعتِ کعبہ ہمی بیند عیان
میشود در سایۂ پر نورِ کعبہ جای آن — عرض من بشنو منم بے صبر و بیتاب و توان

یارب ان ہاتھون کو بہی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسی گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

بھر رہی ہی یہ تمنا اس دلِ غمناک مین — ہو کے حیران مین ہون غلطان وہان کی خاکمین
لوٹ کر ہو جاؤن شیدا پاک جائی پاک مین — اور ملون سبع خاک مثلِ عطرِ گل پوشاک مین

یارب ان ہاتھون کو بہی دامانِ کعبہ ہو نصیب
حدسے گذرا دردِ دل درمانِ کعبہ ہو نصیب

جہان شرف

جب شرف ہوکے وہان سے اونکے آتے ہین — اور غلاف پاک سی ان کے تبرک لاتے ہین
سب کو دکھلاتی ہین سر آنکہون پہ وہ رکھواتے ہین — کیا کہون جو دیکھکر ارمان دلمین آتے ہین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

نیت ہجرت ہے یا مولیٰ مجھے یہان سے نکال — ہند کی الفت سہی سر دل و جان سے نکال
اس دیار پر غضب کے قید زندان سے نکال — جانب کعبہ سلامت دین و ایمان سے نکال

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کیا سفر مین جائینگے وہ جو سفر کرتے نہین — ہو چکا ہے فرض حج بیت حق پر بالیقین
اونکو توفیق سفر دی یا اله العالمین — اور خادم قافلے والونکا ہو یہ دل حزین

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب ؛

جنکو سامان سفر حاصل ہوا اور زاد راہ — اور نہ دیکھا خانہ کعبہ اونہون نے واہ واہ
وہ یہودی یا کہ نصرانی مرینگے روسیاہ — نقد طاعت ہے نہ خالی ہات ہو یہ پر گناہ

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سی گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

وہ جو کہتی ہین کہ جانے کی ہمین فرصت کہان — اور فرصت بھی ہوئی تو جسم مین طاقت کہان
اور طاقت بھی ہوئی تو اسقدر دولت کہان — اونسی کہدو یہ بہانے مین تو ہے جنت کہان

یارب ان ہاتھون کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب

حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

عیش دنیا میں جو بے اندازہ اڑاتے ہیں مال
اللہ اللہ کسقدر اسراف میں آتے ہیں مال
کیا بڑی خیرات یہاں اللہ کے کھاتے ہیں مال
پہر سفر کے نام کو بالکل نہیں پاتے ہیں مال

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

کوئی کہتا ہے تجارت سے نہیں فرصت مجھے
کوئی کہتا ہے کہ گھر سے ہے بہت الفت مجھے
کوئی کہتا ہے نہیں سرکار سے رخصت مجھے
مرتے دم ہر ایک کہیگا کاش ہو مہلت مجھے

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

ہر گھڑی پھیلائے رکھہ دست دعا کو اے فقیر
چاہتا ہے تو اگر اوسکی عطا کو اے فقیر
کیوں نہ تجھپر رحم آئیگا خدا کو اے فقیر
ایکدم مت بھول اپنی اس صدا کو اے فقیر

یارب ان ہاتھوں کو بھی دامان کعبہ ہو نصیب
حد سے گذرا درد دل درمان کعبہ ہو نصیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض حاجات فقیر بحضرت رب قدیر در شوق مدینہ طیبہ حرسہا اللہ تعالی

ہو مجھے تسکین دل حاصل مدینے کی قریب
اب نہو جانا مجھے مشکل مدینے کے قریب
خاک میں یہ خاک جائے مل مدینے کے قریب
جا رہے یارب یہ آب و گل مدینے کے قریب

کاش

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

ہے سبیلِ قربِ پیغمبر مدینے کا سفر — گر نصیب اے خالقِ اکبر مدینے کا سفر
ہووی تسکینِ دلِ مضطر مدینے کا سفر — اور بہت آسان ہو مجھپر مدینے کا سفر

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اس سفر میں یا خدا اخلاصِ نیت دے مجھے — حاجی اور زائر کہا جانے سے نفرت دے مجھے
بے ریا رکھ مجکو اور خالص محبت دے مجھے — اور بہت جلد پہنچ جانیکی ہمت دے مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اب کھیں جلدی وہ دن دکھلائے رب العالمین — دور ہو جاؤں وطن سے اور مدینے سے قرین
اور کھیں سب قافلے والے کہ بس اے دل حزین — اب کوئی منزل مدینے کے سوا باقی نہیں

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

نخلِ طیبہ کا تبرک دے اگر پنکھا کوئے — ہو ہوا اوسکی مری حق میں ہوا فردوس کے
اوس سے ہووے راہ کی گرمی سے میرے بند گے — خاک جا پہنچے کھیں زیرِ گلستان مری

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

کسقدر پرنور ہے نامِ خدا ملکِ عرب — اور سراسر ہے مطیعِ کبریا ملکِ عرب

کیون نہو جب ہے مقامِ مصطفےٰ ملکِ عرب — یا خدا جلدی دکھا جلدی مجھے ملکِ عرب

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

ترک مین طاعات اور خیرات ملکِ ہند مین — مین غلامِ شہوت و لذاتِ ملکِ ہند مین
کیا بڑا اندھیر ہے دن رات ملکِ ہند مین — یا الٰہی مین بہت آفات ملکِ ہند مین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مثلِ مکہ ہے مدینے کو جہان پر احترام — طیبہ طیب کا ایسا کیون نہو عالی مقام
آنکہ جس مین رسول اللہ فرمائین قیام — مجکو ہے یا رب دکھاوے مسکنِ خیر الانام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

ہے دوائے دردِ بیماران مدینے کا غبار — ہے علاجِ روحِ ہر انسان مدینے کا غبار
میرے سر آنکھون پہ ہو افشان مدینے کا غبار — بلکہ ہو پیراہنِ عریان مدینے کا غبار

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

کیون نہ اترائی پھرے خوشبو سے طیبی کی ہوا — جسکے ہمدم ہو وے خوشبوی محمد مصطفےٰ
جسکے آگے عطرِ مشک و عود و عنبر ہیچ کیا — کر دماغِ جان معطر اوس سے میرا یا خدا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

کرم نہ جانے رحمت ہے تو احمد کے سبب
اوس جگہ مقبول طاعت ہے تو احمد کے سبب

خاکمین اوسکے جو صحت ہے تو احمد کے سبب
مغفرت وان ہے نہایت ہے تو احمد کے سبب

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

یا خدا راہ مدینے کی مساجد کو دکھا
دوڑتا جاتا ہون ننگے پاؤن ورد رٹا ہوا

ہر جگہ اس سر کو میرے اپنے سجدے مین جھکا
پھر مجھے فرط شوق سے ہو وہی میری صدا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مرقد میمونہ بھی یارب دکھانا راہ مین
جی پڑا ہے مسجد و بیت رسول اللہ مین

طفل دل روتا ہے ام المومنین کے چاہ مین
اب کہان تاب اتنے جو جاؤن مین سیال اللہ مین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مفتح الابواب ہے یا ربنا من رحمتک
اہدنی ربی الی البیت و دار مرسلک

ات مطلوبا لمملوک فقیر یا ملک
ثم ادخلنی الیہ مصرہ من بلدتک

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

چون شود حالم چو برج سبز را بینم ز دور
کے بود صبرم چو برج سبز را بینم ز دور

بر زمین افتم چو برج سبز را بینم ز دور
چون ہوا گردم چو برج سبز را بینم ز دور

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب

جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

جب رسول اللہ کا مسکن نظر آئی مجھے — غسل کر ڈالین نہ کیون آنکھین آنسو اشک سے
پاک ہو وین دیکھنے کو اوس مزار پاک کے — ایتو یا رب میر یا مولی مری امداد مری

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

ہند سی جاؤن مدینے مین تو ہو اتنی خوشی — جسقدر ہو ساری جنت مین جانیکی خوشی
ایتو یا رحمٰن میری بھی کھین ہو جی خوشی — کیونکہ ہو میرے خوشی جب تک نہو تیری خوشی

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مسکن طیبہ الٰہی مثل جنت ہو مجھے — اور وہان ایک ایک دم رہنا غنیمت ہو مجھے
بلکہ دم بھر بھی جی النبی سے رخصت ہو مجھے — شہر احمد مین کھین مرگ شہادت ہو مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

یون رسول اللہ فرماتی ہین مین بیزار ہون — جو مسلمان ہو گئے اہل شرک مین رہتے سکون
کافران ہند مین رہتی سی یارب دل ہی خون — حال مین لکھ جاتا ہی تو تو بس مین کیا کھون

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اللہ اللہ کیا ہی عالی منصب باب السلام — رفعت و شوکت ہے بہتر عرش باب السلام
ہو سلام اس لب پہ یا مولی لب باب السلام — مجکو پہنچا دی سلامت جانب باب السلام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

نام ھی جس باب کا مشہور باب جبرئیل
ہو کے اوس ستی ہی مین بھی فیضیاب جبرئیل
شاید اب جھے آتے جاتی ہون جناب جبرئیل
داخل مسجد ہون ہمراہ رکاب جبرئیل

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

جب نماز روز و شب اوس مسجد عالی مین ہو
کیون نہ ایسی حال خوش مین دل بھی خوشحالی مین ہو
چشم حیران کی نظر ہر لحظہ اوس جالی مین ہو
اتنوا مدا و خدا اس طاعت مالی مین ہو

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

درمیان حجرہ و منبر ہو جب میرا قیام
اور جب ہون مین بصحن مسجد خیر الانام
وہان نظر کو ہووے ہر دم حجرہ انور سے کام
دیکھتا ہون قبہ انور کو ہیبت سی مدام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

روضۂ انور مین بھی مجکو میسر ہو نماز
وقت اس خلوت کا یا اللہ ہو جاوے دراز
اور استغفار و تسبیح و ثنائی بی نیاز
ہین مرے سب کام تیرے ہے سپرد اے کارساز

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

با ادب ہو مین کبھی بالین اطہر کے قرین
اور خیال وہ روشن دلمین ہو نقش نگین

اور کبھی ہوں چہرۂ تاباں کے آگے میں حزین
کہتا ہوں صل علی روح شفیع المذنبین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیالِ دل مدینے کے قریب

روح احمد پر تو حاصل ہے یہاں عرضِ سلام
پر مرا جب ہے کہ جا کیجے وہاں عرضِ سلام

منہ تو دیکھو میسر قسمت میں کہاں عرضِ سلام
ہاں اگر سامان کریں جب جہاں عرضِ سلام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیالِ دل مدینے کے قریب

حضرت حق بھیجے ہے نازل وہاں کامل صلوۃ
اور فرشتے بھی سبھی کرتے رہیں نازل صلوۃ

اور ہمیں مخلوق ہے یا رب ہے شامل صلوۃ
ہو بآواز حزیں مجکو بھی وہاں حاصل صلوۃ

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیالِ دل مدینے کے قریب

بھیجتا ہوں یوں تو میں یہاں سے بھی احمد پر درود
اور پہنچ جاتے ہیں قاصد لیکے مقصد پر درود

پر حضور میں خدایا ہو محمد پر درود
ہو کے حاضر جا کہوں اس پاک مرقد پر درود

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیالِ دل مدینے کے قریب

مجھ سے ہوویں وہ ادا الفاظ و مضمون سلام
جو کہ ہیں اصحاب سب کی تو رو مسنون سلام

یعنی جو مسنون ہیں دستور و قانون سلام
دیکھیے کسدن تجھ سے یہ محروم مقرون سلام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیالِ دل مدینے کے قریب

رات دن یا رب یہان تسلیم کا ہو اتفاق
کیا سرور وصل اور کیا شکوہ درد فراق

تا کہون لکھنی کا جو کچھہ ہے دل مین اشتیاق
اب مدینے کی جدائی ہے خدایا مجھپہ شاق

کاش جلدی ہو مری منزل مدینی کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اور کہان قسمت کہ وہان پہنچ کر تو سون تا کہون سلام
جب حضور شاہ مین حاضر ہون مین مثل غلام

ایک بھی دیوین جواب اب وہ نکا مجھے خیر الانام
عرض حال دل بھلا کیونکر رہے پہر ناتمام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

عرض ہو دے کہ درد ہجر نے مارا مجھے
یعنی سامان سفر برسون نہ ہاتھ آیا مجھے

تیرے در پر کرم نصیب نے یہ پہنچایا مجھے
آپ ہی کے شوق مین شوق اس صدا کا تہا مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینی کے قریب

یا رسول اللہ جو کچھہ مجھپہ گذری کیا کہون
یا رسول اللہ جو حالت تھی مری کیا کہون

یا رسول اللہ دل کے بیقراری کیا کہون
اور دعا جسقدر ورد زبان تھی کیا کہون

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کی قریب

یا رسول اللہ مرا ان پہ تیرے ہون نثار
اب مدینا آ گیا ہے جنت الفردوس وار

مجھکو طاقت بند کا رہنا تھا مثل قیدیار
یا رسول کیا کرتا تہا یون مین بیقرار

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب

جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا رسول اللہ میں مشتاق تھا دیدار کا
مسجد و محراب کا منبر کا ہر آثار کا

روضۂ انور کا یہاں کے ہر در و دیوار کا
اوّل و آخر یہ تھا دم میری گفتار کا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا رسول اللہ لاکھوں شکر مولیٰ کے لیئے
آپ کے اب جو حرم میں بھی یہاں آئے لیئے

اب مبارک باد میرے چشم بینا کے لیئے
آرزو یہ تھی اسی مجھ کو تماشا کے لیئے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اب مبارک میری آنکھوں کو جمالِ طیبہ ہو
اب مبارک سجدہ احمد میں سر کو سجدہ ہو

اب مبارک میرے ہاتھوں کو شباکِ روضہ ہو
اب اثر محفل مبارک اس دعا کا کیوں نہ ہو

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا رسول اللہ اب مجھ کو ہوئی اتنی خوشی
کیا عجب ہے جو میں شادی مرگ ہو جاؤں ابھی

اور ہوا ہو کر عجب کیا روح یہاں آئے مری
جب مدینے کے سفر میں مجھے فریاد تھی

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اب سرورِ وصل سے بیخود ہوں میں یا مصطفیٰ
ہے یہ حیرت کہ میں در روضۂ خیر الوریٰ

خواب میں ہے یا کہ بیداری میں ہے یہ ماجرا
کیا مرا لکھا وہ سچی پھر خدایا ہو گیا

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

نفس نے ظالم ہوں استغفار ہے رب سے مری
تاکہ پاؤں میں بھی تواب و رحیم اوسکو ابھی
آپ سے میری شفاعت کیجیے حق سے یا نبی
یہ تمنا بھی تو لازم اس تمنا ہی میں تھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

یا نبی ڈرتا ہوں مجکو پھر نہو درد فراق
پھر کہیں منہ پر پڑی میرے نہو گرد فراق
پھر نہو وہ اشک سرخ چہرۂ زرد فراق
یوں کہا کرتا تھا میں پھر کر دم سرد فراق

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

بس ہاں ہے یا خدا دم بھر مجھے رخصت نہو
دیکھکر وہ روضۂ انور مجھے رخصت نہو
جان رخصت ہو بلا سے پر مجھی رخصت نہو
حیف ہے اب تک وطن ہے گر مجھے رخصت نہو

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

حضرت صدیق رضی کو بعد اوسکی ہو عرض سلام
سب سے بالاتر ہے بعد از انبیا جنکا مقام
جو ہیں صادق یار غار حضرت خیر الانام
انکا مشتاق زیارت ہے بہت یہ مستہام

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثل خیال دل مدینے کے قریب

پھر تحیہ عرض ہو فاروق رضی اعظم کے تئیں
قول سے جنکے موافق آیا قرآن مبین

جنکے باعث سارے دینون پہ ہوا غالب دین
اب طفیل دوستان رحمۃ للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

کیا ہے عالی شان مین دیکھو تو جناب رسولؐ
عالم برزخ مین بھی ہین دونون بجوار رسولؐ
کیون نهو دین حق کہ تھے قربان ادائے رسول
یا الٰہی اب طفیل قرب اصحاب رسول

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

مین مدینے مین محمد مصطفےٰ کے جتنی چاہ
چاہ مین پانی کے اونکے تشنہ لب دل ہے گواہ
گرد ہون مثل سگ اصحاب کہف اونکے پیچھے یا الٰہ
ہو نہ یارب کبھی بے سامانی اب تو سد راہ

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اللہ اللہ کیا نصیب اوس کوچہ بازار کے
پڑتے تھے ہر دم قدم وہان سید ابرار کے
جو شرف ہین رسول آ بعد کی رفتار کے
یہ دعا ہے شوق مین اوس معتبر آثار کے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

بانہ آتا ہین نہین تقصیر بے اندازہ سے
خاک میرا پاک ہو پہلے تو قرب کرہ سے
کوئی باندھے مجھکو لیجا کر ستون توبہ سے
پھر خدا طیبہ بنائے قرب خاک طیبہ سے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

ماسکاہو

ہے جو نزدیک مدینہ مسجدِ پاکِ قبا
رونق افزا اوس جگہ اول ہوئے تھے مصطفٰے
پھر مدینے سے بھی آتے تھے وہاں خیر الوریٰ
اوسمیں دو رکعت ہیں عمرے کے برابر یا خدا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مسجدیں جو دور ہیں یا ہیں مدینے کے قریب
خاک میں اون سبکی کہہ سر میرا یا رب مجیب
کیونکہ اون سبکو قیامِ مصطفٰے سے ہے نصیب
دیکھیے کب تک مقیم خستہ دل ہوگا غریب

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

جائے حنانہ کوئی ای کاش دکھلائے مجھے
اور ستونِ ابو لبابہؓ تک بھی لیجائے مجھے
مجھسے وہاں توبہ ہو اور رونا بہت آئے مجھے
بس سوا اللہ کے وہاں کون پہنچائے مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مرقدِ انور پہ ہو عرضِ تحیہ صبح و شام
پھر بقیعِ پاک کا دیکھوں میں جلوہ صبح و شام
اوسمیں اہلِ بیت کا دیکھوں میں قبہ صبح و شام
گرد جا مولیٰ کے تیرے ابدال آگئے گر صبح و شام

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤں میں مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

قبۂ عثمانؓ غنی ذی النورین بھی مجکو دکھا
قبۂ پرنور ابراہیم ابن مصطفٰے
اور قبابِ دخترانِ حضرتِ خیر الوریٰ
کیوں نہ آساں ہو یہ گر لطفِ کبریا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب

جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

امہات المومنین کا قبۂ عصمت دکھا
اور بھی قبے وہان موجود ہین جو یا خدا
جس سے طفل روح پائے دوش مادر کا مزا
ہو شرف سبکے زیارت سے مجھے جلد عطا

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اور خصوصاً روضۂ زہرا بھی دکھلانا مجھے
وہان جنابِ سیدہ مین جلد پہنچانا مجھے
باحیا اوس قدر عفت پہ لیجانا مجھے
تو بنا یارب مدینے کا ہے دیوانہ مجھے

کاش جلدی ہو مرے منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

مسجدِ زہرا مین بھی سجدہ ہو موئے کو مرا
اس لیئے بیت الحزن نام اونکی مسجد کا ہوا
وہان فراقِ مصطفےٰ مین روتی تھین جس لیئے
دلکو رقت رونا آنکھون کو مری وہان ہو عطا

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

یا الٰہی مجکو دکھلانا صحابہ کے مزار
اور بن دیکھے رسول اللہ کے تھے بیقرار
جان و دل سے مال سے تھے جو کہ حضرت پر نثار
بیقراری دے وہان کی مجکو یا پروردگار

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثلِ خیالِ دل مدینے کے قریب

اور شہیدانِ اُحد کی بھی زیارت ہو مجھے
ہر زیارت گاہ سے حاصل شرافت ہو مجھے
ہر جبل کے نخل کے وادی کے رویت ہو مجھے
دیکھیے اب رنجِ ہجران کتنی مدت ہو مجھے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

اور بھی رہا ہے میرے دل صد چاک مین
خاک میری پاک ہو ملکر وہانکی خاک مین
مر کے مین بھی خاک ہو جاؤن البقیع پاک مین
اب تو بس یون ہی ہمیشہ ہی رہے دل غمناک مین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

دلکو یون طیبہ سے الفت ہے تو احمدؐ کے لیئے
اوسمین جانے کی رغبت ہے تو احمدؐ کے لیئے
اوسکی ہر شی سے محبت ہے تو احمدؐ کے لیئے
آرزو یہ بے نہایت ہے تو احمدؐ کے لیئے

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

کیون مدینے کی حراست مین نہ ہر گام رہین (حفاظت)
کیون نہ اوسمین وہ مسند دین کہ ہو آرام رہین
بیٹھین نام مدینہ کے ہی کہو نام دین
جسمین حاصل کام دین ہو اور سب احکام دین

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

سوچتا کیا ہے کہین جان بھی بچا نسکی ای فقیر
اپنی کھیتی کو ذرا سینچ کر دکھا دی ای فقیر
کام کر سب اپنے مولیٰ کے حوالے ای فقیر
اب تو مدت ہو گئی یہ کھیتی کھیتی ای فقیر

کاش جلدی ہو مری منزل مدینے کے قریب
جاؤن مین مثل خیال دل مدینے کے قریب

سراپای رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱
اللہ الحمد کہ سلطان ہوا مہمانِ فقیر
دافعِ حزن ہوا کلبۂ احزانِ فقیر
آج کس قرب کے شایان ہوئی شانِ فقیر
بن گیا گنجِ حرم گوشۂ حرمانِ فقیر

۲
آج صادق مری رتبی پہ وہ قول آتا ہے
ابنِ مسجودِ ملایک جو لقب میرا ہے

طلِ طوبی ہوا ہر سایۂ دیوار اپنا
ہے گلیم اب شرفِ کسوتِ ابرار اپنا
گل سے زخمِ دلِ گلشن ہوا ہر خار اپنا
بوریا آج ہے استبرقِ اخیار اپنا

۳
ظلِ سلطان ہی گرامی وہ ہوا نقشِ حصیر
موردِ غبطہ ہوئی حور کی ہاتھوں میں لکیر

ہی حصیر آج یہاں رشکِ عصائے شاہان
بن گیا وارخِ جان غیرتِ دارِ شاہان
انہیں مصور ہوا نورِ نہارِ شاہان
ہر ستون اپنا ہے محفوظِ منارِ شاہان

۴
کیوں نہ ہر رحمتِ دل صورتِ رحمت بن جاے
جلشن بیت آج ہمکیوں سندسِ جنت بن جائے

آج یہاں ہر خطِ سا غری لیلِ اسرار
ہو گیا آہنِ دلِ شکستہ رو دستِ اقتدار
ذرہ ذرہ ہے خورشید بنا دلشِ نہار
داغِ دل شمعِ حرم حجرہ ہے نور الابصار

بیت عیدان بیزاکس لوبایے معلوم ہے آج

لیلۃ البدر

۵	لیلة البدر بھی دریوزہ گر نور ہے آج	
	کیا محل حسنات آج ہوا حال اپنا رشکِ شمشاد بنا سبزہ پامال اپنا	ثقل میزان قیامت ہوا اثقال اپنا کاسۂ فقر ہوا کیسۂ اقبال اپنا
۶	اب مرا قریہ اوس اقبال سے آباد ہوا یکقلم جس سے ہر ادبار کا افساد ہوا	
	خشک لب بدر تھی جو رفیق اپنی مدام درد دل آج ہوا کاکل محبوب مدام	جلوۂ بحر و بر اوسی ہوا اب حظ تام ہے دم سرد میں باد سحری کا اہتمام
۷	غم دارین سے کھنچے ہوا آج اپنا غم زلف معشوق تمنا ہوئی زنجیر الم	
	ای فقیر آج وہ سلطان جہان ہیں مہمان خاک محفل ہے ہما تخدم اعلی کا گمان	ایسی مہمان ہیں بھتے نصیب شاہان جذب دل تیرا کہاں اور کہاں ذی شان
۸	کیون غزل خوان تھا آج ہجون میں ہر دم غزل آتش بجھے ہوا دام غزالان حرم	
	آج کس وجہ سے ہی یہ چمن حساس جسکا ہر قطرہ ہوا صفر ترقی حواس	ابر رحمت کو جی کیا آج مرض خاک کا پاس بن گئی مرض ہو دیدہ اسرار شناس
۹	سبحات ابدی سے یہ کیا کسنے ظہور بھر دیا دیدۂ دل میں مرے ک غیب سے نور	
	آج درد متالم کے دوا حاصل ہے آج امید دلی پا یہ گجا حاصل ہے	آج امراض موفی کی شفا حاصل ہے آج میں کیا کہوں ہم مجھے کیا حاصل ہے

	امر ذوقی کا بیان کونسی الفاظ سی ہو غیر ملفوظ عیان کونسی الفاظ سی ہو	۱۰
آج بالیدگی فرق سرور محزون منزل شمس مری گھر کا لقب ہے موزون	تنگ ٹھیراتی ہی وسعت مین کلاہ گردون صاحب تاج منور ہی باسمین مکنون	
	حاصل عمر طبیعے نے کیا آج نزول جان و دل نذر ہین یکاش اگر ہوین قبول	۱۱
اطلس چرخ بنا جسکے لیئے فرش براہ جوش زن دل مین ہے وہ شوق بسر و ردیخواہ	ہوگیا جلوہ گر جلسِ فقیر آج وہ شاہ فرط شادی ہو عجب کیا مجھی مرگ ناگاہ	
	یہی حیرت ہے کہ یہان اور شہ دین آجائی بالیقین دلکو یقین ہو تو یقین آجائی	۱۲
قاف قرآج ہوا قاف سے اعظم میرا امر اوسط ہی جو توصیف مین ہمتم میرا	یعنی فکر صفت شاہ ہی ہمدم میرا دل ہفین مدح محمد مین مدغم میرا	
	مجکو اترانی سے اطرا سے بچائے اللہ مدح غالی کا مجھے منہ نہ دکھائے اللہ	۱۳
کیا ہی وتری صحف نعت رسول مختار آئی اشباح مضامین عطائی غفار	بن گئی ارض حرم آج زمین اشعار مورد نور قدم مین جو سرا پا انوار	
	یعنی ہے فکر سراپائے محمد وارد جس مزید یہ ہوا نور محمد وارد	۱۴
بحر اشعار ہی یہان وکش کوثر گویا	وزن ہر بیت مین ہے ثقل ترازوی جزا	

فقط

نقطهٔ حرف بنا مردم چشم بینا ‌‌ هی سخن ناسخ طغیان و غلو شعرا

حاصل قریہ گفتار کچھ آج ایسا ہے
۱۵ خرج صد ملک سخنور کو بھی رشک آتا ہی

یہ سخن رشک گلستان جہان کیونکی نہو ‌‌ یہ سخن نور شبستان جہان کیونکی نہو
رونق شان سخن شان جہان کیونکی نہو ‌‌ سامی سن بات سے سامان جہان کیونکی نہو

گر سخن کاشف اسرار نہوتا واللہ
۱۶ قل ھی قرآن مین بتکرار نہوتا واللہ

یہ سخن وہ ہی کہ جو معجزہ عیسیٰ ہی ‌‌ اس سخن کے لیئے بیتاب دل موسی ہے
یہ سخن وہ ہی کہ اسرار شہ اسریٰ ہے ‌‌ یہ وہ شاہد ہی کہ در پردہ ما اوحی ہے

طور دل کے لیئے عالم مین تجلی ہی سخن
۱۷ دیکھلو آئینہ صورت معنے ہے سخن

ہر مسافر کے لیئے کشتی کعبہ ہی یہ ‌‌ اور تعبیر آج پئے عبیر مدینہ ہی یہ
ہر خطا کار کو بہیان عذر خطیہ ہی یہ ‌‌ قابل التوب کے درگاہ مین توبہ ہی یہ

شرف انسان کو ملک پر ہی سخن کے باعث
۱۸ تا زمین ارض فلک ہے سخن کے باعث

بیکس عشق کو خود مونس ہمدم ہی سخن ‌‌ داغ دل کے لیئے کافور کا مرہم ہی سخن
صاحب زینت مدح شہ عالم ہی سخن ‌‌ ہان قبیح اوسکو کہو جو کہ بہ ذم ہم ہی سخن

کچھ نہین جا ہی سخن بیان کہ سخن ہے وہ رفیق
جذب مطلوب مین سہل اوسکو ہی ہر نجم عمیق

۱۹
حمد سخن کے لئے ہیں چار کتابیں تفسیر
ہے حدیث نبوی خاص سخن کی تصویر
اور سخن سے ہوا کاشانۂ عنصر تعمیر
سخن مدح سے ممدوح ہوئی ذات بشیر
اور سخن میں ہے سراپای محمد کا بیان
جسکو لکھتا ہے قلم آج بعون الرحمان

۲۰
کیوں نہو وصف قلم کاتب لوح محفوظ
ہوگیا جس سے یہ کان سکوں سب ملفوظ
کب نہیں جو فقر کونین قلم سے محظوظ
پر وہ یکتا ہے کہ ہے ضابط ہر خط و خطوط
اسنے خود لکھی ہے آیات قدم کی تفسیر
یہ قلم وہ ہے کہ ہے نون و قلم کے تفسیر

۲۱
کون ہمدم ہے وہ اسنے ہیں لکھی نقلاخ
واہ کیا کچھ یہ قلم کے ہے قلمرو ہی فراخ
گر صریر اسکے دو عالم میں ہو قرع صماخ
لکھ دیا ہے یہ ہیں ہے تو سر نہ کاخ
سرو کس باغ کا ہے رونق گلزار قلم
شاخ کس نخل کی ہے پر گل اسرار قلم

۲۲
بے زبانی پہ ہے اللہ رے ایسا ہی بیان
کاشف راز ولی حق مگر کیا ہے نہان
جس سے حاصل ہے طوطی کے لیے طی لسان
گوش دل میں بھی لکھ دیتا ہے چپکے سے گمان
نہیں یا کس کے سزاوار یہ شان اسرار
باادب چاہیے اظہار بیان اسرار

۲۳
صورت خضر سر چشمۂ تاریک دوات
خامہ اسکو لکھو کیونکہ یہ خامہ ذرات
کھینچتا مردہ دلوں کے لیے ہے آب حیات
بخشتا کرتا ہے ادنی جو ہے یہاں تمام صفات
عشق ولی کے لیے سلک جواہر ہے یہ کلک

۲۴
اس سیاہی میں وہ انوار مظاہر ہے یہ کلک

یہ قلم وہ ہی کہ خود جسنی باذن الرحمان
کاتب وحی و حدیث اسکا لقب ہے شایان

لکھی توریت اور انجیل و زبور و قرآن
کہ انھیں و کے لیے اسکو ملین ہیں وہ زبان

۲۵
صورت دست و عاب یہ سراپا سے دراز
کہ سراپائے محمد کا بھی ہو نقش طراز

بارک اللہ ہوی مقبول و حامی خامہ
تو ہوا مجھسے یہ آغاز طراز نامہ

ہو گیا نفس جھول آج مرا علامہ
کیا ہی گرم آمد مضمون کا ہوا ہنگامہ

۲۶
چشم بد دور وہ مضمون ہے یہ ماشاء اللہ
جسمیں قدرت کا دکھاتا ہی تماشا اللہ

ہے دلیل آج تو اوصاف محمد یہ رقم
یہ وہ مضمون ہے کہ ہو لوح زبرجد یہ رقم

کیجیے کیونکر اسی قرطاس ممتد یہ رقم
قلم زر سے ہو الواح زمرد یہ رقم

۲۷
بلکہ مسطور ہوں سطور سراپا کے سطور
قلم نور ہو قرطاس ہو رخسارہ حور

چاہیے صرف قلم اسمیں ہو شاخ طوبی
اور سیاہی ہو سویدائے ضمیر حورا

کاغذ مشق ہوا اسکا ورق شمس ضحی
نقطہ حرف بنی مردم چشم علیا

۲۸
اور بنین خط شعاع اسکے خطوط مسطر
و سیدم صرف مداد اسمیں ہو آب کوثر

اور سرخی کے لیے اسمیں ہو شنجرف شفق
بات اچھا ہے مجھے کاش جو قرطاس فلک

اور ہی حذب وہی ہو صوف استبرق
تو لکھوں جو وہ لوہاں سے قد میں ورق

۲۹
دیکھکر روی افق رنگ شفق فق ہوجای
ورق شمس ضحی کا غذ بادی نظر آئے

کیا مزا دو رهی استعارے سی و سکے واسد
وہ مکین ہین وہ امین ہین وہ مطاعِ ذی جاہ
جیسی جبریل کو مزدور کہا بے پرواہ
آپ جنکی لئی ہیتی تھی نبی جشم براہ

۳۰
دل احمد سے یہ پوچھی کوئی کیا ہین جبریل
جسمین خود ملقی اسرارِ خدا ہین جبریل

کوئی وسکے اُنکھ کو ڈالی ہی تھسری کحل
تو یہ جی یون ہو کہین عین نہی مستعمل
نظر آیا ہی جیسی دیدۂ یعقوب کہل
کوئی تشبیہ نہی تہی اور نصیبِ اجہل

۳۱
اسمین تعظیم رسول عربے کا ہیکو ہے
مدح مستلزم تحقیر نبی کا ہیکو ہے

نعت مین ذکر ہی یوسف کا تو کیا تعظیم
کس اہانت سے ہے ذکر زکریا و کلیم
جنکو فرماتی ہین منعوت کریم ابن کریم
کیسی تحقیر سی ہی وصف مسیحا کی فخیم

۳۲
یون ہی اخوان محمد کا جو موہن ہے کوئی
کسکے اخوان سے کیا جانیے وہ جن ہی کوئی

مینی مانا کہ بڑا طبع کا موزون کوئی ہو
شعرا مین وہی سرکردۂ غاوون کوئی ہو
فلک صابئین ہے صابئے سے بیقرون کوئی ہو
خامہ مرفوع تو اوس سے ہو جو مجنون کوئی ہو

۳۳
استعارات و مراعات کی ہشیاری ہی
ہجو مین خوب جنون کی اوسی بیماری ہی

گنگ ہی تو نہ رہا اج جب سے ہوا اندیا رسول
فہم جبریل ہوا اور اوسمین تو لائی رسول

یاد

یا کہ مخلوق مین جو قبل نبی آئی رسول ۔ اونکی تحقیر ہو اور آپ ہون شیدائے رسول

اپنا دیوانہ ہی شیدائے نبی کب وہ ہے
۳۴ ایک مشتاق ہی دیوانہ مطلب وہ ہے

جسکا مقصود فقط شعر ہو کیا اوسکو شعور ۔ کیونکہ ہوتی ہی بیان نعت رسول مغفور
کوئی وادی ہیمون مین گو ہو مسرور ۔ جو کہ ہی ذام رسل وہ ہی نبی کا مقہور

ایسی احسان تراشیدہ کا محسن ہے مسمّٰی

۳۵ گو تکلف سی ہو حسان وہ لیکن ہے مسمّٰی

قصہ کوتاہ کہان پہنچی طبیعت میرے ۔ پھر معاون ہو وہ اللہ کی رحمت میرے
روح حسانؓ سی یکایش ہو قربت میرے ۔ حسن احمد کی بیان مین ہے راحت میرے

تون ہوین نبی سی ندا کا ہے نزول
کہ فقیر اب مترنم ہو بتحسین رسول

ظاہر و باطن محبوب ہے وہ حسن عیان ۔ کہ بیان اوسکا نہین طاقت جن و انسان
اوس محاسن کے حسین ہین وہ جب دو جہان ۔ کہ شریک اونکا نہین ہے کوئی دارین مین ان

جوہر حسن رسول آمدہ آن جوہر فرد
۳۶ کہ خدا باد گرش وعدہ تقسیم نہ کرد

کس سے موصوف ہو وہ ذی شرف حسن و جمال ۔ ہی جو ہان مصف صدام صف حسن و جمال
ذات احمد ہی وہ دُرِ صدف حسن و جمال ۔ سائل حسن ہے وہان سبکی کف حسن و جمال

کیونکی معقول بشر ہو رہی حسن فخیم
جلوہ افروز ہو جب حسن خود حسن قدیم

۳۹

صفتِ حسن بھی ہے صفتِ مہرِ منیر — کہ بیاں باعثِ تصغیر ہے اور وہ ہے کبیر
ورنہ وہ وسعت سے اکبر نظر آتا ہے صغیر — وہی وصفِ سراپا ہے سراپا تقصیر

ستھرہ معصوم دلم نسبتِ جمالِ اکرم
مہر در وصفِ صغیر ہست و محیطِ عالم

حسن تو آنکھوں کیلیے وصفِ جمالِ مرسل — یعنی آنکھوں میں جو پھرتی ہے جمالِ مرسل
نامکمل ہر سے کہ تفصیلِ جمالِ مرسل — ہے یہ مجمل صفتِ فضل و کمالِ مرسل

۴۰
کہ فضائل میں محمد کے ہے تطویل فضول
قدرِ مرسل ہے عیاں تو ہے خود قدرِ رسول

عالی حکمت ہے نہیں فعلِ حکیم و علام — حسنِ محبوب کا عالی وہ کیا ہے مقام
کہ جو ہوتا کہیں ظاہر بھی وہ عالم میں تمام — مستطیع اوسکی نہ ہوتی کبھی یہ چشمِ انام

۴۱
لاتکلیف کا یہ مصداق ہے لفس ہوا
خواہ وہ جو یہاں شاق ہے لفس ہوا

قدرِ طاقتِ ابصار دکھایا ہمکو — تو ہوئی مدحِ محمد کی تمنا ہمکو
صورتِ مدح ہوئی منحصرِ معنا ہمکو — حسنِ احمد ہوا دارین میں حسنے ہمکو

۴۲
حسن وہ مطلعِ انوار اُٹھے ہے یہ
کہ ہمیں وعدۂ دیدار رکھے ہے یہ

اللہ اللہ الفِ قامتِ آغازِ انام — یاد آتا ہے جسے دیکھکے اللہ کا نام
سربلند اوسکی بلندی سے ہیں کونین تمام — قدِ محبوب ہے وہ سروِ ریاضِ اکرام

رشکِ قمری ہے جو جانِ تنِ املاکِ ملکوت

طوق

۴۳ طوقِ عشق اوسکا ہی در گردنِ ملک ملکوت

متوسط قدِ موزون ہی وہ سراپا نور
کیسے ہی وہی قدِ بالا ہین ہمراہ حضور

گرچہ تکمہ منصوص ہے اوسط صفت خیر امور
سب سے عالی نظر آتی ہین تجمع یہ ضرور

۴۴ قدِ بالای محمد مین وہ اعجاز ہے واہ
نظر آتی ہین وہان قامتِ بالا کوتاہ

بارک اللہ تعالے قدِ سرو بالا
چون شدہ منفعل فاعل فعل اسرا

رفتہ بر عالم بالا بفراز معنے
لام زلف و قد او کردہ تبارک ہذا

۴۵ قدِ بالاش لقد فاز علی نور العرش
گوش دلہا بشنیدند دم عود نفش

زیبِ تشریف رسالت ہی قد پیغمبر
راست آیگا اسی قد پہ حضورِ داور

خلعتِ اذن شفاعات بہی روز محشر
راستی آتی ہی کیا راست اسی قامت پر

۴۶ راست ایسا قد یکتا ہی نبی نیک آیا
کہ نظر دیدہ احول کو بھی وہ ایک آیا

وہ جمال نبوی ہی اثرِ نور جلال
اور جب سایہ نہ تھی وہان نہ پڑ قدم پا کی مجال

اس لیی اوس قدِ پر نور کا سایہ ہی محال
گویا اوس ظل کو بھی آتی تھی قضائے عمال

۴۷ مردم دیدہ انسان بنایا اوسکو
نور ہی وہ بھی نکہتا کھین سایا اوسکو

سر عالی ہی حباب یم رضوان خدا
ہوا گر نقد سجود دو جہان اوسپہ فدا

تاجِ ہر سجدہ ہی اوس سر کا وہ در رضا
تو بھی زیان ہی اوس تاجِ منور کی بہا

٤٨	كيا بيان هو صفت اس رئيس الابرار جسكا هر سجده يقيني هے قبول جبار	
ليل اسرا هين وه موی سر محبوب جهان شب طاعت متهجد كو نصيب ايسے كهان		اور هر اك تار مين هے فيض شب قدر نهان جو تعلق هين هے خط دل بيدار يهان
٤٩	زلف هے ليل سعادات هين وه زلف كے تار زلف دل كهے ليئے زلفی هی حضور غفار	
دلكشا ايسی هی وه الله وه پر نور جبين ديدهٔ كاذب كا فراوسی ديكهی تو هين		صبح صادق هے كه آفاق مين هی هی مبين سجدهٔ خالق ايمان مين هو سر زمين
٥٠	جلوه فرما جو وه پيشانی فائق هو جائی ديكهكر ناصيهٔ كاذبه صادق هو جائی	
شجر طور هی گويا قد زيبای رسول جسكو پيش آگئی پيشانی عظمای رسول		جلوهٔ طور كی لمعات هين سيمای رسول همه تن چشم رهی محو تجلای رسول
٥١	يكنظر خواب مين آجائے جو وه دلكش آجای دل مشتاق كو موسی كی طرح غش آجائے	
كس قدر نيك هی قرين هين وه كمان ابرو سورهٔ نون هے خود وصف و بيان ابرو		قاب قوسين كی تصوير هی شان ابرو قبلتين آج هين عالم مين نشان ابرو
٥٢	يا در كعبه هے وه جسمين دعا هی مقبول بال بال آپكا كيا نام خدا هے مقبول	
وصف ابرو مين قلم ميری قلم كی هی ماهر		ايسا عالم مين سر فكر سخنور هے كهان

کہ سلامت جسے یہان چھوڑدی تیغِ بیان ۔ ۔ ہی محالات سے اوصافِ دو ابرو کا نشان

۵۳
نقشِ ابروی نبی کھنچ نہ سکے جو کہینچے
کسکے طاقت ہے کہ اس قوسِ قزح کو کھینچے

آئی اوس ابروِ عالی پہ اگر چین عتاب ۔ ۔ الحذر گور ہی وہ قبر ہی ہر موج عذاب
کیونکہ عالم مین عتاب نبوی ہی وہ حجاب ۔ ۔ کہ نہان جسمین ہی قہار کی خود نمائی عقاب

۵۴
جہانکتی ہی وہ دلِ کفار کو اس پردی سی
او نپہ پرغیظ کیا نار کو اس پردی سی

ایک گر ایکے مابین وہ ابرو ہی نہان ۔ ۔ غیظ فی اللہ مین ہوتی ہی کسیو قت عیان
مسقطِ غضب جہان ہو وہ اگر ہو چنبان ۔ ۔ ہمسرِ جنبشِ عرش اوسکی صفت ہے شایان

۵۵
غضبُ اللہِ لمغضوبِ رسولِ واللہ
لقد اہتز لہ العرش بقہرِ الاواہ

فرقِ سر جادہ حسن و جہان ہے دیکہو ۔ ۔ استوا چرخِ رسالت پہ عیان ہی دیکہو
وہ جو ابرو سی قرینِ الف کی شان ہے دیکہو ۔ ۔ معنی نون و قلم جلوہ کنان ہی دیکہو
یعنی سینہ مبارک

۵۶
حاجبین ایسی ہین وہ غایت ہینی حسنکین
قابَ قوسین ہین یعنی رہ قابَ قوسین
(صفت حاجبین؛ دو ابرو؛ انتہائی؛ دو ابرو)

سورہ صاد ہی وہ عین جہانبین نبی ۔ ۔ گوشہ چشم ہے اک ملک جہان بینی مغنی
ہی نظر سوئی مین اس لئی اکثر او نکی ۔ ۔ کہ رہین گنج عدم مین بھی تو مرحوم سبھی

رحمت خاص ہین اوس نور رہی کی انکھین
کیون نہ ہون دیکہنی والی ہین خدا کے انکھین
(رحمت خدا کے)

۵۷

کیا ہو کیفیّتِ عینِ نبوی کا اظہار
انکھیں ہیں عالمِ دیدارِ خدائی غفّار
کحلِ مازاغ ہی ور چشمِ رسولِ مختار
اور سیاہی و سفیدی ہیں وہاں لیل و نہار

۵۸
جسکو موسیٰ نے سنا آپنے دیکھا اوسکو
جو شنیدہ ہی وہ ہمصورتِ دیدہ کب ہو

مژہ چشم ہے تارِ رگِ ابرِ رحمت
کیون ہو جنبش سے قرارِ رگِ ابرِ رحمت
نہرِ خلد نثارِ رگِ ابرِ رحمت
رحمِ کونین ہی کارِ رگِ ابرِ رحمت

۵۹
یا کہ محسوس ہیں وہ تارِ نگاہِ الطاف
کیونکہ وارد ہیں یہان چشم براہِ الطاف

صفِ مژگان پہ کفار ہی صفِ پیکار
جس سے ہوتا ہے معانی میں عجاز اظہار
تیر باری کو ہی اعدا پہ وہ ابرِ بدرار
ہمیشہ برستا ہی مگر ہوتی ہیں کافر فی النار

۶۰
ہیبتا و شق جنبشِ مژگان ہیں ان ایسی کہ
ہیبتِ زلزلۂ ارض کہاں ایسی ہے

صدفِ گوہرِ آیاتِ خدا گوشِ رسول
ماہ و خورشید سی ہی مانعِ تشبیہ افول
صورتِ نور و دخان عارضِ گیسو مقبول
یہی مضمونِ سورۂ والنور ہی سورۂ واللیل نزول

۶۱
ہے وہ رخسارۂ تابان لبِ خندان انکے پاس
یا کہ نازل ہے قمر سورۂ رحمان کے پاس

صورتِ سورۂ قرآن وہ رخِ روشن ہے
عرش پر نور درخشان وہ رخِ روشن ہے
صفتِ کعبۂ رحمان وہ رخِ روشن ہے
یا قدِ شاہ پہ تابان وہ رخِ روشن ہے

وصف میں ہمکو جو کا لکھنے کی عادت ہے یہ

کاف

٦٢ کاف تشبیہ تحقیق کا قاف زیارت سے ہے

از بس اللہ ہیں محبوب دو عالم واللہ — ابتیقن تحقیق ہی ہمہ عرب میں وہ شاہ
وصف گندمی بھی ہی مذکور لسان افواہ — گندمی رنگ ہے یعنی وہ رخ غیرت ماہ

٦٣ اللہ اللہ جو تشبیہ رخ نور حق ہے
ثقل تشبیہ سے گندم کا بھی سینہ شق ہے

وہ دہن وہ دلستان بخش وہ خط و رخسار — عین قرین کیا ہے قرینے سی بصنع الغفار
کعبہ رخسار ہے خط طاق کعبہ زوار — یا خط سبز و لب فم سی ہوا وہ اظہار

٦٤ طبع غواص جلی آئی ہے قدر مضمون
لب کوثر یہ ہوئی خضر و مسیحا مقرون

وہ دندان ہیں کہ روان لب خندان سہل — یا کہ ہی قلب شفق میں یہ ثریا کا نزول
ہی وہ پشت لب جان بخش تہ خط مقبول — یا کہ آب گہر دندان سے ہے اثبات حصول

٦٥ سبزۂ آب تو ہر جا ہی نمایاں دیکھا
سبزۂ آب گہر آنکھ سی بس یہاں دیکھا

دہن پاک میں اسرار نہان ہیں محفوظ — اور خفیات قدم نوک زبان میں محفوظ
لوح اعلی میں جو راز دو جہاں ہیں محفوظ — دیکھلو اوسکا نمونہ وہی یہاں ہیں محفوظ

٦٦ لوح محفوظ میں مکتوب ہے سین یاسین
یہاں ہیں محفوظ وہ دندان سین یاسین

فکر توصیف دہن میں ہے گم سر حواس — گر تشبیہ تحقیق وہ لائی جو تشبیہ قیاس
دل ابھی کو یہاں جب ہوئی امید ہے یاس — وصفہ [illegible] فیہ شفاء للناس

٦٧
اور تقدیر حسن اشیا کے لیے تھی ساتر
دہن پاک محمد سے ہوئین یہان ظاہر
(وصف ثانی — پردہ دار)

اللہ اللہ نبی کی وہ زبان عربی
سن کے اوس افصح عالم سے بیان عربی
طفل مکتب ہین جہان پیر و جوان عجمی
رنگ گئی سن ہی فصیحان لسان عربی

٦٨
صادق فیہ لسان عربی انجم
قولہ کان شفاء لصدور العالم

وہ زبان مورد قرآن ہی سبحان اللہ
ساقی چشمۂ حیوان ہی سبحان اللہ
ماہی کوثر عرفان ہی سبحان اللہ
خاتم حجت سبحان ہی سبحان اللہ

٦٩
آیت اللہ است کہ در شہر حدوث آمدہ است
ترجمان قدم از بہر حدوث آمدہ است

کری محشر کو جب اللہ کی قدرت پیدا
اس معانی کی وہان جاہے ہے صورت پیدا
(مراد زبان مبارک)
تو تکلم سے وہان سب کو ہو ہیبت پیدا
اسکے جوہر سے ہی وہان عرض شفاعت پیدا
(حضور رب العالمین)

٧٠
اذن رحمان سے شفاعت کے لیے ہو گویا
وہ زبان یوم فلا تسمع الا ہمسا

عمر بھر نطق ہوا سے وہ زبان بھی خاموش
ذکر رویت میں جو وہ بحر بیان ہے پر جوش
(دیدار الہی)
کلمات ابدی سنتی ہی گویا ہی گوش
ہوئین موسی طرح اہل سماعت بیہوش

٧١
محض فی حاشیہ ذوق ہمین ہی وہ زبان
قوت سمع و بصر بھی تو نمایان ہے وہان

لذت شربت دیدار حق اوس سے پوچھو
ذوق وحالی لقا حق اوس سے پوچھو

لطف

لطفِ کیفیتِ اسرارِ حق اوس سے پوچھو
ذکر میں غیر پہ اظہارِ حق اوس سے پوچھو

حق تو یون ھی کہ جو حق گوئی وسیلہ کا حق ھے
۲ے حق محسوس مین پوشیدہ یہ گویا حق ھے

صدق ہر لحظہ تصدق کے لیے ھی موجود
اسطرح کذب سیہ رو ھی و نا النی نابود
سنجا صدق ھی ہر دم وہ زبان محمود
صبحِ صادق سی ھی جسطور کہ کاذب مفقود

ینطقُ الحقُّ علیہ بخفاءٍ للناس
۳ے ما و فی القول فمن اصدق من رب الناس

بالیقین ھی سخنِ ربِ کریم اوسکی حدیث
کیا بیان کرتی ھی اسرارِ قدیم اوسکی حدیث
واہ کیا کچھ ہوئی ذی شانِ عظیم اوسکی حدیث
بحرِ معنی سی ھی وہ دُرِّ یتیم اوسکی حدیث

کہ جہان ھی دُرِ قلبِ دو جہان حلقہ بگوش
۴ے بر و بحر و صدف گوہر و کان حلقہ بگوش

اب وام میری ہون قربان بانِ امی
ہوئی جبریل سی تعلیم بیانِ امی
اللہ اللہ ھی کیا رفعتِ شانِ امی
کیون نہ دارین مین اعلی ہو مکانِ امی

ملکِ اُمِ قری آج وھی امے ھے
۵ے منزلِ امِ کتابِ ابدی امی ھے

پست ہے فلک کی وسگر دنِ عالی سی نظر
سرنگون ہان ھین سلاطینِ جہان داور
وہ سرافرازی کونین ہے زیبا اوسپر
طوقِ تسلیم مین اوسکی الٰہی رکھی ہوئے سر

اللہ اللہ وہ عالی عشقِ احمد ھی
عشقِ کون و مکان اوسکی طرف ممتد ھی

۷۶

حسنِ گردن وہ گلوسوز ہی سبحان اللہ
وہ بیاضِ الیِ ال فروز ہی سبحان اللہ
شب کا کل مین عیان روز ہی سبحان اللہ
ستّرِ علم و حِکَم آموز ہے سبحان اللہ

۷۷
کیون نہ اوس گردنِ مینا کا جہا مین غلغل ہو
قُل ہو اللّٰہ جہان زمزمۂ قلقل ہوئے

صبح دیباچہ ہی یہ بھر بیاضِ گردن
سوختہ رشک سے ہے شمعِ حرم بھی ہمہ تن
شمع کافور کہان اوسکی مقابل سے قرن
سحرِ جنتِ فردوس ہی گویا ابین

۷۸
حسن کے شان سی ہی جنتِ عدن ظاہر
فخرِ عدنان سی ہے جنتِ عدن ظاہر

ہوی سر آگنے گردن پہ تو ظاہر ہوا صاف
یا کہ ہی طور کی چوٹی مین معنبر موباف
کہ پڑا کعبہ پہ نور پہ مشکین یہ غلاف
نور و ظلمت مین بھا ہے یہی قولِ مصاف

۷۹
رات دن جمع ہین کیا حسن کا اعجاز ہے یہہ
جمعِ اضداد مین ہر حسن سے ممتاز ہی یہ

صفتِ مہرِ نبوت ہو تو کیا ہو مرقوم
ہوئی وس مہر کی تشبیہ اگر اوس سے مسموم
رمزِ مہرِ ید قدرت ہو کھا لسنی معلوم
ہو روان بیض حمامہ سی رحیقِ مختوم

۸۰
زرِ حجلہ کی شبیہ اوسکو اگر کیجے بیان
موردِ رشک ہی چشمِ عروسانِ جنان

مہر ہی چرخِ رسالات پہ وہ مہر مبین
اوس سے پیدا ہیں جبینِ ملکا فرِ لگی مہر مبین
قلبِ مومن مین ہے صدق اوسکی سبب نقشِ نگین
طبع اللہ کا مصداق ہی وہ قلبِ لعین

دفترِ دل ضمین مقبول ا باس مہر لغیر

۸۱
بے سند ہین خطِ اعمال سب اس مہر بغیر

کیونکہ اوس مہر سی ہم رنگ ہو مہرِ انور
کونسی مشک سنی ہوگی وہ مدادِ اظہر
روشنائی یدِ قدرت نی لگائی جسپر
بس گیا بوئی قدس سے جو وہ مہرِ دفتر

۸۲
دیکھو جس راہ سی محبوب گذر جاتی ہین
اوسی خوشبو کو دماغ سحر وجان پاتی ہین

اب ہے راہِ سعادت نظر آتی ہی فقیر
ہے جہان تک دبستہ سمین کے نظیر
صفت ساعد مسعود بھی ہوئی تحریر
کہ کہان مشتمل خلق کہان صنع قدیر

۸۳
آستین جلوہ ساعد سی ہے فوارہ نور
یا کہ روشن ہی وہ فانوس مین شمع کافور

دستِ قدرت سے ہے دستِ نبی کیسے خوب
دستِ گل ہے تو رگِ گل سے ہین بہتر خوب
اور خطِ دستِ مبارک ہین عیان ایسی خوب
ہاتھ ملتا ہون کہ کیا لکھدون ہین جیسی خوب

۸۴
لوحِ محفوظ کفِ رشکِ یدِ بیضا ہے
یا یمِ جود و سخاوت پہ یہ کف آیا ہے

کیا لکھون خوبیٔ انگشت ودادِ احمد
اخذِ مضمون سے ہوا میرے قلم کا شل ید
رہ گئی گردن فکر اوسکی طرف کو ممتد
این بگفتیم صفتش کاشکے مقبول فتد

۸۵
ہین وہ انگشت وکف دستِ رسول ایسی قرین
ید قدرت سے ہوئی لوح و قلم جیسی قرین

رفعِ سبّابہ جو ہی عادتِ محمود خصال
عید سنت کا ہی وہ ناخنِ انگشت ہلال
تو عمل ہمکو بھی مسنون ہے آج اوسکی مثال
اور دکھاتا ہی ہمین طلعتِ محمد کا جمال

٨٦
مائل دید ہوا ایک جہان اوسکی طرف
ھین تشہد مین اشارات بنان اوسکی طرف

اوبر لکھون صفت سینۂ صافی بنیاد ۔ آب آئینہ روان آئی پی صرف مداد
سینہ ھی لوح جہان جملِ اخلا آئی یاد ۔ یا کہ عرش اوس سے ہوی شرع جہا نمین ایجاد

٨٧
حولِ حق دیکھلو قلب صفت اولی مین
شرع موجود ھے قلب صفت آخر مین

ھی وہ آرام دل و سینۂ انسان سینہ ۔ ہول دل کی لئی ھی آیت رحمان سینہ
زندگی بخش ھی جون چشمۂ حیوان سینہ ۔ خطِ اسود سی ھی یا صفحۂ قرآن سینہ

٨٨
خطِ باریک سے مقرون ھی وہ صدرِ انور
یا کھنچی جدولِ شکین ھے الم نشرح پر

بالیقین مطلعِ انوارِ الٰھی وہ ھی ۔ سر بسر مخزنِ اسرارِ الٰھی وہ ھی
مورد و منظرِ انظارِ الٰھے وہ ھے ۔ حاملِ سنجتِ دیدارِ الٰھی وہ ھی

٨٩
آمد و رفتِ نفس سے ھی یہ اوسکی تمثیل
شیشۂ ساعتِ اوقاتِ تجلّی جلیل

اس ید کلک مین وصفِ کمر آئی کیونکر ۔ رشتۂ جان کبھی تصویر بنائے کیونکر
اعجب الخلق کے اسرار کو پائے کیونکر ۔ رمز بیچون کو یہ چون صاف جتائی کیونکر

٩٠
ہو سکا اوسکی ثنا مین ھی مصرع موزون
کام اوسکا ھی قیام اور رکوعِ بیچون

اب ھی نعتِ قدمِ پاک کی تقدیم اھم ۔ ظرفِ خیرات و سعادات ھے جسکا مقدم

قدم

قدمِ صدق ھی محسوس میانِ عالم
اقدم ہر متقدم ھے بدرگاہِ قدم (سابق ۱۲)

۹۱ پا ئینگے اوسکی حقیقت کو جبھی خاص و عوام
اوسکو اقدام ہو جب یومِ تزلّ الاقدام (روز قیامت ۱۲)

ملی تعویذ جو نقش اوس قدمِ اکرم کا
خواست کو کبھی پہر مرضِ لغزش پا
ناخنِ پاہی بنی آج ھی وہ عقدہ کشا
ناخنِ عقل فلاطون کو جو ہو یہ دعوا

۹۲ شرف اوس ناخنِ پا کا نکہیے پائی وہ عقل
ناخنِ شیر اوسیکے لیئے بنجائی وہ عقل

کیونکی خاموش ہو جہان طوطیِ خامہ کے زبان
آئینہ ھی قدم صافِ نبی جسپہ عیان
وہان ھی ہر ذرّہ خاکِ قدم الیاذ ی شان
درّۃ التاج شہان ھی لقب اوسکا شایان

۹۳ آج کس سر کے نصیبونمین ھی یہ اوجِ عروج
فرش پا ھے جو محمد کے لیئے ذاتِ بروج (یعنی آسمان ۱۲)

شمع کاشانہ عالم ھین مقرر دونون (یعنے قدم مبارک ۱۲)
اون سی بطحا و مدینہ ھین منور دونون
اونپہ قربان یہ مر دیدی ھین اور سر دونون
بوسگہ لبِ مشتاق ہون کیونکر دونون

۹۴ حاش للہ کہ بود رتبہ خاک و خاشاک
کہ نشو خی بودش قربت آن عالمِ پاک

بارک اللہ سراپا کا جب اتمام ہوا
خواب مین حضرتِ مرسل نے قدم رنجہ کیا
خیر مقدم مری ہر مونی زبان نکلی کہا
فرطِ شادی نے مگر پہر مجھے ہونی ندیا (میرے ۱۲)

للہ الحمد کہ جو دیکھ لیا کافی ھے
یہی دنیا مین سراپا کا صلا کافی ھے

۹۵

ہی باقی ہی فقیر اب تو تمنا میری — خاک ہو شہر مقدس مین سراپا میرے
ختم ہو جای مدینی مین دنیا میرے — زیر اعقاب محمد رہے عقبے میرے

۹۶

ہو وہان میرے لیے صفّ نعال احمد
چشم مشتاق رہے محو جمال احمد

ربنا صل علی روح رسول الثقلین — وعلی آلہ الاخیار بخیر الدارین
جنکی تمثیل مین فرماتی ہین شاہ کونین — کشتی نوح مین گویا یہ ہرکے قرۃ عین

۹۷

ہو رکوب انکی اطاعت کے سفینے مین نصیب
قربت اونکی مجھے یارب ہو مدینی مین نصیب

اور صحابہ پہ نازل ہو تحیات وسلام — ناسور صاحب فن ہین جنمین ہوا نام امام
اونکی توصیف مین وارد ہی نجوم الاسلام — اقتدا اونکی ہدایت ہے لیے خاص وعوام

۹۸

گو عمیق آج ہے گرداب جہان اپنی لیے
یہ نجوم اور وہ کشتی ہے امان اپنے لیے

یا خدا شہر نبی کا شرف افزون ہو — جو محب اوسکا ہی فردوس ہے وہ مقرون ہو
اور جو دشمن ہے مدینے کا تو وہ ملعون ہو — سجن سجین کا عقبے مین وہی مسجون ہو

۹۹

بعضے کہدیتی ہین ایسا بھی تو بیعقل و شعور
کہ مدینی کی زیارت نہین کچھہ ایسی ضرور

لاتشدوا کی حدیث آئی ہی بیشک مرفوع — مگر اوس سے نہین قصد زیارت ممنوع
جسمین مد کو ہی محذوف نکالے ہے شروع — تو ہوا وسوسۂ کل ہو مشوش مدفوع

ہی شارع مین مفرّع جو یہ استثنا ہے

فارغ

۱۰۰	فارغ اس وہم سے مقصود مین دل میرا ہے	
	مورد وحی ہی اور منزل تنزیل ہی وہ جائی تسبیح ہی اور موقع تہلیل ہے وہ	راحت روح ہی اور مہبط جبریل ہی وہ مصدر تعظیم ہی اور بلدہ تبجیل ہی وہ
۱۰۱	مصطفی کا جسد پاک ہے اوس تربت مین وہ حبیب صمد پاک ہی اوس تربت مین	
	ہے خس راہ وہان قفل تمنا کی کلید عود اوسکا ہو جو ہر روز تو ہر روز ہو عید	خشت بام اوسکی ہی خورشید سماے تجدید کیون نہ اوسکے لئے ہو دلکو یہان شوق فرید
۱۰۲	موقف سرور عالم ہے مدینہ واللہ قدر مین مکہ سے کیا کم ہے مدینہ واللہ	
	ہے وہ آباد تو ہر جسم مین ہے جان آباد کعبہ مسلمین ہی اوسکی سبب ایمان آباد	اوسکی تعمیر سے ہے ہر دل ویران آباد یا الٰہی رہے وہ خانہ جان کا آباد
۱۰۳	اور وہ معمورہ ہو معمور تری رحمت سے دور طینہ نہ ہین دور تری رحمت سے	
	کیونکہ ہے ہو مدح نبی سر دو لونسی مرقوم کیا ہوا آپ مین آیا بھی اگر عکس نجوم	وہ تو ممدوح ہین اور اپنا علم ہی مذموم عالیہ سا فلہ ہو جائے نہین یہ مفہوم
۱۰۴	بیان محیط اسکا کوئی بار خدا یا کب ہو فکر اونسے مین محاط آج وہ اعلی کب ہو	
	جو بیان مجھسے سراپا مین ہوئی شبہ و نظیر کیونکہ اوسکی بھی شبہ ہی یہان فرات لبشیر	تو کھلا یہ کہ مشتبہ بہ نہین ذی توقیر مدح مین مجھسے سراپا ہی تقصیر فقیر

خالق حسن محمد سے یہ مستغفر ہون
عفو تقصیر ہو یارب مری مین قاصر ہون

ذکر مرشدی و استادی صاحب مقامات رفیع مدفون جنۃ البقیع حاجی حرمین شریفین نائب رسول الثقلین مولانا مولوی مظفر حسین کاندہلوی ادخلہ الرحمن فی فرادیس الجنان ؁

کہان ہین شیخ زمان نائب رسول اللہ — بذکر دل و جان نائب رسول اللہ
یہ کہتے تھے اولو الابصار دیکھکر اونکو — کہ ایسے ہوتی ہین ہان نائب رسول اللہ
تھوئی چشمہ حیوان سے بھی جہان کو وہ فیض — جو تھی وہ فیض رسان نائب رسول اللہ
یہ انکھین ہوگئین حیران قدسیون کی شکل — کہان ہین قطب جہان نائب رسول اللہ
جو خواب مین بھی دکھائین تو کور بینا ہو — وہ شکل نورفشان نائب رسول اللہ
وہ تھی مظفر و منصور بلک خیر دو کون — سعید کون و مکان نائب رسول اللہ
سنن عمر تھی معمور سنت النبی تھی — وہ جسم شرع کی جان نائب رسول اللہ
وہ کیا ہے حب مساکین دلمین تھی جو بھی — محب خستہ دلان نائب رسول اللہ
ہماری انکھونمین پہرتی ہین وہ جو رہتی تھی — رہ خدا مین روان نائب رسول اللہ
کہان جہان مین مہمان نواز ایسی کہین — کہین ہین ایسی کہان نائب رسول اللہ
وہ حضرت عربی کی طرف سی مخبر دین — مقیم ہند تھی یہان نائب رسول اللہ
جہانمین سنت مردہ کو زندہ کر گئی وہ — سنا گئی اپنا بیان نائب رسول اللہ

اگی

الٰہی ہوں میں مظفر حسین مختر ہیں
مقیم قصر جنان نائب رسول اللہ

نصیب مجکو بھی ہو کاش وہی گئی جسطور
در رسول پہ جان نائب رسول اللہ

بقیع پاک مدینہ میں وہ ہیں ہوں یہاں
کہاں فقیر کہاں نائب رسول اللہ

نور نظر اہل نیاز ذکر حسن و خوبی نماز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خالق نے کیا بنائی ہے نور نظر نماز
اندھیر تھا جہان میں خوبی اگر نماز

پڑھتی ہیں خوف حق سے جو با چشم تر نماز
اونکی لیے بجھائیگی نار سقر نماز

سوئینگے قبر میں وہ ہی آرام سے جو یہاں
پڑھتے ہیں نیند چھوڑ کے وقت سحر نماز

رہتا ہے جنکو فکر نمازوں کا رات دن
گویا وہ پڑھتے رہتے ہیں آٹھوں پہر نماز

وہ کونسی ادا ہے جو ہوتی ادا نہیں
بیٹھوں سی ادا نہیں ہوتی مگر نماز

کانوں میں بس اذان و اقامت تو ہو چکیں
باقی رہی فقط تری اے بیخبر نماز

تھوڑی سی زندگی ہے تو غافل ہے کسقدر
آجائیگی قضا تو قضا اب نکر نماز

اے بے نمازو سنگدلو سر جھکاؤ تم
دیکھو تو پھر دکھاتی ہے کیا کیا اثر نماز

مرتے ہے بے نماز تو تم اسے نمازیو
پڑھتے ہو کیوں جنازہ ناپاک پر نماز

جنکو یہاں نماز کا ڈر ہے تو کیا عجب
اونسی دکھائی حشر کا خوف و خطر نماز

سرسبز اس نہال کو آب وضو سی کر
لائیگی پھر تو میوہ جنت ثمر نماز

اونکے لیئے بنائیگی یہ گہر بہشت مین
دنیا مین جنکی دلمین بناتی ہی گہر نماز

حاضر تو ہر نماز مین رکھہ دل کو ای فقیر
کچھہ تو سمجھہ کہ تو ہے کہان اور کدہر نماز

حاضر ہے جو جنکا یہان دل نماز مین
طی کر گئے وہ عشق کی منزل نماز مین

ہین وہ سب سنت اور اونمین فرض قیام ہے
پر قطع کرتے ہین وہ مراحل نماز مین

فرماتے ہین نبی کہ جلادون مین انکی گہر
ہوتے نہین جو انکے شامل نماز مین

دنیا کے کام کیسے ہے مشکل مین سہل ہین
مشکل یہ ہی کہ پڑ گئے مشکل نماز مین

گر طاقت قیام نہووے مریض کو
ہو جائیے بیٹھے بیٹھے ہی شاغل نماز مین

یہ بھی نہو تو لیٹے ہی لیٹے پڑھے نماز
پہر بھی ثواب ہے وہی حاصل نماز مین

پانی سے ہو ضرر تو تیمم سے کر ادا
یہ بھی تو ہی طہارت کامل نماز مین

دنیا کے کاروبار مین وہ انا بہت برے
دیکھا تو بس نکلتی ہین جاہل نماز مین

غسل و وضو کے وہم سے اللہ کی پناہ
کب ہے ہم ہوئی دنیا ہی داخل نماز مین

ای وہمیو خدا ای ڈرو کیا غضب کیا
شیطان کو انکے تمہی کر لیا شامل نماز مین

یہ وہم چہوڑو اب تو خدا کے لیے ذرا
اللہ کی طرف رہو مائل نماز مین

کچھہ بھی رہے نہ دلمین پہر اللہ کے سوا
جو دل رہے نماز کے قابل نماز مین

کیا جانئے گے نماز کو دنیا کے بیوقوف
رہتی ہین محو دین کے عاقل نماز مین

سچے نماز مین وہ ہے باندھی ہوئے مین بات
دنیا سے باندھتی ہین جو محمل نماز مین

افسوس تو نماز تو پڑہتا ہے ای فقیر
پر دیکھتے ہین ہم تجھے غافل نماز مین

جو

جو نمازی ہین وہ ہین جنت کا باغ آیا ہی ہات
صرف کر راہِ خدا مین رات دن اوسکو تمام
بوی جنت تیز ہی اور ہمکو یہ ڈر ہی کہ یہان
قبر مین ہرگز نگھبرائینگے وہ اس سے
طوطیٔ دلکو اب آئینہ نمازون کا دکھا
کیون نہ وہ مخدومِ حورِ عین ہون سرورِ عیش

بے نمازو نکو فقط دوزخ کا داغ آیا ہی ہات
تجکو اے نسیان اگر نقدِ فراغ آیا ہی ہات
بوی عصیان سے بہت ضعفِ دماغ آیا ہی ہات
جنکو یہان ایمان کا روشن چراغ آیا ہی ہات
چھوڑ دی جو دوسو نکا تجکو زاغ آیا ہی ہات
وہان پہ غلمان سے جنکو ایاغ آیا ہی ہات

ہی اگر جنت کو جانا چل مدینی کو فقیر
راہِ جنت کا یہی مجکو سراغ آیا ہی ہات

جو نمازی ہین وہ ہین سایۂ رحمان کے تلی
بے نماز اب بھیجے نمازون کے لیے گھر سے نکل
گرم بستر سے نہ اوٹھنی کا مزا پائیگا وہان
بے نماز آج جو اک جنبشِ مژگان بھی جیا
وقتِ تکلیف مین جاتی ہین جو مسجد کے طرف
بے نماز اب بھی ہو خارکشِ کفر یہان

بے نمازون کی ہی جا مرقدِ شیطان کے تلے
ایک دن ہوئیگا تو خاکِ بیابان کے تلی
جبکہ دب جائیگا تو آتشِ سوزان کے تلی
نیشِ عقرب وہی وہان تنگ ہی گی جان کے تلی
چین مین ہونگے وہ روضۂ رضوان کے تلی
اب بھی آ جلد کہ ہین گلشنِ ایمان کے تلے

ایک سجدہ بھی فقیر اپنا جو ہو جائی قبول
تو رہوینگے ہمین رحمتِ سبحان کی تلے

یاد کرتی ہین ہر لحظہ جو اوس نام کو تو
چین سے کاٹی ہی پل تو رہا کرتی چین
دین کی کام مین رکھ اپنی تئین پختہ مزاج

ای نماز سنہ مین بنی ہی مرے کسکام کو تو
رہی آرام سے یہان چھوڑی جو آرام کو تو
چھوڑ دنیا کے سراسر طمعِ خام کو تو

دلمین جو آتی ہی کرتا ہی وہی ای غافل — سوچتا کچھ بھی ہی ہر کام کے انجام کو تو

کس لیے جسم پہ آسر ہی تو بس خاکمین مل — سجدہ کرتا ہے نہین جو خالقِ اجسام کو تو

بے نماز اب تو محمد کی بھی پیغام کو سن — کہ سنا چاہتا ہی موت کے پیغام کو تو

اس سے بہتر ہی بھلا کونسا کام ای ناکام — نمازون کے لیے چھوڑ کے ہر کام کو تو

باوضو چلتا ہی جب گھر سی تو مسجد کی طرف — گویا باندھی ہو جاتا ہی احرام کو تو

جسم حاضر ہی تو رکھہ دل کو بھی حاضر ہمین — ای مسلمان نمازی تو ہوا نام کو تو

پنجگانہ تجھے لازم ہی جماعت سی نماز — ورنہ وہان پائیگا الله سے الزام کو تو

قبر کا سونا بھی یاد آتا ہے سنسد والے — سوچتا یہان تو ہی آسایش اندام کو تو

پھر تو بار عمل بد سی سبکدوش سے ہے — یاد رکھی جو فرشتون کی بھی الہام کو تو

الکیاں یون ہی ہین گذر رات سب جین لگے — دیکھتا کیا ہی گذرتی سحر و شام کو تو

خانۂ دل جو کیا فکر عمارت مین خراب — سر پہ لیجائیگا کیا اپنے در و بام کو تو

کر عمل روز قیامت کے لیے اب تو فقیر
بس غنیمت ہے سمجھ زیست کے ایام کو تو

رخ محشر سی جو کل ہوگیا پردہ اولٹا — منہ کو آجائیگا ہیبت سے کلیجا اولٹا

اب تو اولٹا ہی ہے او سیرجی گرمی ہی کیا بس — ہائی اوس دن تو یہ خورشید بھی ہوگا اولٹا

بے نمازون کے بھی کھل جاتی حقیقت سب کی — ایک نیکے نہین مر کر جو پھر آتا اولٹا

ہیچیا و ہین شرماتے نصیحت سنکر — اور الزام ہمین دیتے ہو ہیچیا اولٹا

بے نماز اب بھی جھکا سر کو دگر نہ اوسدن — سر تجھے قتل قدم لیکے چلیگا اولٹا

لیتے مردو وہی کچھی ہین دنیا کے غلام — اب زوال کے لیے کون ہو سید با اولٹا

اوس سے کہدو جو بھی ہی تو جہنم مین ضرور
سر کے بل جائیگا تو ای سنگ دنیا اولٹا

سیدہا ہو جائیگا دل وسکا مقرر جسنے
اپنا منہ خاک پہ سجدہ مین ہے رکھا اولٹا

اب بھی سیدہا ہو نماز ہی ہو وگرنہ اوس روز
ہو گیگا نامہ اعمال کا پڑہنا اولٹا

بیٹھ کے پیچھے وہان پڑہ سکیگا جب تجھے
یہ کھیگا مری تقدیر کا لکھا اولٹا

ایسا پچھتائیگا افعال سے اپنی اوسدن
رب سے چاہیگا تو دنیا مین پہر آنا اولٹا

نہین لگتی عادت یہ کہ پہر لائی بھی
آج اعمال مین سیدہا رہی تو پا اولٹا

پہر سے تا ایک جھکائیگا عبادت مین جو تو
جان رکھنا کہ رہیگا تو سراپا اولٹا

جو دکھانیکو سنانیکو تو کرتا ہی عمل
وھین جاتا ہی ترے منہ پہ وہ مارا اولٹا

یاد مولے کی سوا چین نہو دل کو فقیر
کاش دنیا سی اب ہٹیا ہو دل اپنا اولٹا

وفا سی پہر ہماری تمھین جفا ٹہیرے
یہ بے نمازون سے کہنا کہو یہ کیا ٹہیرے

ہر ایک کام مین ہی تمکو بے نماز و مزا
مگر نماز ہی کیون ایسی بے مزا ٹہیرے

غضب تو یہ ہی جو لاکھون مرض ہین تمکو لگی
تو نفرت اوس سے ہے جو درد کی دوا ٹہیرے

نماز پڑہ کے ٹھکانا بہشت مین کر لو
تمہاری جا بہی تو دوزخ مین نہ جا ٹہیرے

ہر ایک کام تو ہمت سے اپنے کرتے ہو
نماز چھوڑنی مین مرضی خدا ٹہیرے

یہ پنجگانہ نماز ایسی ہی کہ جسکے سبب
جہان مین بالغہ نصرہ پارسا ٹہیرے

نمازین چھوڑتی ہین وہ نہین حیا سی بہت
جو بے حیائی ہی فسوس وہ حیا ٹہیرے

سزا یہ سر جھکانا دکھائیگا اوسدم
یہ جان ہو گی حلقوم مین جو آ ٹہیرے

خدا سی غرم ہائی قضا سی تو نہ ڈرا
بہت نمازون کی ای بیحیا قضا ٹہیرے

یہ دیکھا چاہیی کسدن شروع ہوگی نماز — تری صلاح تو پڑھنیکے بار ٹھہری
جلایا جان کو دوزخ مین چھوڑ چھوڑ نماز — نہ ٹھہری راحت جان جان پر بلا ٹھہری
نماز روزہ مین رکھہ سنت نبی کا لحاظ — رضا مین اونکے ھی اللہ کی رضا ٹھہری (ترک نماز مین ۱۲)
نماز یونکی لیی قصر سیم و زر ھین جہان — تو خاک جا ہی سجود انکی کیمیا ٹھہری (رسول اللہ)
رھی ہمیشہ عبادت تو دل رھی ہی صاف — کہ جیسی ہتی ھی آئینہ پر جلا ٹھہری
نکروہ کام جو بدعت ہی یاد رکھہ انسان — وہ کر تو جسمین ہو مرضی مصطفی ٹھہری
یہ مجبی بدعت دین سنکی تو جو جلتا ھی — دعای خیر تری حق مین بد دعا ٹھہری
مبارک اونکو بہشتونکی لذتین یارب — ہمیشہ جنکی غم آخرت غذا ٹھہری
یہان سی چلنی کا رکھہ فکر کیونکہ یہ دنیا — مسافرون کی ہمیشہ سی ھی سرا ٹھہری

ڈرو خدا سی اری غافلو نماز پڑھو
سنو فقیر کی اب تو بھی صدا ٹھہری

تمام شد

خاتمة الطبع من العبد الحقیر محمد حسین الفقیر فی ذکر المطبع الفاروقی

آج انعام خدا مطبع فاروقی ھی — شہر مین دارہ ہی مطبع فاروقی ھی
صاف و مطبوع یہان کیون نہو ہرتی مطبوع — مسکن اہل صفا مطبع فاروقی ھی
کیون نہ تصحیح کتب سی ہو شفاء الاسقام — صحت سقم کی جا مطبع فاروقی ھی
کیا کسی شیعہ سی کچھ سیکھہ لیا یہ کہنا — وہ جو کہتے ہین برا مطبع فاروقی ھی

کیون نہ ہو سایہ دیوار سی بھاگی شیطان	کس سے منسوب ہوا مطبع فاروقی ہی (یعنے نام فاروق سے ۱۲)
کھد و بدعت کے مریضون کو چلی آؤ یہان	کھل رہا دار شفا مطبع فاروقی ہے
نہر احیای علوم اس سے رواں ہے ہر سمت	چشمۂ آب بقا مطبع فاروقی ہی
حق کو باطل سی جہان فرق ہی ماشاء اللہ	فارق حسن و خطا مطبع فاروقی ہی
اسمین مطبوع ہوئی بس کتب دین کے نسخ	درد مندون کی دوا مطبع فاروقی ہی
کیون معظم نہ ہو وہ جی حین معظم جن سی	آج ممتاز بنا مطبع فاروقی ہی

دیسی آبادی مطبع کی دعا ہے کہ فقیر
دل ویران کی سرا مطبع فاروقی ہے

قطعات تاریخ کلیات فقیر من فقیر بعربی و فارسی و ہندی

له الحمد والشکر قد جاءنا	کتاب بتوصیف خیر الانام
وفی عامه من فواد لفقیر	الا انتما هنا فلح مسک الختام

۱۲ ۱۹

ایضاً منہ بفارسی

از قالب طبع شد برون نظم فقیر	هر اهل نظر کتاب نعت نغز گفت
تاریخ تمام طبع هم طبع فقیر	دیوان فقیر باب نعت نغز گفت

۱۲ ۹۱

ایضاً منہ بہندی

ہی فضل محض رب کبیر و قدیر کا	مداح مین بھی ہون جو بشیر و نذیر کا

قید حدید بیخودی ورنہ وہ تھے ؛ | ہو جس سے اذن وسعت نعت بشیر کا

گویا کہ لطف حق سے یہ تحریر مدح میں | میں ہوں محرر آج رقاب اسیر کا

ما فی الضمیر مدح نبی ہے الٰہی شکر | حاضر ہے یہان ضمیر میں جوہر ضمیر کا

مقبول بارگاہ سلیمان ہو میری نعت | وہان اور یہ اقتدار ہو مور حقیر کا

سلطان دوسرا کا ثنا خوان ہو فقیر | ذرہ غزل سرا ہوا مہر منیر کا

شبنم کو وصف چشمۂ خورشید کی مجال | وصاف قطرہ کیونکے ہو بحر کبیر کا

ہان رحمت خدا سے یہ امید ہے مجھے | رتبہ ہو آب شور کو بھی جوی شیر کا

اپنے رسول تک بھی پہنچا دے اسکو پھر | دنیا میں ملتجی رہوں میں کس سفیر کا

گر یہ تحیہ حضرت احمد میں ہو قبول | ہو جای مستجاب جناب قدیر کا

دیوان مدح ختم ہوا آج اے فقیر | اب لکھنے کیا ارادہ ہے قول اخیر کا

یہ ہے کہ تجکو تیری نبی کو جہان کو
یارب قبول ہوی یہ تحفہ فقیر کا

تاریخ از نتائج طبع عزیز سعید حافظ عبد الرشید صاحب سلمہ اللہ المجید

جب یہ لکھا فقیر صاحب نے | حاوی نعت مصطفی دیوان

لکھے عبد الرشید نے تاریخ | خوب لکھا ہے نعت کا دیوان

ایضاً از فکر اخی احمد جان سلمہ المنان ابن حاجی حافظ محمد یحییٰ صاحب رحمہ اللہ المتعال

طبع گردید چو دیوان فقیر | با ہمہ خوبی و طرز اسلوب

ہاتفم گفت ز روی الہام | سال طبعش کہ بطرز مرغوب

در مطبع فاروقی دہلی باہتمام میر محمد معظم طبع شد